اقبالیات (اردو)

جلد نمبر ۵۷	جنوری - مارچ ۲۰۱۶ء	شمارہ نمبر ۱

اقبال اکادمی پاکستان

مقالات کے مندرجات کی ذمہ داری مقالہ نگار حضرات پر ہے۔ مقالہ نگار کی
رائے اقبال اکادمی پاکستان کی رائے تصور نہ کی جائے۔

یہ رسالہ اقبال کی زندگی، شاعری اور فکر پر علمی تحقیق کے لیے وقف ہے اور اس میں علوم و
فنون کے ان تمام شعبہ جات کا تنقیدی مطالعہ شائع ہوتا ہے جن سے انھیں دلچسپی تھی،
مثلاً: اسلامیات، فلسفہ، تاریخ، عمرانیات، مذہب، ادب، آثاریات وغیرہ۔

سالانہ: دوشمارے اقبالیات (جنوری، جولائی)　　دوشمارے *Iqbal Review* (اپریل، اکتوبر)
ISSN: 0021-0773

بدل اشتراک

پاکستان (مع محصول ڈاک)	فی شمارہ: -/۳۰۰ روپے	سالانہ: -/۱۰۰ روپے
بیرون پاکستان (مع محصول ڈاک)	فی شمارہ: ۶امریکی ڈالر	سالانہ: ۲۰ امریکی ڈالر

☆☆☆

تمام مقالات اس پتے پر بھجوائیں

اقبال اکادمی پاکستان
(حکومتِ پاکستان)
چھٹی منزل، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور

Tel: [+92-42] 36314-510
[+92-42] 99203-573
Fax: [+92-42] 3631-4496
Email: info@iap.gov.pk
Website: www.allamaiqbal.com

مندرجات

قلمی معاونین

ڈاکٹر عبدالرؤف رفیقی	مکان نمبر ۲۲۱-۲۱/۲۲۰-۸، کاسی روڈ، کوئٹہ
محمد سہیل عمر	سابق ناظم اقبال اکادمی پاکستان، لاہور
ڈاکٹر اقبال بھٹہ	۱۱۲-اے، بی او آر کالونی، جوہر ٹاؤن، نزد جوہر شادی ہال، لاہور
ڈاکٹر نور فاطمہ	اسسٹنٹ پروفیسر، مولانا آزاد انٹرنیشنل اردو یونیورسٹی، لکھنؤ کیمپس، لکھنؤ، انڈیا
ڈاکٹر یاسمین امین	لیکچرر، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین، قصور
ڈاکٹر طاہر حمید تنولی	معاون ناظم ادبیات، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور
حسنین عباس	معاون، ادبیات، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور

متون اقبال میں بعض مشاہیر افاغنہ کا تذکرہ

ڈاکٹر عبدالرؤف رفیقی

علامہ چونکہ افغان قوم سے خاصے متاثر تھے چنانچہ ان کے کلام میں جا بجا افغان مشاہیر کے لئے توصیفی وتعریفی نکات ملتے ہیں۔ ذیل میں حروفِ تہجی کے ترتیب سے ان مشاہیرِ افاغنہ کا مختصر سوانحی تذکرہ اوران سے منسوب پہلے اقبال کا اردو کلام اور بعد میں فارسی کلام درج کیا جاتا ہے۔

احمد شاہ ابدالیؒ :

نام: احمد خان مشہور بہ احمد شاہ درانی ابدالی

ولدیت: زمان خان سدوزئی

تاریخ ومقامِ پیدائش: ۱۱۳۵ھ ق/ ۱۷۲۳ء ہرات

وفات تاریخ و مقام: ۲۰ رجب المرجب ۱۱۸۶ھ ق بمقام توبہ اچکزی درہ کوڑک ضلع قلعہ عبداللہ تدفین بمقام قندھار۔

دورانیہ حکومت: ۲۵ سال و فاتح پانی پت

آثار و تالیفات:

(۱): دیوان احمد شاہ ابدالی (پشتو) مطبوعہ قندہار، کابل، پشاور، کوئٹہ۔

(۲): علم گنج (موضوع تصوف)۔

(۳): احمد شاہ بابا کے فارسی وعربی اشعار۔[۱]

کلام اقبال میں تذکرہ احمد شاہ ابدالی:۔

نادر ابدالی سلطان شہید

حصہ ابدالی:

مرد ابدالی و جودش آیتی — داد افغان را اساس ملتی
آن شہیدان محبت را امام — آبروی ہند و چین وروم و شام
نامش از خورشید و مہ تابندہ تر — خاکِ قبرش از من و تو زندہ تر
عشق رازی بود بر صحرا نہا — تو ندانی جاں چہ مشتاقانہ داد
از نگاہِ خواجۂ بد رو حنین — فقر و سلطان وارثِ جذبِ حسین[2]

ابدالی

رنہادِ ماتپ و تاب از دل است — خاک رابیداری و خواب از دل است
تن زمرگِ دل دگرگوں می شود — درمسا ماتش عرق خون می شود
از فسادِ دل بدن ہیچ است ہیچ — دیدہ بردل و جز بردل مپیچ
آسیا یک پیکر آب و گل است — ملتِ افغان دران پیکر دل است
از فسادِ او فسادِ آسیا — درکشاد او کشادِ آسیا
تادل آزاد است آزاداست تن — ورنہ کا ہی در رہِ باد است تن
ہمچو تن پابندِ آئین است دل — مردہ از کین زندہ از دین است دل
قوتِ دیں از مقامِ وحدت است — وحدت از مشہود گردد ملت است[3]

برمزار حضرت احمد شاہ بابا علیہ الرحمۃ

موسس ملتِ افغانیہ

ابدالی

تربتِ آں خسرو روشن ضمیر — از ضمیرش ملتی صورت پذیر
گنبدِ او را حرم داند سپہر — بافروغ از طوفِ او سیمائی مہر
مثلِ فاتح آن امیر صف شکن — سکہ ئی زد ھم با قلیم سخن
ملتی را داد ذوقِ جستجو — قدسیاں تسبیح خواں برخاکِ او
از دل و دست، گہر ریزی کہ داشت — سلطنت ہابر دو بی پروا گذاشت
نکتہ سنج و عارف و شمشیرزن — روحِ پاکش بامن آمد درسخن
گفت می دانم مقام تو کجا ست — نغمہ ؟ تو خاکیاں را کیمیا ست
خشت و سنگ از فیض تو دا رائے دل — روشن از گفتارِ تو سینای دل
پیشِ ما ای آشنا ی کوی دوست — یک نفس بنشین کہ داری بوی دوست

اے خوش آں کو از خودی آئینہ ساخت　　　وندر آن آئینہ عالم را شناخت
پیر کردید این زمین و این سپہر　　　ماہ کور از کور چشمیہائی مہر
گرمیِٔ ہنگامۂ ئی می باید ش　　　تا نخستین رنگ و بو باز ایدش
بندۂ مومن سرافیلی کند　　　بانگِ او ہر کہنہ را برھم زند
اے ترا حق داد جانِ ناشکیب　　　تو ز سرِّ ملک و دیں داری نصیب
فاش گو باپورِ نادر فاش گوی　　　باطنِ خود را بہ ظاہر فاش گوی[۵]
از تو ای سرمایۂ فتح و ظفر　　　تختِ احمد شاہ را شانی دگر[۶]

مولانا جلال الدین بلخی رومی:۔

نام: جلال الدین محمد، ترکی میں مولانا اور ایران میں مولوی سے مشہور ہیں۔[۷]

ولدیت: بہاؤ الدین سلطان العلماء

تاریخ و مقامِ پیدائش: ۶۰۴ھ/ ۱۲۰۷ء بمقام بلخ

تاریخ و مقام وفات: ۵ جمادی الآخر ۶۷۲ھ/ ۱۷دسمبر ۱۲۷۳ء بمقام قونیہ

آثار و تالیفات:

(۱): دیوان، فارسی و ترکی اشعار غزلیات و رباعیات۔
(۲): مثنوی معنوی۔ چھ دفاتر پر مشتمل اخلاقی منظوم تصنیف۔
(۳): فیہ مافیہ۔ مولانا کے اقوال کا مجموعہ عنوان ابن العربی کے ایک شعر سے ماخوذ۔
(۴): مواعظ مجالس سبعہ۔ مولانا تک مے اغودو دور دوزلتن احمد رمزی آقیوزق۔
(۵): مکتوبات۔[۸]

کلامِ اقبال میں علامہ کے روحانی مرشد رومی کا تذکرہ:۔

جولانگہ سکندر رومی تھا ایشیا　　　گردوں سے بھی بلندتر اس کا مقام تھا[۹]
گفت رومی ہر بنائے کہنہ کآباداں کنند　　　می ندانی اول آں بنیاد را ویراں کنند[۱۰]
نہ اٹھا پھر کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے　　　وہی آب و گلِ ایراں، وہی تبریز ہے ساقی[۱۱]
اسی کشمکش میں گزریں مری زندگی کی راتیں　　　کبھی سوز و سازِ رومی، کبھی پیچ و تاب رازی![۱۲]
علاجِ آتشِ رومی کے سوز میں ہے ترا　　　تری خرد پہ ہے غالب فرنگیوں کا فسوں![۱۳]
صحبتِ پیرِ روم سے مجھ پہ ہوا یہ راز فاش　　　لاکھ حکیم سر بجیب، ایک کلیم سر بکف![۱۴]

عطار ہو، رومی ہو ،رازی ہو ،غزالی ہو　　کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحرگاہی![۱۵]
یا حیرتِ فارابیؔ، یا تاب وتبِ رومی　　یا فکرِ حکیمانہ، یا جذبِ کلیمانہ[۱۶]
نے مُہرہ باقی، نے مہرہ بازی　　جیتا ہے رومیؔ، ہارا ہے رازی![۱۷]
ملتِ رومی نژاد کہنہ پرستی سے پیر　　لذتِ تجدید سے وہ بھی ہوئی پھر جواں[۱۸]

بالِ جبریل میں نظم پیرومرید میں مولانا رومی اور اقبال کا طویل مکالمہ[۱۹]

ہم خوگرِ محسوس ہیں ساحل کے خریدار　　اک بحرِ پُر اشوب و پر اسرار ہے رومی!
تو بھی ہے اسی قافلۂ شوق میں اقبالؔ!　　جس قافلۂ شوق کا سالار ہے رومیؔ
اس عصر کو بھی اس نے دیا ہے کوئی پیغام؟　　کہتے ہیں چراغِ راہِ احرا ر ہے رومیؔ[۲۰]

جبکہ فارسی کلام میں علامہ نے مولانا روم کو پیر روم ، پیرِ حق سرشت، پیرِ یزدانی، پیرِ عجم ، مرشد روم وغیرہ القابات سے یاد فرمایا ہے۔ ۶۷ صفحات پر کلیات اقبال فارسی میں مولانا کا تذکرہ آیا ہے۔ بعض درج ذیل ہیں۔

پیر رومی خاک را اکسیر کرد　　از غبارم جلوہ ہا تعمیر کرد[۲۱]
ذرہ کشت و آفتاب انبار کرد　　خرمن از صد رومی و عطار کرد[۲۲]
مرشدِ رومی چہ خوش فرمودہ است　　آنکہ ہم در قطرہ اش آسودہ است[۲۳]
مرشدِ رومی حکیم پاک زاد　　سرِّ مرگ و زندگی بر ما کشاد[۲۴]
بوعلی اندر غبارِ نا قہ گم　　دستِ رومیؔ پردۂ محمل گرفت
این فروتر رفت و تاگوہر رسید　　آں بگر دا بی چوخس منزل گرفت
حق اگر سوزی ندارد حکمت است　　شعر میگردد چو سوز ازدل گرفت[۲۵]
شراری جستہ ئی گیراز درو نم　　کہ من مانندِ رومی گرم خونم[۲۶]
رازِ معنی مرشدِ رومی کشود　　فکرِ من بر آستانش در سجود[۲۷]
روحِ رومیؔ پردہ ہا را بر درید　　از پسِ کہٗ پارہ ئی آمد پدید![۲۸]
رومی آں عشق و محبت را دلیل　　تشنہ کاماں را کلامش سلسبیل[۲۹]
پیرو رومی مرشد روشن ضمیر　　تشنہ کاماں را کلامش سلسبیل[۳۰]
نکتہ ہا از پیرِ روم آموختم　　خویش را درحرف او وا سوختم[۳۱]
عطا کن شورِ رومے، سوزِ خسرو　　عطا کن صدق و اخلاصِ سنائے
چناں با بندگی درسا ختم من　　نہ گیرم گرمرا بخشے خدائی[۳۲]

چورومے در حرم دادم اذاں من　از و آموختم آسرارِ جان من
بہ دورِ فتنۂ عصرِ کہن او　بہ دورِ فتنۂ عصرِ روان من[۳۳]

سید جمال الدین افغانی:۔

نام: سید جمال الدین افغانی

ولدیت: سید صفدر

تاریخ ومقامِ پیدائش: اسعد آباد کنڑ ننگرہار افغانستان ۱۲۵۴ھ ق/ ۱۸۳۹ء

تاریخ ومقام وفات: استنبول ترکی ۵ شوال ۱۳۱۴ھ ق/ ۹ مارچ ۱۸۹۷ء حال کابل

آثار وتالیفات:

(۱): ''الردعلی الدھریین''۔ محمد عبدہ نے فارسی سے عربی میں ترجمہ کیا۔

(۲): العروۃ الوثقیٰ۔ پیرس سے آپ کا جریدہ جس کے ۱۸ شمارے شائع ہوئے۔

(۳): تمیۃ البیان فی تاریخ الافغان

(۴): ضیاء الخافقین۔ مقالات

(۵): ''مصر'' اور التجارہ جرائد میں اپ کے مطبوعہ مقالات

(۶): فرانس کے جریدے ''الدیبا'' میں اپ کا مقالہ

(۷): مکتوبات وغیرہ[۳۴]

سید جمال الدین افغانی پان اسلام ازم نظریئے کا بانی، عالمگیر اسلامی سیاسی وحدت کا علم بردار علامہ اقبال کا سیاسی پیشرو۔

کلامِ اقبال میں سید جمال الدین افغانیؒ کا تذکرہ:۔

جاوید نامہ میں فلک عطارد پر پیر رومی کی رہنمائی میں زیارتِ ارواح جمال الدین افغانی وسعید حلیم پاشا نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ ۲۴ صفحات پر مشتمل اس پوری نظم کا حوالہ باعثِ طوالت ہوگا۔ البتہ چیدہ چیدہ اشعار درج ذیل ہیں۔

رفتم و دیدم دومرد اندر قیام　مقتدی تاتار و افغانی امام
پیر رومی ہر زمان اندر حضور　طلعتش برتافت از ذوق و سرور
گفت ''مشرق زین دو کس بہتر نزاد　ناخنِ شان عقدہ ہائے ما کشاد
سید السادات مولانا جمال　زندہ از گفتارِ او سنگ و سفال

ترک سالار آں حلیم دردمند　　فکرِ او مثلِ مقامِ او بلند
با چنین مردان دو رکعت طاعت است　　ورنہ آں کاری کہ مزدش جنت است"[۳۵]

افغانی

زندہ رود ! از خاکدان ما بگوی　　از زمین و آسمان ما بگوی
خاکی و چون قدسیاں روشن بصر　　از مسلمانان بدہ ما را خبر[۳۶]

افغانی (دین و وطن)

لُردِ مغرب آں سراپا مکر و فن　　اہل دین را داد تعلیم وطن
او بفکر مرکز و تودر نفاق　　بگذر از شام و فلسطین و عراق
تواگر داری تمیز خوب و زشت　　دل نہ بندی باکلوخ و سنگ وخشت
چیست دیں برخاستن از روی خاک　　تاز خود آگاہ گردد جان پاک
مینگنجد آنکہ گفت اللہ ھُ　　در حدودِ ایں نظامِ چار سُو
پرِکہ از خاک و بر خیزد زخاک　　حیف اگر درخاک مرد جان پاک
گرچہ آدم برومید از آب و گِل　　رنگ ونم چوں گُل کشید از آب و گِل
حیف اگر در آب و گل غلطد مدام　　حیف اگر برتر نپرد زین مقام
گفت تن در شو بخاکِ رہگذر　　گفت جان پہنا ی عالم رانگر!
جاں نگنجد در جہات اے ہوشمند　　مردِ حُر بیگانہ از ہر قید و بند
حُر ز خاکِ تیرہ آید در خروش　　زانکہ از بازاں نیا ید کارمُوش[۳۷]

حکیم سنائیؒ غزنوی:۔

نام: کنیت ولقب: ابوالمجد مجدود بن آدم سنائی غزنوی

ولدیت: آدم سنائی غزنوی

تاریخ ومقامِ پیدائش: حدود ۴۶۴ھ ق/۱۰۷۱ء غزنین

تاریخ ومقامِ وفات: حدود ۵۴۵ھ ق/۱۱۵۰ء غزنین[۳۸]

آثار وتالیفات:

(۱):　مثنوی حدیقۃ الحقیقہ یاالٰہی نامہ یا فخری نامہ۔

(۲):　دیوان حکیم سنائی۔ مشتمل قصائد، غزلیات، مقطعات، رباعیات وغیرہ۔

(۳):　سیر العباد الی المعاد۔

(۴): کارنامہ بلخ یا (مطائبہ نامہ)۔
(۵): تحریمۃ القلم۔
(۶): مجموعہ نامہ ہائی او۔

سنائی سے منسوب آثار:

(۱): مثنوی بہرام وبھرور یا ارم نامہ۔
(۲): مثنوی طریق التحقیق۔
(۳): عشقنامہ۔
(۴): مثنوی عقل نامہ۔
(۵): مثنوی سنائی آباد۔[۳۹]

کلامِ اقبال میں تذکرہ سنائیؒ:

اقبال نومبر ۱۹۳۳ء میں سفرِ غزنی کے دوران زیارت حکیم سنائی سے مستفیض ہوئے۔ بالِ جبریل میں ان کے مشہور قصیدے کے تتبع میں ایک طویل غزل لکھی۔[۴۰] جو سنائی سے عقیدت کا ائینہ دار ہے۔سنائی کے اس قصیدے کا مطلع و مقطع درج ذیل ہے:

مکن در جسم و جان منزل کہ ایں دون است و آن ولا
قدم زین ھھر دو بیرون نہ نہ اینجا باش و نی انجا
بھرجہ از اولیا گورندار زفتی و وفقنی
بہجہ از انیسا گویند امنا و صدقنا[۴۱]

اقبال کا مطلع و مقطع درج ذیل ہے:

سما سکتا نہیں پنہائے فطرت میں مرا سودا
غلط تھا اے جنوں شاید ترا اندازۂ صحرا!
سنائی کے ادب سے میں نے غواصی نہ کی ورنہ
ابھی اس بحر میں باقی ہیں لاکھوں لولوے لالا![۴۲]

سفر بہ غزنی وزیارتِ مزار حکیم سنائی

آہ غزنی آں حریمِ علم وفن مرغزارِ شیر مردان کہن
دولتِ محمود را زیبا عروس از حنابندانِ او دانائی طوس
خفتہ در خاکش حکیم غزنوی از نوای او دل مردان قوے

آں ''حکیمِ غیب'' آن صاحب مقام　　''ترک جوش'' رومی از ذکرش تمام
من ز''پیدا''اوز'پنہاں' در سرور　　ہر دورا سرمایہ از ذوقِ حضور
او نقاب از چہرۂ ایمان کشود　　فکرِمن تقدیرِ مومن وانمود
ہر دو را از حکمتِ قرآن سبق　　اوز حق گوید من از مردانِ حق
در فضای مرقدِ او سوختم　　تا متاع نالہ ئی اندوختم
گفتم ای بینندۂ اسرار جان　　بر توروشن این جہاں و آن جہاں
عصرِ ما وا رفتۂ آب و گل است　　اہلِ حق را مشکل اندر مشکل است
مومن از فرنگیان دید آنچہ دید　　فتنہ ہا اندر حرم آمد پدید
تا نگاہِ او ادب از دل نخورد　　چشمِ او راجلوۂ افرنگ برد
اے حکیمِ غیب امام عارفان　　پختہ از فیضِ تو خامِ عارفان
آنچہ اندر پردۂ غیب است گوی　　بوکہ آبِ رفتہ باز آید بجوی[۴۳]

اس کے بعد ۳۰ ابیات میں حکیم سنائی کا جواب ''روحِ حکیم سنائی از بہشت بریں جواب می دہد'' زینتِ مثنوی مسافر ہے۔

عطا کن شورِ رومے، سوزِ خسرو　　عطا کن صدق و اخلاص سنائے
چناں بابندگی در ساختم من　　نہ گیرم گرمرا بخشی خدائی[۴۴]
مئے روشن زتاکِ من فرو ریخت　　خوشامر دی کہ دردامانم آویخت
نصیب از آتشی دارم کہ اول　　سنائی از دلِ رومی بر انگیخت[۴۵]

خوشحال خان خٹک:۔

نام: خوشحال خان خٹک

ولدیت: شہباز خان خٹک

تاریخ ومقامِ پیدائش: ربیع الثانی ۱۰۲۲ھ ق/مئی جون ۱۶۱۳ء اکوڑہ ضلع نوشہرہ

تاریخ ومقامِ وفات: ۲۸ ربیع الثانی ۱۱۰۰ھ ق/فروری ۱۶۸۹ء ڈمبرہ تیراہ

آثار وتالیفات:

(۱):　دیوان خوشحال خان خٹک (پشتو وفارسی)۔

(۲):　باز نامہ۔ باز سے متعلق ان کی افزائش نسل، شکار، بیماریوں اور علاج سے متعلقہ۔

(۳): هدایہ۔مشہور فقہی کتاب کا پشتو ترجمہ۔
(۴): آئینہ۔فقہی کتاب کا پشتو ترجمہ۔
(۵): فضل نامہ۔منظوم، فقہی و دیگر مذہبی امور۔
(۶): سوات نامہ۔سوات کی منظوم تاریخ۔
(۷): طب نامہ۔منظوم طبی اصول۔
(۸): فرخنامہ۔تلوار اور قلم کا مناظرہ۔
(۹): فراقنامہ۔قید کے زمانے کا منظوم اثر۔
(۱۰): دستار نامہ۔قبائلی سرداری اور رہبری کے اصولوں سے متعلق نثری اثر،
(۱۱): بیاض۔منثور سوانحی و خاندانی تذکرہ۔
(۱۲): زنځیری۔(پشتو شارٹ ہینڈ)[۴۶]

کلامِ اقبال میں تذکرہ خوشحال خان خٹک:۔

خوشحال خان کی وصیت

قبائل ہوں ملت کی وحدت میں گم کہ ہو نام افغانیوں کا بلند
محبت مجھے ان جوانوں سے ہے ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند!
مغل سے کسی طرح کمتر نہیں کہستان کا یہ بچۂ ارجمند
کہوں تجھ سے اے ہم نشیں دل کی بات وہ مدفن ہے خوشحالؔ خان کو پسند
اڑ کر نہ لائے جہاں بادِ کوہ مغل شہسواروں کی گردِ سمند[۴۷]

خوش سرود آں شاعرِ افغان شناس آنکہ بیند ،باز گوید بے ہراس!
آں حکیمِ ملت افغانیان آن طبیب علتِ افغانیان!
رازِ قومی دید و بے باکانہ گفت حرفِ حق با شوخئ رندانہ گفت!
''اشترے یا بد اگر افغانِ حُر یا براق و ساز و با انبارِ دُر
ہمتِ دونش ازاں انبارِ دُر می شود خوشنود بازنگِ شتر''![۴۸]

سلطان محمود غزنویؔ:۔

نام : لقب و کنیت: یمین الدولۃ امین الدولۃ ابوالقاسم محمود بن ابومنصور سبکتگین غزنوی
ولدیت: ابومنصور سبکتگین غزنوی تاریخ و مقامِ پیدائش: ۱۰ محرم الحرام ۳۶۱ھ ق/ ۲ نومبر ۹۷۱ء غزنہ

تاریخ ومقامِ وفات: ۲۳ ربیع الثانی ۴۲۱ھ ق/ ۳۰ اپریل ۱۰۳۰ء غزنہ [۴۹]

وجہِ شہرت: فاتح سومنات، ہندوستان پر سترہ حملے اور معروف مسلمان فرمانروا۔

کلامِ اقبال میں تذکرہ سلطان محمود غزنوی:۔

سن اے طلب گارِ دردِ پہلو ! میں ناز ہوں تو نیاز ہوجا
میں غزنوی سومناتِ دل کا ہوں تو سراپا ایاز ہوجا [۵۰]

آ گیا عین لڑائی میں اگر وقتِ نماز　　قبلہ رو ہوکے زمیں بوس ہوتی قومِ حجاز
ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے محمود وایاز　　نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز
بندہ و صاحب و محتاج و غنی ایک ہوئے!　　تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے! [۵۱]

درِ حکام بھی ہے تجھ کو مقامِ محمود　　پالسی بھی تری پیچیدہ تر از زلفِ ایاز [۵۲]

جادوئے محمود کی تاثیر سے چشمِ ایاز　　دیکھتی ہے حلقۂ گردن میں سازِ دلبری [۵۳]

کوئی دیکھے تو میری نَے نوازی　　نفس ہندی، مقامِ نغمہ تازی!
نگہ آلودۂ اندازِ افرنگ!　　طبیعت غزنوی قسمت ایازی! [۵۴]

کیا نہیں اور غزنوی کارگہِ حیات میں　　بیٹھے ہیں کب سے منتظر اہلِ حرم کے سومنات! (۵۵)

فرو فالِ محمود سے درگذر　　خودی کو نگہ رکھ، ایازی نہ کر [۵۶]

وہ کچھ اور شے ہے، محبت نہیں ہے　　سکھاتی ہے جو غزنوی کو ایازی! [۵۷]

چوں زیاں پیرایہ بندِ سود را　　می کند مذموم ہر محمود را [۵۸]

جملہ عالم ساجد و مسجود عشق　　سومناتِ عقل را محمود عشق [۵۹]

مملکت را دینِ او معبود ساخت　　فکرِ او مذموم را محمود ساخت [۶۰]

بر ہمنے بہ غزنوی گفت کرامتم نگر　　تو کہ صنم شکستۂ بندہ شدی ایاز را [۶۱]

بمتاعِ خود چہ نازی کہ بہ شہر دردمندان　　دلِ غزنوی نیرزد بہ تبسم ایازے [۶۲]

محمودِ غزنوی کہ صنم خانہ ہا شکست　　زُناری بتانِ صنم خانۂ دل است [۶۳]

یکے کار فرما، یکے کار ساز　　نیاید ز محمود کارِ ایاز [۶۴]

ایں خراباتِ فرنگ است و ز تاثیر مئیش　　انچہ مذموم شمارند نماید محمود [۶۵]

من بیسمائے غلامان فرِّ سلطان دیدہ ام　　شعلۂ محمود از خامِ ایاز آید بروں! [۶۶]

کسے این معنیٔ نازک نداند جز ایاز اینجا　　کہ مہر غزنوی افزوں کند دردِ ایازی را [۶۷]

کافری را پختہ تر ساز د شکستِ سومنات　　گرمیٔ بتخانہ ہنگامۂ محمود نے [۶۸]

چہ گویمت کہ چہ بودی چہ کردئی چہ شدی　　کہ خوں کند جگرم را ایازئ محمود[۶۹]
بطرزِ دیگر از مقصود گفتم　　جواب نامۂ محمود گفتم[۷۰]
آہ غزنی آں حریم علم و فن　　مرغزارِ شیر مردانِ کہن
دولتِ محمود را زیبا عروس　　از حنا بندانِ او دانائے طوس[۷۱]

برمزارِ سلطان محمود علیہ الرحمۃ

خیزد از دل نالہ ہا بے اختیار　　آہ! آں شہرے کہ این جابود پار
آں دیار و کاخ و کو ویرانہ ایست　　آں شکوہ و فال و فر افسانہ ایست
گنبد ے! در طوفِ او چرخِ بریں　　تربتِ سلطان محمود است ایں!
آنکہ چوں کودک لب از کوثر بشست　　گفت در گہوارہ نامِ او نخست!
برقِ سوزاں تیغ بے زنہارِ او　　دشت و در لرزندہ از یلغارِ او
زیر گردوں آیت اللہ رائتش　　قدسیاں قرآن سرا بر تربتش
شوخئ فکرم مرا از من ربود　　تانبودم درجہاں دیر و زود
رخ نمود از سینہ ام آں آفتاب　　پردگیہا از فروغش بے حجاب
مہر گردوں از جلالش در رکوع　　از شعاعش دوش می گردد طلوع
وار ہیدم از جہاں چشم و گوش　　فاش چوں امروز دیدم صبح دوش
شہر غزنین ! یک بہشتِ رنگ و بو　　آبجو ہا نغمہ خواں در کاخ و کو
حقہ ہائے ا و قطار اندر قطار　　آسماں باقبۂ ہایش ہم کنار
نکتہ سنجِ طوسؔ را دیدم بزم　　لشکرِ محمودؔ را دیدم برزم
آں ہمہ مشتاق و سوز و سرور　　در سخن چوں رند بے پروا جسور
تخمِ اشکے اندراں ویرانہ کاشت　　گفتگوہا باخدائے خویش داشت
تانبودم بے خبر از رازِ او　　سوختم از گرمئ اوازِ او[۷۲]

شیر شاہ سوریؔ:۔

نام ولقب: فریدالدین خان شیر شاہ سوری
ولدیت: حسن خان
تاریخ ومقامِ پیدائش: بہار سہسرام

تاریخ و مقامِ وفات: ۲۲ مئی ۱۵۴۵ء کانجر [۷۳]

وجہ شہرت: سوری افغان خاندان کا بانی، ہندوستان کا حکمران اور جدید مواصلاتی نظام کا بانی۔

کلامِ اقبال میں تذکرہ شیر شاہ سوریؔ:۔

یہ نکتہ خوب کہا شیر شاہ سوری نے　　کہ امتیازِ قبائل تمام تر خواری
عزیز ہے انہیں نامِ وزیری و محسود　　ابھی یہ خلعتِ افغانیت سے ہیں عاری
ہزار پارہ ہے کہسار کی مسلمانی　　کہ ہر قبیلہ ہے اپنے بتوں کا زناری
وہی حرم ہے وہی اعتبارِ لات و منات　　خدا نصیب کرے تجھ کو ضربتِ کاری! [۷۴]

درفنِ تعمیر مردانِ آزاد

یک زمان با رفتگان صحبت گزیں　　صنعتِ آزاد مرداں ہم بہ بیں
خیز و کار ایبکؔ و سوریؔ نگر　　وانما چشمے اگر داری جگر
خویش را از خود بروں آوردہ اند　　ایں چنیں خود را تماشا کردہ اند
سنگ ہا با سنگ ہا پیوستہ اند　　روزگارے را بآنے بستہ اند
دیدنِ او پختہ تر سازد ترا　　در جہاں دیگر اندازد ترا
نقش سوئے نقشگری آورد　　از ضمیرِ او خبر می آورد
ہمت مردانہ و طبعِ بلند　　دردلِ سنگ ایں دو لعل ارجمند
سجدہ گاہِ کیست ایں از من مپرس　　بے خبر! رودادِ جاں از تن مپرس
وا ئے من از خویشتن اندر حجاب　　از فراتِ زندگی ناخوردہ آب
وائے من از بیخ وبُن برکندۂ　　از مقامِ خویش دور افگندۂ
ß ہا از یقینِ محکم است　　وائے من شاخِ یقینم بے نم است
درمن آں نیروے الا اللہ نیست　　سجدہ ام شایانِ این درگاہ نیست [۷۵]

۸۔علی ہجویری حضرت داتا گنج بخشؒ:۔

نام وکنیت: شیخ علی ہجویریؒ ابوالحسن الجلابی الغزنوی ثم الھجویری

ولدیت: عثمان ابنِ علی یا بوعلی

تاریخ و مقامِ پیدائش: حدود ۴۰۰ھ/ ۱۰۱۰ء ہجویر غزنی

تاریخ و مقامِ وفات: حدود ۴۵۶ھ یا ۴۶۴ھ لاہور

آثار:

(۱): کشف المحجوب۔

(۲): دیوان۔

(۳): منہاج الدین۔

(۴): اہلِ صفہ۔

(۵): منصور حلاج۔

(۶): رسالۃ اسرار الخرق والمؤنات۔

(۷): کتاب فنا و بقا۔

(۸): کتاب الابیان لاہل العیان۔ [۷۶]

(۹): بحر القلوب۔

(۱۰): الرعایۃ الحقوق اللہ

کلام اقبال میں علی ہجویریؒ کا تذکرہ:۔

حکایتِ نوجوانے از مرو کہ پیشِ حضرت سید مخدوم علی ہجویری؟ امدہ از ستم اعدا فریہ یاد کرد

سید ہجویر مخدوم اُمم   مرقدِ او پیر سنجر را حرم
بند ہائے کوہسار آساں گسیخت   در زمینِ ہند تخم سجدہ ریخت
عہدِ فاروق از جمالش تازہ شد   حق زحرف او بلند آوارہ شد
پاسبانِ عزت اُم الکتاب   از نگاہش خانۂ باطل خراب
خاکِ پنجاب از دمِ او زندہ گشت   صبح ما از مہر او تابندہ گشت
عاشقِ و ہم قاصدِ طیار عشق   از جنبش آشکار اسرارِ عشق
داشتے از کمالش سرکنم   گلشنے در غنچۂ مضمر کنم
نوجوانے قامتش بالا چو سرو   واردِ لاہور شد از شہر مرو
رفت پیشِ سید والا جناب   تار باید ظلمتش را آفتاب
گفت محصورِ صفِ اعداستم   درمیانِ سنگہا میناستم
بامن آموز اے شہہ گردوں مکان   زندگی کردی میانِ دشمنان
پیرِ دانائے کہ در ذاتش جمال   بستہ پیماںِ محبت با جلال
گفت اے نامحرم از راہِ حیات   غافل از انجام و اغاز حیات

فارغ از اندیشۂ اغیار شو　　قوتِ خوا بندۂ بیدار شو
سنگ چوں بر خود گمانِ شیشہ کرد　　شیشہ گردید و شکستن پیشہ کرد
ناتواں خود را اگر رہر و شمرد　　نقدِ جانِ خویش با رہزن سپرد
تاکجا خود را شماری ماؤطین　　از گِلِ خود شعلۂ طور آفریں
بہ عزیزاں سرگرداں بودن چرا　　شکوہ سنج دشمناں بودن چرا
راست میگویم عدو ہم یار تست　　ہستی او رونقِ بازار تست
ہر کہ دانائے مقاماتِ خودی است　　فضلِ حق داند اگر دشمن قوی است
کشتِ انسان راعدو باشد سحاب　　ممکناتش رابر انگیزد زخواب
سنگ رہ گردد فسانِ تیغ عزم　　قطعِ منزل امتحانِ تیغِ عزم
مثلِ حیواں خوردن آسودن چہ سود　　گر بخود محکم نہ بودن چہ سود
خویش راچوں از خودی محکم کنی　　تو اگر خواہی جہاں برہم کنی
گرفنا خواہی از خود آزاد شو　　گر بقا خواہی بخود آباد شو
چیست مردن از خودی غافل شدن　　توچہ پنداری فراق جان و تن؟
در خودی کن صورتِ یوسف مقام　　از اسیری تا شہنشاہی خرام
از خودی اندیش و مردِ کار شو　　مردِ حق شو حاصلِ اسرار شو
شرحِ راز از داستانہا می کنم　　غنچہ از زورِ نفس و امی کنم
''خو شتر آں باشد کہ سرِّ دلبران　　گفتہ آید درحدیثِ دیگران''[۷۷]

امام فخر الدین رازیؒ:۔

نام، کنیت ولقب: محمد ابوعبداللہ ابوالفضل فخر الدین الرازی

ولدیت: ابوالقاسم ضیاء الدین

تاریخ ومقامِ پیدائش: ۲۵ رمضان ۵۴۳ھ یا ۵۴۴ھ بمقام رے

تاریخ ومقامِ وفات: ۶۰۶ھ ق بمقام ہرات[۷۸]

آثار:

(۱): تفسیرِ کبیر (مفاتح الغیب)۔

(۲): اسرارالتنزیل وانوارالتاویل۔

(۳): تفسیر سورۃ الفاتحہ۔
(۴): تفسیر سورۃ البقرہ۔
(۵): تفسیر سورۃ الاخلاص۔
(۶): لوامع البنات۔
(۷): محصل۔
(۸): معالم۔
(۹): الاربعین فی اصول الدین۔
(۱۰): الخمنین فی اصول الدین۔
(۱۱): نہایۃ العقول۔
(۱۲): کتاب القضاؤ القدر۔
(۱۳): اساس التقدیس۔
(۱۴): لطائف الغیاثیہ۔
(۱۵): عصمۃ الانبیائ۔
(۱۶): مطالب العالیہ۔
(۱۷): رسالہ فی النبوت۔
(۱۸): الریاض المونقۃ
(۱۹): کتاب الملل والنحل۔
(۲۰): عقیل الحق۔
(۲۱): کتاب الزیدہ وغیرہ آثار کی تعداد ۸۰۔[۷۹]

کلامِ اقبال میں امام رازیؒ کا تذکرہ:۔

اسی کشمکش میں گزریں مری زندگی کی راتیں — کبھی سوز و سازِ رومیؔ کبھی پیچ و تابِ رازی![۸۰]
علاجِ ضعفِ یقیں ان سے ہو نہیں سکتا — غریب اگرچہ ہیں رازی کے نکتہ ہائے دقیق![۸۱]
عطارؔ ہو رومیؔ ہو رازیؔ ہو غزالیؔ ہو — کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی![۸۲]
نے مُہرہ باقی، نے مُہرہ بازی — جیتا ہے رومیؔ ہارا ہے رازیؔ![۸۳]
تیرے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب — گرہ کشا ہے نہ رازیؔ نہ صاحبِ کشّاف[۸۴]
جمالِ عشق و مستی نے نوازی — جلالِ عشق و مستی بے نیازی

کمالِ عشق و مستی ظرفِ حیدر　زوالِ عشق و مستی حرفِ رازی![۸۵]
ذوقِ جعفر، کاوش رازی نماند　ابروئے ملتِ تازی نماند[۸۶]
ز رازی معنیٔ قرآن چہ پرسی　ضمیر ما بآیاتش دلیل است
خرد آتش فروزد، دل بسوزد　ہمیں تفسیرِ نمرود خلیل است[۸۷]
بہر نرخے کہ ایں کالا بگیر سود مندافتد　بزورِ بازوئے حیدرؓ بدہ ادراک رازیؔ را[۸۸]
دراں عالم کہ جزو از کل فزون است　قیاسِ رازیؔ و طوسیؔ جنوں است[۸۹]
ترسم کہ تومے دانی زورق بسراب اندر　زادی بہ حجاب اندر میری بہ حجاب اندر
چوں سُرمۂ رازیؔ را از دیدہ فروشستم　تقدیرِ امم دیدم پنہاں بکتاب اندر[۹۰]
ز رازی حکمتِ قرآن بیاموز　چراغے از چراغِ او بر افروز
ولے ایں نکتہ را از من فرا گیر　کہ نتواں زیستن بے مستی و سوز[۹۱]
خرد بیگانۂ ذوقِ یقین است　قمارِ علم و حکمت بد نشین است
دو صد بوحامدؔ و رازی نیرزد　بنا دانے کہ چشمش را ہ بین است[۹۲]

محمد نورالدین جامیؔ:۔

نام: محمد نورالدین عبدالرحمن جامیؔ
ولدیت: نظام الدین احمد دشتی بن شمس الدین محمد
تاریخ ومقامِ پیدائش: ۲۳ شعبان ۸۱۷ھ خرجرد جام (خراسان)
تاریخ ومقامِ وفات: ۱۸ محرم الحرام ۸۹۸ھ/ ۹ نومبر ۱۴۹۲ء ہرات
آثار:
ہفت اورنگ جامی،
شواہد نوبت
اشعۃ اللمعات
شرح فصوص الحکم،
لوامع،
لوائح،
مناقب خواجہ عبداللہ انصاری،

شرح لا اِلہَ اِلّا اللہ،

تحفۃ الاحرار،

سبحۃ الاحرار،

رسالہ کبیر،

نفحات الانس،

آثار کی تعداد ۹۴ بتائی جاتی ہے۔[۹۳]

کلامِ اقبال میں تذکرہ مولانا جامیؔ:۔

نایاب نہیں متاعِ گفتار　　　صد انوری و ہزار جامی[۹۴]

خاکِ یثرب از دو عالم خوشتر است　　　اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

کشتۂ انداز ملا جامیم　　　نظم و نثرِ او علاجِ خامیم

شعر لب ریز معانی گفتۂ است　　　در ثنائے خواجہ گوہر خفتہ است

''نسخۂ کونین را دیباچہ اوست　　　جملہ عالم بندگان و خواجہ اوست''[۹۵]

گہے شعرِ عراقیؔ را بخوانم　　　گہے جامیؔ زند آتش بجانم

ندا نم گرچہ آہنگِ عرب را　　　شریکِ نغمہ ہاے ساریا نم(۹۶)

مرا از منطق آید بوے خامی　　　دلیلِ او دلیلِ ناتمامی!

برویم بستہ درہا راکشاید　　　دوبیت از پیرِ رومیؔ یا ز جامیؔ (۹۷)

ب......ب......

ماخذات وحوالی

۱- شکرستان روہ دکتور عبدالرؤف رفیقی، ادارہ تحقیقات دوکتور رفیقی کاسی رودکوئٹہ، ۲۰۱۰ع ص ۱۳-۱۷۔
۲- محمد اقبال علامہ، جاوید نامہ، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، یازدھم، اگست ۱۹۸۶ء ص ۱۷۲۔
۳- ایضا،ص ۱۷۶۔
۴- ایضا،ص ۱۷۷-۱۷۸
۵- محمد اقبال علامہ، مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوامِ مشرق مع مسافر، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، طبع نہم، ۱۹۸۵ء، ص ۷۹-۸۰۔
۶- ایضا،ص ۸۱
۷- محمد ریاض ڈاکٹر پروفیسر، مکتوبات وخطباتِ رومی، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۸۸ء، ص ا۔
۸- دائرہ المعارف اسلامیہ، جلد ۷، دانش گاہ، پنجاب لاہور، ۱۹۷۱ء، ص ۳۲۴-۳۲۷۔
۹- محمد اقبال علامہ، بانگِ درا، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۹ء، ص ۲۴۱۔
۱۰- ایضاً،ص ۲۶۴۔
۱۱- محمد اقبال علامہ، بالِ جبریل، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۹۱ئ،ص ۱۱۔
۱۲- ایضاً،ص ۱۷۔
۱۳- ایضا،ص ۲۸۔
۱۴- ایضا،ص ۳۹۔
۱۵- ایضا،ص ۵۶۔
۱۶- ایضا،ص ۶۷۔
۱۷- ایضا،ص ۷۱۔
۱۸- ایضا،ص ۹۹۔
۱۹- ایضا،ص ۱۳۴ تا ۱۴۲۔
۲۰- ایضا،ص ۱۴۸ تا ۱۴۹۔
۲۱- محمد اقبال علامہ، اسرارخودی، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، طبع چہاردھم، ۱۹۹۰ئ، ص ۹۔
۲۲- ایضاً،ص ۱۱۔
۲۳- محمد اقبال علامہ، رموزِ بیخودی، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، طبع چہاردھم، ۱۹۹۰ئ، ص ۱۳۱

۲۴- محمد اقبال علامہ، پیامِ مشرق، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، نوزدھم، ۱۹۸۹ئ، ص ۲۰۔
۲۵- ایضا، ۱۰۶۔
۲۶- محمد اقبال علامہ، زبورِعجم، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، یازدھم، ۱۹۸۹ئ، ص ۱۷۵۔
۲۷- ایضا،ص ۱۸۵۔
۲۸- جاوید نامہ، ص ۱۹۔
۲۹- ایضا،ص ۴۳۔
۳۰- مثنوی پس چہ باید کرد، اقوامِ شرق، ص ۷
۳۱- ایضاً،ص ۲۹۔
۳۲- محمد اقبال علامہ، ارمغانِ حجاز، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، طبع پانزدھم، ۱۹۹۱ئ، فارسی، ص ۱۵
۳۳- ایضا،ص ۵۶۔
۳۴- سعید افغانی دکتور، دشرق نابغہ، پشتو، وزارت اطلاعات وکلتور، بہقی کتاب خپرولومؤسسہ، کابل، ۱۳۵۵ھ ش، ص ۲۱۷ تا ۲۲۱۔
۳۵- جاوید نامہ، ص ۶۰۔
۳۶- ایضاً،ص ۶۱۔
۳۷- ایضاً،ص ۶۳۔
۳۸- دائرہ المعارف اسلامیہ، جلد ۱۱، دانش گاہ، پنجاب لاہور، ۱۹۷۲ئ، ص ۳۱۴-۳۱۷۔
۳۹- محمد حسین نہفت، مرتب گزیدہ اشعار سنائی، وزارت اطلاعات وکلتور مؤسسہ نشرات بیہقی، کابل، ۱۳۵۶۱ھ ش، ص ۳۰-۳۱۔
۴۰- بہاء الدین اورنگ، یادنامۂ اقبال، خانہ فرہنگ ایران، لاہور، ۱۳۵۷ھ ش، ص ۵۷۔
۴۱- علی اصغر بشیر، مرتب، کلیات اشعار حکیم سنائی غزنوی، وزارت اطلاعات وکلتور، مؤسسہ نشرات بیہقی، کابل، ۱۳۵۶ھ ش، ص ۲۹۷-۲۹۹۔
۴۲- بالِ جبریل، ص ۲۲-۲۶۔
۴۳- مثنوی مسافر، ص ۶۶-۶۷۔
۴۴- ارمغانِ حجاز فارسی، ص ۱۵۔
۴۵- ایضا،ص ۸۷۔
۴۶- خوشحال خان-دخوشحال خان خٹک کلیات، جلد اول، دافغانستان دعلوموا کادمی، کابل، ۱۳۵۸ھ ش ص ۲۹ تا ۳۵۔
۴۷- بالِ جبریل، ص ۱۵۴۔
۴۸- جاوید نامہ، ص ۱۷۷۔
۴۹- خلیل اللہ خلیلی استاد، سلطنت غزنویان، مطبع عمومی، کابل، ۱۳۳۳ھ ش، ص ۲۰ و ۱۱۷۔
۵۰- بانگِ درا، ص ۱۲۹۔
۵۱- ایضاً،ص ۱۶۵۔

۵۲- ایضاً،ص۱۷۶۔
۵۳- بانگِ درا،ص۲۶۱۔
۵۴- بالِ جبریل،ص۸۲۔
۵۵- ایضاً،ص۱۱۲۔
۵۶- ایضاً،ص۱۲۸۔
۵۷- ایضاً،ص۱۴۶۔
۵۸- اسرارِخودی،ص۳۷۔
۵۹- ایضاً،ص۶۹
۶۰- رموزِ بیخودی،ص۱۱۶۔
۶۱- پیامِ مشرق،ص۱۴۹۔
۶۲- ایضاً،ص۱۵۰۔
۶۳- ایضاً،ص۱۷۲۔
۶۴- ایضاً،ص۲۰۴۔
۶۵- ایضاً،ص۲۱۳۔
۶۶- زبورِعجم،ص۳۷۔
۶۷- ایضاً،ص۱۰۴۔
۶۸- ایضاً،ص۱۱۰۔
۶۹- ایضاً،ص۱۱۸۔
۷۰- ایضاً،ص۱۴۵۔
۷۱- مثنوی مسافر،ص۶۶۔
۷۲- ایضاً،ص۷۱-۷۲۔
۷۳- دائرہ المعارف اسلامیہ،جلد ۱۱،ص۸۸۰-۸۸۱۔
۷۴- محمد اقبال علامہ،ضربِ کلیم،شیخ غلام علی اینڈ سنز،لاہور،۱۹۹۲ئ،ص۱۷۷
۷۵- زبورِعجم،ص۱۹۳-۱۹۴۔
۷۶ دائرہ المعارف اسلامیہ،جلد ۹،دانش گاہ،پنجاب لاہور،۱۹۷۲ء،جلد ۹،ص۹۱ تا ۹۶۔
۷۷- اسرارِخودی،ص۵۱ تا ۵۳۔
۷۸- عبدالسلام ندوی مولانا،حکمائے اسلام،جلد ۲،نیشنل بک فاؤنڈیشن،اسلام آباد،۱۹۸۹ئ،جلد دوم،ص۲۰۹-۲۱۳
۷۹- عبدالسلام ندوی مولانا،امام رازی،نیشنل بک فاؤنڈیشن،اسلام آباد،۱۹۹۳ء،ص۲۷ تا ۴۳۔
۸۰- بالِ جبریل،ص۱۷۔
۸۱- ایضاً،ص۳۴۔
۸۲- ایضاً،ص۵۶۔

۸۳- ایضاً، ص ۷۱۔
۸۴- ایضاً، ص ۷۸۔
۸۵- ایضاً، ص ۸۳۔
۸۶ رموزِ بیخودی، ص ۱۲۵۔
۸۷- پیامِ مشرق، ص ۴۲۔
۸۸- زبورِ عجم، ص ۱۰۴۔
۸۹- ایضاً، ص ۱۵۶۔
۹۰- جاوید نامہ، ص ۴۲۔
۹۱- ارمغانِ حجاز فارسی، ص ۶۹۔
۹۲- ایضاً، ص ۱۳۷۔
۹۳- دائرہ المعارف اسلامیہ، جلد ۷، ص ۵۸ تا ۶۱۔
۹۴- ضربِ کلیم، ص ۸۸
۹۵- اسرارِ خودی، ص ۲۱۔
۹۶- ارمغانِ حجاز فارسی، ص ۲۸۰۔
۹۷- ارمغانِ حجاز فارسی، ص ۱۳۲۰۔

کلام اقبال ''زبورِ عجم'' کے خوش نویس

محمد صدیق الماس رقم

لاہور شہر کا شمار جہاں دیگر علوم وفنون کی سرپرستی کے سلسلے میں ہوتا ہے وہاں خوشنویسی اور فن خطاطی میں بھی اس شہر کی ایک معتبر تاریخ ہے۔ جس کا آغاز بالخصوص سلطان ابراہیم غزنوی (۴۵۱ھ-۴۹۲ھ/ ۱۰۵۹ئ-۱۰۹۸ئ) کے زمانہ میں لاہور علمی سرگرمیوں کا گہوارہ بن چکا تھا اور بقول عوفی لاہور اس وقت علم وفضل کا بڑا مرکز تھا۔ ابراہیم کا ایک وزیر ابونصر فارسی جو ادبی دلچسپیوں کی وجہ سے ادیب مشہور تھا۔ اس نے لاہور میں ایک خانقاہ قائم کی جو اہل علم اور دوسرے بزرگوں کی جائے پناہ تھی اور آہستہ آہستہ کاشغر، بلخ، بخارا، عراق، خراسان، ثمرقند، غزنی اور دوسرے ممالک سے اہل علم کھچ کر یہاں آنے لگے۔ [۱] یہ سلسلہ صدیوں سے جاری رہا اور اٹھارہویں، انیسویں صدی عیسوی میں لاہور شہر دیگر علوم وفنون کے علاوہ خطاطی کا مرکز بھی تھا۔ اسی دوران بڑے بڑے شعراء اور ادیب یہاں مقیم تھے۔ صحافتی حوالے سے لاہور درجہ کمال پر فائز تھا اور تمام اخبارات میں کتابت ایک خاص اہتمام سے ہوا کرتی تھی جہاں سرکردہ خطاط فن کتابت سے وابستہ عملہ مہیا کرتے تھے۔ ڈاکٹر عبداللہ چغتائی لکھتے ہیں کہ اس شہر میں فن خطاطی کا عروج یہاں سے نکلنے والے روزناموں کی وجہ سے تھا۔ [۲] اس زمانے کے ادیب اور شعراء زیڈ کی نِب اور سیاہی کا استعمال کرتے تھے اور غالب سے لے کر اقبال تک بہت اچھے شکستہ نویس تھے۔ [۳] اور اس طرح وہ خطاطی کے اسرار ورموز کو بھی بخوبی سمجھتے تھے۔ اسی طرح علامہ اقبال شکستہ میں باکمال تھے۔ ان کے خط کے بارے میں راقم نے پہلے ہی ایک مضمون لکھا جو اقبال ریویو میں ۱۹۹۸ء میں شائع ہوا۔ اس میں نہ صرف علامہ اقبال نے پرویں رقم جیسے استاد خطاط کو ایک رباعی لکھتے ہوئے اصلاح کی اور خطاطی کے زاویے کو مدنظر رکھنے کی ہدایت کی جس کا عکس اسی مضمون میں دیا گیا ہے۔ [۴]

خطاطی کے حوالے سے شعراء کا کلام بطور ذریعہ ترسیل خط اور اقبال کی پیدائش کے وقت تعلیم وفنی

ماحول نے بھی علامہ اقبال کے کلام کی خطاطی کے لئے ایک اہم کردار ادا کیا۔ علامہ کے کلام کے پہلے کاتب منشی فضل الٰہی مرغوب رقم تھے جو اپنے پریس مرغوب ایجنسی سے علامہ اقبال کی نظمیں کتابت کر کے شائع کرنے کا اہتمام کرتے اور پھر انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسوں میں فروخت کرتے۔[۵] جب کہ پوسٹر نویسی کے لئے حاجی دین محمد لاہوری علامہ اقبال کے پوسٹر ڈیزائن کرتے اور ۱۹۲۶ء میں پنجاب لیجسلیٹیو کونسل کے انتخابات کے سلسلے میں علامہ اقبال کی طرف سے نہایت جلی پوسٹر لکھنے پر' کاتب کن فیکون' کا خطاب دیا۔ حاجی دین محمد بھی علامہ اقبال کی مجلسوں میں اکثر حاضر رہتے۔[۶] ان دنوں تاج الدین زریں رقم اور عبدالمجید پرویں رقم لاہور میں خطاطی کے حوالے سے نیا باب رقم کر رہے تھے۔ ان میں سے تاج الدین زریں رقم نے علامہ اقبال کی شہرۂ آفاق نظم 'شکوہ جواب شکوہ' کو خوبصورت انداز میں کتابت کیا جس کی ایک کاپی آج بھی علامہ اقبال میوزیم میں موجود ہے۔[۷]

جبکہ علامہ کی زیادہ تر شاعری کی کتابت منشی عبدالمجید پرویں رقم نے کی جو نستعلیق کی لاہوری طرز کے بانی بھی ہیں۔ اس کتابت کے سلسلے میں علامہ اقبال کے تین خطوط جو علامہ اقبال میوزیم میں زیر نمائش ہیں نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ جن سے پرویں رقم اور علامہ اقبال کے کتابت کی اُجرت کے سلسلہ میں اختلافات کا اشارہ ملتا ہے۔[۸] ان اختلافات کی وجہ سے علامہ اقبال نے 'زبورِ عجم' کی کتابت محمد صدیق الماس رقم سے کروائی جو ان کی کوٹھی واقع میکلور روڈ لاہور میں ہوئی اور کتابت کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کتابت علامہ اقبال کی نگرانی میں ان کے گھر میں ہوئی۔ محمد صدیق الماس رقم جاکے چیمہ میں ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے بہنوئی مولوی محمد اعظم اچھے خوش نویس تھے جو انہیں حکیم محمد عالم کے پاس گھوڑ یالہ لے گئے جہاں انہوں نے مشق خطاطی کی۔ پھر لاہور آ کر روزنامہ 'زمیندار' کے ہیڈ کاتب مولوی محبوب عالم کے پاس قیام پذیر ہوئے جہاں انہوں نے حاجی دین محمد اور عبدالحمید پروین رقم کی خطاطی کو دیکھا اور مشق جاری رکھی۔ الماس رقم کا خطاب انہیں 'زمیندار' اخبار کا بورڈ لکھنے پر مولانا ظفر علی خان کی تجویز پر 'زمیندار' کے نامور ایڈیٹر اظہر امرتسری نے دیا اور یہ خطاب پھر ان کے نام کا ایسا جزو بنا کہ لوگ اس کے بغیر ان کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔[۹] الماس رقم کا تعلق بھی سیالکوٹ سے تھا اور 'زبورِ عجم' کی کتابت کے لئے شاید اس تعلق نے بھی یاوری کی ہوگی۔[۱۰] اگرچہ علامہ اقبال کا کلام مختلف اخبارات کی زینت بھی بنا کرتا تھا جسے اس وقت کے معروف خوشنویس منشی عبدالقدوس کتابت کیا کرتے تھے۔[۱۱] الماس رقم نام کے صرف یہی کاتب گزرے ہیں۔ ۱۹۳۴ء میں جب علامہ اقبال اور پرویں رقم میں کتابت کی اُجرت پر اختلافات پیدا ہو گئے[۱۲] تو الماس رقم نے 'زبورِ عجم' کی کتابت علامہ اقبال مرحوم کی زیر نگرانی میکلور روڈ والی کوٹھی میں بیٹھ کر کی۔ لاہور میں قیام پاکستان سے قبل انہوں نے ۱۹۴۰ء میں فیروز سنز

کے مطبوعہ عکسی قرآن پاک کی کتابت کی۔ اس کے علاوہ تاج کمپنی لمٹیڈ کا بورڈ لکھا۔ یہ بورڈ ایک عرصہ دراز تک اڈا کراؤن بس کے قریب آویزاں رہا اور اہل فن سے داد و وصول کرتا رہا۔ قیام پاکستان سے قبل لاہور میں نامور ادیبوں اور شاعروں کے اجتماع کے لئے انہوں نے کرشن چندر، سعادت حسن منٹو کی کتابیں تاجور نجیب آبادی مرحوم کے (ادبی دنیا) اور مولانا ظفر علی خان کے مجموعہ کلام اور علامہ مشرقی کی ایک کتاب ارشادات کی کتابت کی۔ اس دوران انہوں نے جگر مراد آبادی کے کلام 'شعلہ طور' کے سرورق کو اپنے فن سے جلا بخشی۔ حفیظ جالندھری کے شاہنامہ اسلام کی کتابت کی۔ ۱۹۴۶ء میں برکت علی اسلامیہ ہال میں ان کی تاجپوشی کی گئی اور انہیں 'خطاط العصر' کا خطاب بھی دیا گیا۔ اسی سال آپ خوشنویس یونین کے صدر بھی بنے۔ موصوف حضرت قطب العالم عمر بریلوی کے مرید تھے۔ شاد باغ جاتے ہوئے ان کے عزیزوں کے مکان پر 'فاضل منزل' کے جلی حروف ان کے موئے قلم کا نتیجہ ہیں۔ سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگ حضرت طاہر بندگی کے مزار کا کتبہ لکھا تو متولی سے درخواست کی کہ مجھے یہیں دفن کرنا۔ یہ گفتگو ۱۹ مارچ ۱۹۷۲ء کو ہوئی اور ۳۰ مارچ ۱۹۷۲ء کو الماس رقم دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے اور حضرت طاہر بندگی کے جوار میں دفن ہوئے۔

آپ نے فن خطاطی کی آبیاری خوشنویس یونین کے صدر کی حیثیت سے تو کی مگر فن خطاطی میں اپنے جیسے کئی شاگرد پیدا کئے۔ آپ کا شمار نستعلیق کے چوٹی کے خطاطوں میں کیا جاتا تھا۔ موصوف جامعہ ملیہ دہلی سے بھی وابستہ رہے۔ مختلف جرائد کی الواح اور کتب کے سرورق آپ کے فن کی گواہی دیتے ہیں۔ ان کی بیٹھک اردو بازار میں موجود تھی جہاں مشتاق احمد بھٹہ، محمود احمد، محمد جمیل تنویر رقم، محمد سدید، خواجہ محمد شفیع، محمد اقبال عباسی اور منیر احمد بھٹی مرحوم نے آپ سے خطاطی میں کسب فیض کیا۔ آپ نے مختلف قبروں کے کتبوں کے علاوہ شیخ طاہر بندگی کے مزار کے کتبے کتابت کئے۔ آپ کا مزار شیخ طاہر بندگی کے مزار کے دروازے سے دس میٹر جانب مغرب سڑک کے کنارے ہے۔ جس کا کتبہ جمیل احمد تنویر رقم نے لکھا۔ الماس رقم نے اخبارات میں خوشنویسی کے لئے عملہ بھی مہیا کیا۔ [۱۳]

❁......ب......ب

حوالہ جات

۱- شیخ محمد اکرام، آب کوثر، ایڈیشن چہارم، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۹۰ئ، ص ۳۹

۲- ڈاکٹر عبداللہ چغتائی، خطاطی، ۱۷۰۷ئ-۱۹۷۲ئ، تاریخ ادبیات مسلمانان پاک و ہند، فارسی ادب سوم، جلد ۵، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۹۲ئ، ص ۳۴۲

3- Muhammad Iqba Bhutta, Iqbal - The Connoiseur of Calligraphy, Iqbal Review, October 1998, Iqbal Academy Pakistan, Lahore, p 77

4- Ibid, p 77

۵- محمد اقبال بھٹہ، کلام اقبال کے پہلے کاتب منشی فضل الٰہی مرغوب رقم، زبان و ادب، ششماہی، نمبر ۱۷، جنوری ۲۰۱۶ء

۶- محمد اقبال بھٹہ، کاتب کن فیکون حاجی دین محمد خوشنویس، اقبال ریویو، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، اپریل ۲۰۰۲ئ، ص ۱۳۹

۷- علامہ اقبال، شکوہ جواب شکوہ، کتابت از تاج الدین زریں رقم، سلسلہ نوادرات نمبر، علامہ اقبال میوزیم لاہور

۸- خطوط اقبال بنام پرویں رقم، سلسلہ نوادرات نمبر، علامہ اقبال میوزیم لاہور

۹- میاں محمد یعقوب ایڈووکیٹ، محمد صدیق الماس رقم، روزنامہ امروز، لاہور، اشاعت خاص، صفحہ آخر

۱۰- ڈاکٹر محمد اقبال بھٹہ، کلام اقبال کے خطاط نیشنل میموریل میوزیم لائبریری، اسلام آباد، ۲۰۰۷ئ، ص ۶۶

۱۱- ڈاکٹر محمد اقبال بھٹہ، کلام اقبال کے خطاط نیشنل میموریل میوزیم لائبریری، اسلام آباد، ۲۰۰۷ئ، ص ۵۵

۱۲- محمد اقبال بھٹہ، لاہور اور فن خطاطی، علم و عرفان پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۷ئ، ص ۲۲۴

۱۳- محمد اقبال بھٹہ، خطاطی کے فروغ میں لاہور کا حصہ، شعبہ تاریخ، ۱۹۹۸ئ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ص ۵۱۴، ۶۶۱، ۸۰۷

ب.....ب.....❁

کلامِ اقبال میں ہیئت کے تجربات-آہنگ
(دورِحاضر کے تناظر میں)

ڈاکٹر نور فاطمہ

انگریزی زبان میں ہیئت کے لیے فارم (Form) اور صنف کے لیے فرانسیسی لفظ (Genre) استعمال کیا جاتا ہے، مگر عام معنوں میں ہیئت اور صنف دونوں کے لیے ایک ہی لفظ یعنی (Form) استعمال ہوتا ہے۔ جب کہ اردو میں ہیئت اور صنف کے الفاظ کو الگ الگ معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ہیئت، نظم کی ظاہری شکل کو کہا جاتا ہے، جب کہ صنف میں ظاہری اور داخلی دونوں خصوصیات شامل ہوتی ہیں۔ حامدی کاشمیری اپنے مضمون ''نظم موضوع اور ہیئت'' میں ہیئت کے لفظ کو نسبتاً وسیع معنی میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

> الفاظ کی ایک ایسی ترتیب و تنظیم جو معانی کی خالق ہو، ہیئت کے نام سے یاد کی جاتی ہے، ہیئت نظم کا طبعی عنصر ہے۔۔۔۔۔ ہیئت کی کامیابی کا راز اس بات میں پوشیدہ ہے کہ وہ شعری تجربے کے ابلاغ و ترسیل کا ایک مؤثر ذریعہ بنے۔[۱]

اس کے علاوہ وارث علوی نے اپنے مضمون ''شاعری، فلسفیانہ شاعری اور اقبال'' میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ:

> اقبال کی اردو نظموں میں ہیئت کا کوئی Organic تصور نہیں۔[۲]

۱۔ جدید اردو نظم اور یورپی اثرات ۔ ڈاکٹر حامدی کاشمیری، ص: ۳۸۔۳۹، مجلسِ اشاعت ادب، دہلی، مارچ ۱۹۶۸ء
۲۔ مشمولہ اقبال کا فن ۔ مرتبہ: گوپی چند نارنگ، ص: ۲۵۷، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی ۱۹۸۹ء

وارث علوی کے اس خیال میں دراصل مغرب کی جدید نظم کے لیے عضویاتی کل (Organic Whole) کا جو تصور رائج رہا، اس کے نقطۂ نظر سے ان کا کہنا ہے کہ اقبال کی نظموں میں ہیئتی نمو کی کیفیت کم ملتی ہے ۔ اس کا مطلب سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ نظم جدید کی ہیئت کے بارے میں علامہ اقبال مغربی تصور کی پوری طرح عملی تقلید نہیں کرتے ۔

علامہ اقبال نے اردو زبان کو نئے خیالات ، نئے جذبات ، نئی لفظیات اور نئی تراکیب سے مالا مال کیا ۔ کیوں کہ اقبال کو اردو زبان اور موضوعات پر غیر معمولی دسترس حاصل تھی ۔ اس لیے اپنے اظہار کے لیے انھوں نے معیاری زبان کا استعمال بھی کیا اور زبان کو بعض تبدیلیوں سے بھی آشنا کیا ۔ ان کی زبان میں جذبہ و تخیل کا حسین امتزاج ملتا ہے ۔ لفظ و معنی کا رشتہ ان کے یہاں اتنا گہرا ہے کہ دونوں کو الگ الگ کر کے دیکھنا ناممکن ہے ۔ فنی رموز اور فکری توانائیاں کلامِ اقبال میں بلندیوں کو چھو رہے ہیں ۔ بقول رشید احمد صدیقی :

> اقبال کی شاعری اور ان کے افکار کے سمت و رفتار کے مطالعے سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اقبال نے فن کے رموز ، زبان کی اہمیت اور شاعری میں فکر ، جذبہ اور تخیل کے مقامات پہچاننے میں کتنا ریاض کیا تھا ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے شاعری نے اقبال کو اقبال بنانے میں اپنی ساری آزمائشیں ختم کر دی ہوں ۔ اور ان کے بعد ان پر اپنی ساری نعمتیں بھی تمام کر دی ہوں ۔ جیسے اردو شاعری کا دینِ اقبال پر مکمل ہو گیا ہو ۔[۱]

۱۔ اقبال شخصیت اور شاعری ۔ رشید احمد صدیقی ، ص: ۱۱۹، اقبال صدی پبلی کیشنز ، نئی دہلی ۱۹۷۷ء

گو زبان کے معیار و اسالیب ہر دور میں تبدیل ہوتے رہتے ہیں اور لسانی مباحث میں بھی وقت کے ساتھ ساتھ انقلابات آتے رہتے ہیں ۔ مگر جو شاعری بنیادی لسانی مسلمات پر مبنی ہو اس کی فنّی اور فکری بلندی آنے والے زمانوں میں اپنی معنویت برقرار رکھتی ہے ۔ علامہ اقبال کی شاعری بھی اسی تقاضے کو پورا کرتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اس کلام پر مختلف ادوار میں اٹھنے والے اعتراضات وقت گزرنے کے ساتھ فراموش کرتے گئے اور کلامِ اقبال آج بھی ناقابلِ فراموش ہے ۔

یوں تو ہیئت کے مسائل اور تجربات کے بارے میں اقبال کی کوئی ذاتی رائے نہیں ملتی ، مگر جو خط انھوں نے ڈاکٹر لمعہ کو اپریل ۱۹۳۴ء میں لکھا تھا ۔ اس میں اصناف نظم اور فن عروض کے بابت اظہار خیال ضرور ملتا ہے ۔ اس خط سے پتہ چلتا ہے کہ ہیئت کی جزئیات سے زیادہ کلی طور پر ان کا اپنا ایک روایتی تصور ہے جس کے نمونے ان کی نظموں میں تلاش کیے جا سکتے ہیں :

شاعری کی جان تو شاعر کے جذبات ہیں۔ جذباتِ انسانی اور کیفیاتِ قلبی اللہ کی دین ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ طبع موزوں اس کے ادا کرنے کے لیے پُراثر الفاظ کی تلاش کرے۔ نظم کے اصناف کی تقسیم جو قدیم سے ہے ہمیشہ رہے گی اور انسانی جذبات ماحول کے تابع رہیں گے۔ بس یہ سمجھ لیا جائے کہ جس شاعر کے جذبات ماحول سے اثر پذیر ہوں وہ شاعر جدید رنگ کا حامل متصوّر ہو سکتا ہے کہ نہ نفسِ شعری۔ اگر ہم نے پابندیِ عروض کی خلاف ورزی کی تو شاعری کا قلعہ ہی منہدم ہو جائے گا اور اس نقطۂ خیال سے یہ کہنا پڑے گا اور یہ کہنا درست ہے کہ موجودہ شعرا کا کام تعمیری ہونا چاہیے نہ کہ تخریبی۔[۱]

اسی خط میں اقبال نے کلی طور پر ایسی نظموں کے مستقبل سے جن کو ہم نظم معریٰ کہہ سکتے ہیں یا پھر جنھیں ہم بغیر قافیہ کی نظم کا نام دیتے ہیں، ان سے مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ ان کے نزدیک نظموں کے لیے قافیہ اور ردیف کا التزام ضروری ہے۔ چوں کہ اس کے بغیر شاعری میں آہنگ پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اقبال نہ صرف پابندیٔ عروض کے قائل تھے بلکہ بالخصوص قوافی اور جگہ جگہ ردیفوں کی موجودگی کو بھی آہنگ اور توازن کے لیے ضروری تصور کرتے تھے:

غزل اور رباعی کے لیے قافیہ کی شرط تو لازمی ہے، اگر ردیف بھی بڑھا دی جائے تو سخن میں اور بھی لطف بڑھ جاتا ہے۔ البتہ نظم ردیف کی محتاج نہیں، قافیہ تو ہونا چاہیے۔ اب کچھ عرصے سے بلا ردیف اور قافیہ نظمیں لکھی جاتی ہیں اور یہ انگریزی نظموں کی تقلید ہے۔ جس کا نام انگریزی میں بلینک ورس ہے جس کو (نثر مرجز) کہنا چاہیے۔ اگرچہ پبلک میں مذاق کچھ ایسا ہو چلا ہے مگر میرے خیال میں یہ روش آئندہ مقبول نہ ہو گی۔[۲]

جہاں تک اقبال کے کلام میں ہیئت کے تجربے کا سوال ہے تو اس سلسلے میں دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اقبال ہیئت میں باغیانہ تبدیلیوں کے حامی تو نہیں تھے، مگر آہنگ اور موسیقی پیدا کرنے کی غرض سے نت نئی ہیئتی اور صوبیاتی جدت کی طرف مائل ضرور تھے۔ یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ قیامِ یورپ کے دوران ہی اقبال کی ابتدائی نظموں میں رائج ہیئتوں میں تبدیلی کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ حالاں کہ اقبال نے اپنی نظموں کے حوالے سے ہیئت کے تصورات کے بارے میں کہیں اظہار خیال تو نہیں کیا، مگر ابتدا ہی سے انھوں نے انگریزی شعرا کا مطالعہ بہ خوبی کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی کچھ نظمیں مواد، موضوع اور اسلوب وغیرہ کی سطح پر انگریزی نظموں سے ماخوذ معلوم ہوتی ہیں۔ دراصل وہ انگریزی نظموں کے اسلوب اور ہیئت کو اچھی طرح سمجھ چکے تھے۔ انھوں نے اپنی بیش تر نظموں میں خیالات اور جذبات کی ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ ارتقاء اور تعمیر پر بھی زور دیا ہے۔

۱۔ اقبال نامہ (حصّہ اوّل)۔ مرتبہ: شیخ عطاءاللہ، ص: ۲۸۰، شیخ محمد اشرف، تاجر کتب کشمیری بازار، لاہور، س۔ن
۲۔ ایضاً، ص: ۲۷۹

اقبال نے اپنی ابتدائی نظم ''ہمالہ'' میں بھی مغربی نظم کے اسلوب کو پیشِ نظر رکھا ہے۔ یہ نظم ایک روایتی ہیئت یعنی مسدس میں لکھی گئی ہے۔ مگر خیال کی جدت اور اسلوب کی روانی نے ہیئت کو بھی ایک نئی شکل دے دی ہے۔ مثال کے طور پر ایک بند ملاحظہ ہو:

لیلیٰ شب کھولتی ہے آ کے جب زلفِ رسا
دامنِ دل کھینچتی ہے آبشاروں کی صدا
وہ خموشی شام کی جس پر تکلم ہو فدا
وہ درختوں پر تفکر کا سماں چھایا ہوا

کانپتا پھرتا ہے کیا رنگِ شفق کہسار پر
خوش نما لگتا ہے یہ غازہ ترے رخسار پر

اگر گہرائی سے دیکھا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ عام معنوں میں اقبال نے نظم میں رائج ہیئتوں کی پابندی کرنے کی کوشش کی اور یہ بھی کوشش کی کہ مقررہ اوزان سے انحراف نہ کیا جائے۔ مگر انھوں نے جس طرح عربی آہنگ کو اپنی نظموں میں برتا ہے، اس سے گمان گزرتا ہے کہ آہنگ کے بعض اضافوں نے اقبال کی شاعری میں ہیئت کی نیرنگیاں پیدا کر دی ہیں۔ اس کے برعکس ڈاکٹر عنوان چشتی نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اقبال کے یہاں ہیئت کے تجربات نہیں ملتے اس ضمن میں وہ اپنے مضمون ''اقبال اور اس کا عہد-فنّی جہات'' میں رقم طراز ہیں:

> اقبال کے یہاں چونکا دینے والے تجربے تو نہیں ملتے۔ تجربہ کرنا ان کا مقصد بھی نہیں تھا۔ وہ تو علوم وفنون کو خودی کا جوہر اور ''ضربِ کلیمی'' قرار دیتے ہیں۔ ''اعجازِ ہنر'' کو ''موج گہر'' اور ''فلسفہ وشعر کو حرفِ تمنّا'' خیال کرنے والے شاعر سے تجربہ برائے تجربہ کی توقع بھی فضول ہے پھر بھی ان کی تخلیقی قوتوں نے شاعری کے جامد سانچوں میں لچک پیدا کی ہے۔[۱]

۱۔ مشمولہ اقبال کا شعور و فن عصری تناظر میں۔ مرتبہ: ڈاکٹر قمر رئیس، ص:۱۵۲، شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی، مئی ۱۹۷۹ء

اقبال کے بارے میں اکثر اس قسم کے بیانات ملتے ہیں کہ موضوع اور مواد میں وہ روایتی شاعری سے گریز کرتے تھے مگر ہیئتوں کے استعمال میں انھوں نے روایت سے انحراف نہیں کیا۔ دراصل اس غلط فہمی کو عام کرنے کے ذمہ دار کہیں نہ کہیں اقبال خود ہیں۔ چوں کہ انھوں نے اپنے کلام میں افکار کی اہمیت کو

بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے اور اپنی شاعری اور مضامین میں اس بات پر زور دیا ہے کہ ''میں شاعر نہیں ہوں'' جب کہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اقبال جتنے بڑے مفکر ہیں اتنے بڑے فن کار بھی ہیں۔ چند اشعار سے اس بات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اقبال اپنی فنّی ہنرمندیوں کے بارے میں کس قدر انکسار کا انداز اپناتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ شاعری کو بہت زیادہ حقیقت پسندانہ چیز نہیں سمجھنا چاہیے۔ اس لیے وہ اپنے پیغام کی اوّلیت کو باور کرانے کے لیے اس بات کا اظہار ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ باتیں محض شاعری یا تفنن طبع نہیں ہیں بلکہ ان میں بہت دوررس حقائق اور داخلی کیفیات کا اظہار کیا گیا ہے۔

اندازِ بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرمِ رازِ درونِ مے خانہ

کہہ گئے ہیں شاعری جز و یست از پیغمبری
ہاں سنا دے محفلِ ملّت کو پیغامِ سروش

اقبال نے اردو کی روایتی ہیئتوں کو اپنے کلام میں تھوڑے سے ردّ و بدل اور ترمیم کے ساتھ برتا ہے۔ یہی چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں ان کے موضوعات کی اہمیت کا سبب بنتی ہیں۔ اس ضمن میں رحمن راہی نے اپنے مضمون ''اقبال کے ہیئتی تجربے'' میں لکھا ہے:

> اگر یہ کہا جائے کہ اپنی بہ ظاہر چھوٹی موٹی تبدیلیوں اور اپنے منفرد برتاؤ سے اقبال نے فارسی اور اردو شاعری میں بڑے نتیجہ خیز ہیئتی تجربے کیے ہیں تو شاید مبالغہ نہ ہوگا۔[۱]

۱۔ مشمولہ اقبالیات، شمارہ: ۳، ایڈیٹر: آل احمد سرور، ص: ۱۷۶، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر، اشاعتِ دوم، فروری ۲۰۰۶ء

اقبال کی شاعری میں جن اصناف اور ہیئتوں کا کثرت سے استعمال ہوا ہے وہ مثنوی، مسدس، ترکیب بند، قطعہ اور غزل وغیرہ ہیں۔ ''بانگِ درا'' کی زیادہ تر نظمیں مثنوی، مسدس اور ترکیب بند کی ہیئت میں ہیں۔ ''بالِ جبریل'' میں کثرت سے غزلیات اور قطعات کا استعمال ملتا ہے۔ جب کہ ''ضربِ کلیم'' میں قطعہ کی ہیئت کا استعمال کثرت کے ساتھ کیا گیا ہے۔

اقبال نے ''بانگِ درا'' کی نظموں میں جو تجربات کیے ہیں اس کے بارے میں مسعود حسین خاں کی

یہ رائے قابلِ توجہ معلوم ہوتی ہے:

بانگِ درا کے دورِ اوّل و دوم کی اکثر نظموں میں انگریزی کی پوئم کا وحدت تاثر قائم کرنے کے لیے انھوں نے یہ ردّوبدل کامیابی کے ساتھ کیا ہے۔ کہیں مثنوی اور مسدس کو مرکب کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ان کی نظم ''خفتگانِ خاک سے استفسار'' بانگِ درا سے شروع ہوتا ہے جو درحقیقت ایک مختصر مثنوی کی ہیئت میں لکھی گئی ہے۔ لیکن جس میں پانچویں، سولہویں اور تیئسویں اشعار کے آخر میں ایک شعر ''سوئی'' کے طور پر ڈال کر نظم کو تین بندوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ یہی صورت ان کی اس دور کی دیگر نظموں ''صدائے درد''، ''شمع''، ''صبح کا ستارہ''، ''داغ''، ''بچہ اور شمع'' اور ''کنارِ راوی'' میں ملتی ہے۔[۱]

۱۔ اقبال کی نظری و عملی شعریات۔ مسعود حسین خاں، ص:۸۶، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر ۱۹۸۳ء

مذکورہ بالا نظموں سے ذیل میں کچھ مثالیں پیش ہیں:

مہر روشن چھپ گیا، اٹھی نقاب روئے شام
شانۂ ہستی پہ ہے بکھرا ہوا گیسوئے شام
یہ سیہ پوشی کی تیاری کسی کے غم میں ہے
محفلِ قدرت مگر خورشید کے ماتم میں ہے
کر رہا ہے آسماں جادو لبِ گفتار پر
ساحرِ شب کی نظر ہے دیدۂ بیدار پر
غوطہ زن دریائے خاموشی میں ہے موجِ ہوا
ہاں، مگر اک دور سے آتی ہے آوازِ درا
دل کہ ہے بے تابیٔ الفت میں دنیا سے نفور
کھینچ لایا ہے مجھے ہنگامۂ عالم سے دور

....

منظر حرماں نصیبی کا تماشائی ہوں میں
ہم نشینِ خفتگانِ کنجِ تنہائی ہوں میں

ـــــــــــــــ''خفتگانِ خاک سے استفسار''

جل رہا ہوں کل نہیں پڑتی کسی پہلو مجھے
ہاں ڈبو دے اے محیطِ آبِ گنگا تو مجھے

لذّتِ قربِ حقیقی پر مٹا جاتا ہوں میں
اختلاطِ موجہ و ساحل سے گھبراتا ہوں میں

-----------''صدائے درد''

کیسی حیرانی ہے یہ اے طفلکِ پروانہ خو
شمع کے شعلوں کو گھڑیوں دیکھتا رہتا ہے تو
اس نظارے سے ترا ننھا سا دل حیران ہے
یہ کسی دیکھی ہوئی شے کی مگر پہچان ہے

---------''بچہ اور شمع''

ایک دوسری ہیئت ''غزل'' ہے جس کا استعمال اقبال نے اپنی نظموں میں معمولی سی تبدیلی کے ساتھ کیا ہے۔ مثال کے طور پر نظم ''جگنو''، ''التجائے مسافر'' اور ''پرندے کی فریاد'' کا پہلا بند غزل نما ہے۔ اس کے بعد قافیہ بدل کر مسدس کے بند لکھے گئے ہیں۔ انھوں نے مسلسل غزل نما نظمیں بھی لکھی ہیں۔ ان میں ہیئت کی تبدیلی صرف اتنی ہے کہ ابتدائی چار اشعار کی غزل نما ہیئت کے برخلاف اس بند کا اختتام کسی اور قافیہ اور ردیف پر ہوتا ہے۔ اس ضمن میں پہلے ''پرندے کی فریاد'' کے اشعار ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔ اس نظم کے تمام اشعار کے قافیے زمانہ، چہچہانا، جانا، مسکرانا اور آشیانہ ہیں جب کہ آخری شعر کے دونوں مصرعوں میں قفس اور بس کا قافیہ اور 'میں' کی ردیف استعمال ہوئی ہے:

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں، وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا، اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دل پر، آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا
وہ پیاری پیاری صورت، وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ

آتی نہیں صدائیں اس کی مرے قفس میں
ہوتی مری رہائی اے کاش میرے بس میں

پھر ان اشعار کے بعد مسدس کا یہ بند شروع ہوتا ہے ؎

کیا بدنصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں، میں قید میں پڑا ہوں
آئی بہار، کلیاں پھولوں کی ہنس رہی ہیں
میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رہا ہوں

اس قید کا الٰہی دکھڑا کسے سناؤں
ڈر ہے یہیں قفس میں، میں غم سے مر نہ جاؤں

یا نظم ''محبت'' کی ابتدا ان اشعار سے ہوتی ہے ؎

عروس شب کی زلفیں تھیں ابھی نا آشنا خم سے
ستارے آسماں کے بے خبر تھے لذّتِ رم سے
قمر اپنے لباسِ نو میں بے گانہ سا لگتا تھا
نہ تھا واقف ابھی گردش کے آئینِ مسلّم سے
سنا ہے عالمِ بالا میں کوئی کیمیا گر تھا
صفا تھی جس کی خاکِ پا میں بڑھ کر ساغرِ جم سے

اس طرح کے دوسرے قافیوں سے گزرتے ہوئے نظم ان قوافی سے مختلف قافیے پر ختم ہوتی ہے، جس میں ستاروں اور لالہ زاروں کے قوافی، اور 'نے' کی ردیف استعمال ہوئی ہے ؎

خرامِ ناز پایا آفتابوں نے، ستاروں نے
چٹک غنچوں نے پائی، داغ پائے لالہ زاروں نے

ان تمام مثالوں کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ ''بانگِ درا'' میں زیادہ ہیئتوں پر مبنی اصناف مثنوی، مسدس اور ترکیب بند ہیں۔ اگر ان مروجہ روایتی ہیئتوں سے الگ دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ اقبال نے جگہ جگہ طبع زاد ہیئتوں کا بھی استعمال کیا ہے۔ ان ہیئتوں میں بعض تو بالکل نئی ہیں اور بعض پرانی ہیئتوں کے باہمی اشتراک سے بنائی گئی ہیں۔ ہیئت کے یہ تجربات بانگِ درا میں سب سے زیادہ ملتے ہیں۔ اس

سلسلے میں خواجہ محمد زکریا رقم طراز ہیں:

ہیئت کے تجربے سب سے زیادہ ''بانگِ درا'' میں ہیں۔ اس کی سترہ نظمیں روایتی ہیئتوں سے مختلف ہیں۔ 'بالِ جبریل' میں ایسی نظموں کی تعداد سات ہے اور 'ضربِ کلیم' میں آٹھ۔۔۔۔۔ 'ارمغانِ حجاز' میں اردو نظموں کا حصہ بہت کم ہے۔ مگر اس میں بھی تین نظمیں ہیئت کے اعتبار سے تجربات کی حیثیت رکھتی ہیں۔ یعنی اقبال کے اردو کلام میں بہ حیثیت مجموعی پینتیس نظمیں ہیئت کے تجربات کے ذیل میں آتی ہیں اور یہ تعداد اتنی زیادہ ہے کہ جن شاعروں کی کل کائنات ہی ہیئت کے تجربات ہیں ان کے ہاں بھی غیر روایتی ہیئتیں اس بڑی تعداد تک نہیں پہنچتیں۔[۱]

۱۔ اقبال کا ادبی مقام۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا، ص:۷۷، مکتبہ عالیہ، لاہور ۱۹۷۷ء

ہیئت کے سلسلے میں اگر کلامِ اقبال کا بہ غور مطالعہ کیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ کہیں کہیں اقبال نے دو یا تین مختلف ہیئتوں کو ایک ساتھ جمع کر دیا ہے۔ کہیں ترکیب بند اور مثمن، کہیں مثنوی اور مسدس کو ایک ساتھ ملا دیا ہے۔ اس ضمن میں چند نظمیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ جن میں ''غرّۂ شوّال یا ہلالِ عید''، ''بزمِ انجم''، ''گورستانِ شاہی'' اور نظم ''ستارہ'' قابلِ ذکر ہیں۔ ذیل میں ان نظموں سے مثالیں پیش ہیں:

غرّۂ شوّال! اے نورِ نگاہِ روزہ دار
آ کہ تھے تیرے لیے مسلم سراپا انتظار
تیری پیشانی پہ تحریرِ پیامِ عید ہے
شام تیری کیا ہے، صبحِ عیش کی تمہید ہے

ساتویں شعر میں اقبال نے چاند سے اس طرح خطاب کیا ہے:

اوجِ گردوں سے ذرا دنیا کی بستی دیکھ لے
اپنی رفعت سے ہمارے گھر کی پستی دیکھ لے

اس طرح مثنوی کی ترتیب میں قوافی میں سات اشعار رقم کیے گئے ہیں۔ مگر اس کے بعد ہیئت بدل جاتی ہے اور مثنوی کے بجائے ترکیب بند جیسا ایک بند سامنے آ جاتا ہے۔ مثال کے طور پر صرف دو تین اشعار پیش کیے جا رہے ہیں:

قافلے دیکھ اور ان کی برق رفتاری بھی دیکھ
رہ روِ درماندہ کی منزل سے بیزاری بھی دیکھ
جس کو ہم نے آشنا لطفِ تکلم سے کیا

اس حریف بے زباں کی گرم گفتاری بھی دیکھ

اور پھر آخری شعر اس طرح اختتام پذیر ہوتا ہے:

صورتِ آئینہ سب کچھ دیکھ، اور خاموش رہ
شورشِ امروز میں محو سرودِ دوش رہ
''غرّہٗ شوّال یا ہلالِ عید''

نظم ''بزمِ انجم'' میں بھی پہلے دو بند ترکیب بند کے انداز میں لکھے گئے ہیں اور آخری بند قطعہ کی شکل میں ہے کیوں کہ اس میں اختتامی ہیئت موجود نہیں ہے۔ آخری بند کے کچھ اشعار ملاحظہ ہو:

حسنِ ازل ہے پیدا تاروں کی دلبری میں
جس طرح عکسِ گل ہو شبنم کی آرسی میں
اک عمر میں نہ سمجھے اس کو زمین والے
جو بات پاگئے ہم تھوڑی سی زندگی میں

اور آخری شعر:

ہیں جذبِ باہمی سے قائم نظام سارے
پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں

کلامِ اقبال میں ہیئت بدلنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ مثنوی کی ہیئت میں اشعار کہتے کہتے، جہاں خیالات میں روانی اور تسلسل پیدا ہوتا ہے وہ وہاں مسدس کا بند لے آتے ہیں۔ اس لیے کہ مسدس کے چار مصرعوں میں ایک کے بعد ایک قافیوں کا التزام رکھا جاتا ہے جس کے سبب خیالات میں روانی اور جوش پیدا ہوجاتا ہے۔ غالباً تیزی اور سرعت کا تاثر قائم کرنے کے لیے علامہ اس طرح کی ترتیب اپنی نظموں میں لاتے تھے۔ اس کی بہترین مثال نظم ''گورستانِ شاہی'' ہے:

آسماں، بادل کا پہنے خرقۂ دیرینہ ہے
کچھ مکدّر سا جبینِ ماہ کا آئینہ ہے
چاندنی پھیکی ہے اس نظارۂ خاموش میں
صبح صادق سو رہی ہے رات کی آغوش میں
کس قدر اشجار کی حیرت فزا ہے خامشی
بربطِ قدرت کی دھیمی سی نوا ہے خامشی

باطن ہر ذرّۂ عالم سراپا درد ہے
اور خاموشی لبِ ہستی پہ آہِ سرد ہے

اس طرح نظم میں بائیس اشعار قوافی کی اسی ترتیب کے ساتھ لائے گئے ہیں مگر اس کے بعد اچانک مسدس کا بند آجاتا ہے۔ مثلاً:

شورش بزمِ طرب کیا! عود کی تقریر کیا
درد مندانِ جہاں کا نالۂ شب گیر کیا!
عرصۂ پیکار میں ہنگامۂ شمشیر کیا
خون کو گرمانے والا نعرۂ تکبیر کیا!

اب کوئی آواز سوتوں کو جگا سکتی نہیں
سینۂ ویراں میں جانِ رفتہ آسکتی نہیں

اس طرح نظم ''ستارہ'' کا پہلا بند مثمن کا معلوم ہوتا ہے مگر دوسرا بند ترکیب بند کا قطعہ ہے۔ جس میں قافیے کی ترتیب بھی مختلف ہے۔

قمر کا خوف کہ ہے خطرۂ سحر تجھ کو
مآلِ حسن کی کیا مل گئی خبر تجھ کو؟
متاعِ نور کے لٹ جانے کا ہے ڈر تجھ کو!
ہے کیا ہراسِ فنا صورتِ شرر تجھ کو؟
زمیں سے دور دیا آسماں نے گھر تجھ کو
مثالِ ماہ اڑھائی قبائے زر تجھ کو

غضب ہے پھر تری ننھی سی جان ڈرتی ہے
تمام رات تری کانپتے گزرتی ہے

مگر دوسرے بند کے صرف دو شعر ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں:

چمکنے والے مسافر! عجب یہ بستی ہے

جو اوج ایک کا ہے، دوسرے کی پستی ہے
سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

ڈاکٹر محمد ریاض نے اپنے مضمون ''اقبال ایک ولولہ انگیز ترکیب بند'' میں اردو، فارسی نظموں میں ترکیب بند نظموں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

ترکیب بند اقبال کی اردو اور فارسی شاعری میں کئی ہیں اور اس ہیئت میں ان کی لازوال طویل نظمیں بھی ملتی ہیں۔تصویرِ درد، بزمِ انجم، شمع اور شاعر، حضور رسالت مآبؐ میں، شفاخانۂ حجاز، صدیقؓ، والدہ مرحومہ کی یاد میں، بلالؓ (لکھا ہے ایک ـــ) پھولوں کی شہزادی، شیکسپیئر، خضرراہ، طلوعِ اسلام، مسجدِ قرطبہ، افکارِ پریشاں، عبدالرحمن اوّل ـــ طارق کی دعا، ذوق وشوق اور تا تاری کا خواب وغیرہ اردو کے اور گلِ نخستیں، تسخیر فطرت، نوائے وقت، اگر خواہی حیات ـــ اور پیام وغیرہ علامہ مرحوم کے فارسی کے مشہور ترکیب بند ہیں۔ زمزمۂ انجم، اقبالؔ کے مختصر ترکیب بندوں میں سے ہے مگر معانی خیزی کے لحاظ سے بے انتہا ولولہ انگیز اور توجہ طلب ہے۔[۱]

۱۔ افاداتِ اقبال۔ ڈاکٹر محمد ریاض، ص:۳۲۹، مقبول اکیڈمی، لاہور ۱۹۸۳ء

''بانگِ درا'' کی ایک اور نظم ''حسن وعشق'' میں قافیوں کی ترتیب کا ایک نرالا اور انوکھا تجربہ کیا گیا ہے۔ اس نظم میں تین بند ہیں اور ہر بند میں مصرعوں کی تعداد سات ہے جب کہ اردو میں سات مصرعے لکھنے کا رواج بہت کم ہے۔ اس نظم میں قافیے کی ترتیب اس اعتبار سے بھی انوکھی ہے کہ ہر بند میں چھ مصرعے مثنوی کے انداز میں لکھے گئے ہیں اور ساتواں، چودھواں اور اکیسواں، مصرعہ آپس میں ہم قافیہ ہیں۔

جس طرح ڈوبتی ہے کشتیِ سیمینِ قمر
نورِ خورشید کے طوفان میں ہنگامِ سحر
جیسے ہو جاتا ہے گم، نور کا لے کر آنچل
چاندنی رات میں مہتاب کا ہم رنگ کنول
جلوۂ طور میں جیسے یدِبیضائے کلیم
موجۂ نکہت گلزار میں غنچے کی شمیم

ہے ترے سیل محبت میں یوں ہی دل میرا   ۷

حسن کامل ہے ترا، عشق ہے کامل میرا   ۱۴

قافلہ ہو گیا آسودۂ منزل میرا   ۲۱

اس کے علاوہ 'گلِ پژمردہ'، 'اخترِ صبح'، 'نوائے غم'، 'انسان'، 'فلسفۂ غم'، 'میں اور تو' اور 'عرفی' وغیرہ نظموں میں بھی ہیئت کے تجربات قابلِ توجہ معلوم ہوتے ہیں۔

''بانگِ درا'' کی ایک اور نظم ''ہندوستانی بچوں کا قومی گیت'' ترجیع بند ہیئت میں ہے۔ میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے، کی تکرار سے یہ نظم ترجیع بند کی صورت اختیار کرگئی ہے۔ اس نظم میں چار بند ہیں اور ہر بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہے۔ پہلے بند کا پانچواں، دسواں، پندرہواں، اور بیسواں مصرعہ ایک سا ہے۔ اور اس میں ''میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے'' کی تکرار ملتی ہے۔ نمونے کے طور پر پہلا بند ملاحظہ ہو:

چشتیؒ نے جس زمیں میں پیغامِ حق سنایا
نانک نے جس چمن میں وحدت کا گیت گایا
تاتاریوں نے جس کو اپنا وطن بنایا
جس نے حجازیوں سے دشتِ عرب چھڑایا
میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے

مثنوی کی ہیئت کو بھی اقبال نے خاص طور پر اپنی نظموں میں اپنایا ہے۔ مثنوی کی ہیئت کو عام طور پر کسی طویل موضوع کے لیے انتخاب کیا جاتا ہے اور اس کے لیے سادہ اور چھوٹی بحریں استعمال کی جاتی ہیں۔ مگر اقبال نے اپنی نظموں میں اس بات کا لحاظ رکھا ہے کہ نظم کے مزاج کے مطابق ہیئت کا استعمال کیا جائے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر ریاض لکھتے ہیں کہ:

> اقبال نے مثنویوں میں غیر معمولی تصرفات اور جدّتیں دکھائی ہیں۔ یہ تصرفات اور جدّتیں حسبِ ذیل میں مثنویوں کے آغاز یا بیچ میں اپنے یا دوسروں کے اشعار لاتے ہیں۔ دوسری بحور کے اشعار پر تضمین کرتے ہیں۔ کئی مقامات پر اپنی یا دوسروں کی غزلیں نقل فرماتے ہیں۔ ''جاوید نامہ'' میں جن دوسرے شعرا کی غزلیں یا اشعار تضمین و ذکر کیے ہیں، وہ حسب ذیل ہیں: 'مولانائے روم'، 'بھرتری ہری' (فارسی ترجمہ)، ناصر خسرو علوی قبادیانی (۱۰۸۱ئ) قرۃالعین طاہرہ، بہاء اللّٰہی (۱۸۵۲ئ) اور مرزا غالب (۱۸۶۹ئ)۔ بہرحال یہ اقبال کی بے نظیر جدّتیں ہیں جن کی وجہ سے مثنویاں بہت جالبِ توجہ اور دلچسپ بن گئی ہیں۔ ''اسرارِ خودی'' اور ''رموزِ بے خودی'' کا آغاز ''پس چہ باید کرد'' کی تمہید اور ''جاوید نامہ'' کے بعض مقامات، ''مسافر'' اور ''گلشنِ راز جدید'' میں بھی غزلیں ہیں) علامہ کی کوئی ایک مثنوی کبھی تضمینوں

(مع دوسری بحروں کے استعمال کے)اور غزلوں کے اوزان سے خالی نہیں ہے۔ ا؎

ا۔ افاداتِ اقبال۔ڈاکٹر محمد ریاض،ص:۱۵۷۔۱۵۸،مقبول اکیڈمی، لاہور ۱۹۸۳ء

''بانگِ درا'' کی نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' مثنوی کی شکل میں ہے۔اس کی بحر لمبی ہے۔مثنوی کی مخصوص ہیئت سے نظم کے خیالات میں تسلسل اور روانی پیدا ہوتی ہے۔مثال کے طور پر نظم کے چند اشعار ملاحظہ ہو:

کس کو اب ہو گا وطن میں آہ! میرا انتظار
کون میرا خط نہ آنے سے رہے گا بے قرار
تربیت سے تیری میں انجم کا ہم قسمت ہوا
گھر مرے اجداد کا سرمایۂ عزّت ہوا
تخم جس کا تو ہماری کشتِ جاں میں بو گئی
شرکتِ غم سے وہ الفت اور محکم ہو گئی

اس نظم پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے اپنے مضمون ''اقبال کے کلام میں موضوع اور ہیئت کی ہم آہنگی'' میں جس خیال کا اظہار کیا ہے اس سے اس نظم کے تاثر، ہمہ گیری اور دوررس آہنگ کی تصدیق ہوتی ہے:

نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' ایک کہن سال، تجربہ کار، جہاں دیدہ مفکر بزرگ کی دبی ہوئی، رُکی رُکی سی فریاد ہے اس لیے کہ:

علم و حکمت رہزنِ سامانِ اشک و آہ ہے
یعنی اک الماس کا ٹکڑا دلِ آگاہ ہے

'والدہ مرحومہ کی یاد میں' صرف اقبال کی والدہ کی یاد ہی پوشیدہ نہیں بلکہ ہر ذی الحس انسان کی والدہ کی یاد سموئی ہوئی ہے۔اس نظم کا تاثر ہمہ گیر ہے،اس میں آفاقیت ہے۔''ا؎

ا۔ مشمولہ اقبال بہ حیثیت شاعر۔مرتبہ: رفیع الدین ہاشمی،ص:۱۰۵،ایجوکیشنل بک ہاؤس،علی گڑھ ۱۹۸۲ء

اس کے علاوہ 'ایک شام'، 'بچہ اور شمع'، 'بلادِ اسلامیہ'، 'حسن و عشق' وغیرہ نظمیں بھی مثنوی کی ہیئت میں ہیں۔

بانگِ درا کی طویل نظموں میں ''شکوہ'' اور ''جوابِ شکوہ'' پوری مسدس کی ہیئت میں ہیں، اس کے علاوہ اقبال نے کچھ نظموں میں یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ نظم کو کئی عنوانات کے تحت تقسیم کر کے نہ صرف ہیئت

بلکہ بحر بھی بدل دی۔ اس طرح کی نظموں میں مختلف بند کے لیے مختلف بحروں کا انتخاب اور بحروں کی بنیاد پر موسیقیت کو موضوع سے ہم آہنگ رکھنے کا اہتمام توجہ طلب ہے۔ ان نظموں میں 'رات اور شاعر'، 'شمع و شاعر' اور 'خضر راہ' قابلِ ذکر ہیں۔ نظم ''رات اور شاعر'' میں رات، شاعر سے اس طرح مخاطب ہوتی ہے:

کیوں میری چاندنی میں پھرتا ہے تو پریشاں
خاموش صورتِ گل، مانندِ بو پریشاں
شاعر کا دل ہے لیکن نا آشنا سکوں سے
آزاد رہ گیا تو کیوں کر مرے فسوں سے؟

مگر جب شاعر رات کے سوال کا جواب دیتا ہے تو بحر اور اندازِ تخاطب دونوں بدل جاتے ہیں:

میں ترے چاند کی کھیتی میں گہر بوتا ہوں
چھپ کے انسانوں سے مانندِ سحر روتا ہوں

''بانگِ درا'' میں ہیئت کے جو تجربات ملتے ہیں۔ ''بالِ جبریل'' میں یہ تجربات مختلف صورت میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔ ''بالِ جبریل'' کی بیش تر نظمیں کئی کئی حصوں پر مشتمل ہیں ہر حصے کو ذیلی عنوان کے تحت تقسیم کیا گیا ہے۔ ان نظموں میں ڈرامائی انداز نمایاں نظر آتا ہے۔ واضح رہے کہ ان تجربات کی ابتدا 'بانگِ درا' کی کچھ نظموں سے ہو گئی تھی جن کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ ان نظموں کے بارے میں ڈاکٹر خواجہ زکریا نے اپنے مضمون ''اقبال کی اردو شاعری میں ہیئت کے تجربے'' میں لکھا ہے کہ:

''بالِ جبریل'' میں 'لینن خدا کے حضور میں' 'فرشتوں کا گیت' اور 'فرمانِ خدا' ایک ہی ڈرامائی نظم کے تین حصے ہیں۔ ان میں بحر مختلف ہے اور کہیں ہیئت۔ یہی کیفیت اس نظم کی ہے جس کے دو ذیلی عنوانات ہیں۔ 'فرشتے آدم کو جنت سے رخصت کرتے ہیں' اور 'روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'۔ پہلا حصہ قطع کی ہیئت میں ہے دوسرا مخمس۔ اسی طرح کی ایک اور مثال یورپ سے 'ایک خط اور جواب' کی ہے۔ ایسی نظموں میں ہیئتوں اور بحروں کی تبدیلی سے اقبال مختلف کرداروں کے مزاج کا فرق واضح کرنا چاہتے ہیں۔''[۱۰]

مثال کے طور پر نظم 'لینن خدا کے حضور میں' کے مختلف تین حصوں سے تین الگ بحروں کے انتخاب کے نمونے ان اشعار کی مدد سے ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں:

اے انفس و آفاق میں پیدا ترے آیات
حق یہ ہے کہ ہے زندہ و پائندہ تری ذات
عقل ہے بے زمام ابھی، عشق ہے بے مقام ابھی

نقش گرِ ازل ترا، نقش ہے ناتمام ابھی
اٹھو میری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخِ امراء کے در و دیوار ہلا دو

ایک اور اہم نظم ہے جس کا عنوان 'ایک نوجوان کے نام' ہے۔اس کے دونوں بندوں میں مصرعوں کی تعداد چھ ہے، اس لیے یہ نظم مسدس معلوم ہوتی ہے۔مگر قافیوں کی ترتیب مسدس سے اس اعتبار سے مختلف ہو جاتی ہے کہ مسدس میں پانچویں اور چھٹے مصرعے کے قوافی بدل جاتے ہیں جب کہ اس نظم میں ایک ہی طرح کے قافیے تینوں شعروں میں استعمال ہوئے ہیں۔مثال کے لیے یہ بند دیکھا جا سکتا ہے:

ترے صوفے ہیں افرنگی، ترے قالیں ہیں ایرانی
لہو مجھ کو رُلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی
امارت کیا، شکوہِ خسروی بھی ہو تو کیا حاصل؟
نہ زورِ حیدری تجھ میں نہ استغنائے سلمانی

نہ ڈھونڈ اس چیز کو تہذیبِ حاضر کی تجلی میں
کہ پایا میں نے استغناء میں معراجِ مسلمانی

ا۔ اقبال کا ادبی مقام۔ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا،ص:۸۲، مکتبہ عالیہ، لاہور ۱۹۷۷ء

ترتیبِ قوافی کے لحاظ سے اس کو قطعہ بھی کہا جا سکتا ہے۔اس ضمن میں خواجہ محمد زکریا رقم طراز ہیں:

یہ بند بھی ترتیب قوافی کے لحاظ سے قطعہ ہے لیکن روایتی ہیئتوں میں کسی ایک نظم میں اوپر تلے ایک ہی بحر کے قطعات لکھنے کا رواج نہیں ہے۔ یہ طریقہ مسدس کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے اس نظم کے بارے میں کہنا چاہیے کہ یہ مسدس اور قطعے کی ہیئتوں کا امتزاج ہے۔ا۔

اقبال کی کچھ نظموں اور غزلوں کے ماسوا کلامِ اقبال کے مطالعے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ان کے یہاں کوئی بہت بڑی لسانی یا عروضی بغاوت تو نہیں ملتی مگر ان کے کلام میں پرانی اصنافِ سخن اور پرانے اوزان و بحور سے کام لینے کے باوجود موسیقی کے زیر و بم اور تاثر کی شدت اور تخفیف کے لیے جزوی ہیئتی تبدیلیاں ضرور روبہ عمل آتی رہتی ہیں۔صوفی غلام مصطفیٰ تبسم اپنے مضمون ''اقبال کے کلام میں موضوع اور ہیئت کی ہم آہنگی'' میں رقم طراز ہیں:

ان کا کلام قدیم عروضی نظام میں سمویا ہوا نظر آتا ہے لیکن عروض کا تعلق اوزان سے ہوتا ہے۔اوزان کا تنوع

اور ان کے زحافات، موسیقی کے زیروبم سے مربوط ہوتے ہیں۔ ۲؎

۱؎ اقبال کا ادبی مقام۔ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا، ص: ۸۳، مکتبہ عالیہ، لاہور ۱۹۷۷ء

۲؎ مشمولہ اقبال بہ حیثیت شاعر۔مرتبہ: رفیع الدین ہاشمی، ص: ۱۰۴، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ ۱۹۸۲ء

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ اقبال کی نظموں کی ہیئت کے سلسلے میں یہ بات کبھی فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ اقبال نے پہلے سے رائج شعری ہیئتوں کو ہی کثرت سے استعمال کیا ہے۔کہیں کہیں مغربی شاعری کے زیرِاثر انھوں نے اپنی نظموں میں ہیئتوں کی جو جزوی ترمیم کی ہے اس کا انداز یہ اختیار کیا ہے کہ متعدد جگہوں پر مختلف ہیئتوں کو ایک ساتھ ملا دیا ہے اور کہیں اپنی نظموں میں ایک سے زائد بحروں کا استعمال بھی کیا ہے۔شمس الرحمن فاروقی نے اپنے مضمون ''اقبال کا عروضی نظام'' میں بحروں سے بحث کرتے ہوئے اقبال کی بحروں کے انتخاب کے بارے میں عام مفروضات سے اختلاف کرتے ہوئے قدرے مختلف رائے دینے کی کوشش کی ہے:

> اقبال کے یہاں بحروں کا تنوع بہت ہے، اور انھوں نے بہت مترنم بحریں استعمال کی ہیں۔ یہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ دوسری بات تو اس لیے غلط ہے کہ بحر کی شرط ہی یہ ہے کہ وہ مترنم ہو۔۔۔۔۔کسی ایک بحر یا چند بحر یا چند بحروں کو مترنم ٹھہرانا اور باقی کو کم مترنم سمجھنا اس مفروضے کو راہ دیتا ہے کہ بحر کے لیے ترنم بنیادی یا بڑی شرط نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ مفروضہ غلط ہے۔ دوسری بات اس لیے بھی غلط ہے کہ ایک آدھ کے علاوہ اقبال نے تمام بحریں وہی استعمال کی ہیں جو تمام اردو شاعری میں عام اور مروج ہیں اور جو استثنائی بحریں بھی ہیں (بحر مسرج، بحر رجز سالم، ہندی کا سرسی چھنڈ)۔۱؎

اس کے علاوہ گیان چند جین نے اپنے مضمون ''اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ'' میں اقبال کی بحروں کی جو جدول مرتب کی ہے۔اس میں انھوں نے بحروں کے نام اور ہر بحر کے اشعار کی تعداد بھی بتائی ہے۔اور کلامِ اقبال میں استعمال شدہ بحروں کی تعداد ۲۴ بتائی ہے۔مزید یہ کہ شمس الرحمن فاروقی نے اپنے مضمون ''اقبال کا عروضی نظام'' میں اشعار کی فی صد تعداد بھی بتائی ہے۔ ہر بحر کے اشعار کا تناسب نکالنے کے بعد حسب ذیل باتیں سامنے آتی ہیں:

۱۔ سات بحریں ایسی ہیں جن میں اقبال کے اشعار فرداً فرداً ۶ فی صدی یا اس سے کم ہیں۔ رمل مثمن شکول میں تعداد ۶ فی صدی ہے اور رباعی کی بحر میں یہ تعداد محض ۴ فی صدی ہے۔

۲۔ پانچ بحریں ایسی ہیں جن میں اشعار کی تعداد فرداً فرداً ۲ فی صدی سے کم ہے۔متقارب مثمن سالم میں یہ تعداد ۹ا فی صدی ہے۔اور متقارب مقبوط اثلم مضاعف میں ۳ ´ا فی صدی۔

۳۔ اقبال کے کلام کا کثیر ترین حصہ یعنی ۶۵ ´۶۸ فی صدی، محض پانچ بحروں میں ہے۔وہ اس تجزیے

کا نتیجہ ان الفاظ میں نکالتے ہیں:

اس تجزیے کے بعد مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، لیکن یہ کہنا نامناسب نہ ہوگا کہ رباعی جیسی خوب صورت بحر میں اقبال نے صرف دوشعر یعنی ایک رباعی کہی ہے۔۔۔۔ دومشہور اوزان میں اقبال نے ایک شعر بھی نہیں کہا۔ یہ دونوں اوزان ہیں، سریع مسدس مطوی مکشوف (مفتعلن مفتعلن فاعلن اور رمل مسدس مجنون مخذوف مقطوع (فاعلاتن مفلاتن مفلن) موخر الذکر مشہور ہونے کے علاوہ بہت مقبول بھی ہے۔۲

۱۔ اقبال کا عروضی کلام۔شمس الرحمن فاروقی، ص:۲۹۔۳۰، مشمولہ اقبالیات، شمارہ:۳، ایڈیٹر: پروفیسر آل احمد سرور، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر، اشاعتِ دوم، فروری ۲۰۰۶ء

۲۔ ایضاً، ص:۳۰۔۳۱

''بانگِ درا'' اور ''بالِ جبریل'' کی زیادہ تر نظمیں بحر رمل مثمن مخذوف یا مقصور (فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن یا فاعلات) میں کہی گئی ہیں۔ جس میں 'ہمالہ'، 'گلِ رنگین'، 'مرزا غالب'، 'خفتگانِ خاک' سے استفسار، 'شمع و شاعر'، 'والدہ مرحومہ کی یاد میں' اور 'خضرِ راہ' جیسی مشہور و معروف نظمیں شامل ہیں۔ گیان چندجین نے اس بحر کے بارے میں لکھا ہے کہ اقبال نے اس بحر میں:

سب سے زیادہ اردو اشعار یعنی ۱۰۵۳ کہے لیکن ان میں سے ۸۵۶ 'بانگِ درا' ہی میں ہیں۔ باقی کسی مجموعے میں سو اشعار بھی نہیں۔ نظموں کی تعداد کے لحاظ سے اس وزن کا نمبر تیسرا ہے۔۔۔۔ یہ وزن بہت سہل و سبک ہوتا ہے شاید یہی وجہ ہے کہ بعد کے مجموعوں میں اقبال کی مشکل پسند طبیعت نے اسے کم نوازا۔۱

پروفیسر وقارعظیم نے بھی اس بحر کے سلسلے میں کہا ہے کہ:

''بانگِ درا'' اور ''بالِ جبریل'' کی ان نظموں میں سے اکثر میں جو (فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن) میں کہی گئی ہیں۔ بعض باتیں مشترک ہیں۔ ان میں اقبال کسی نہ کسی سے مخاطب ہیں۔ ان میں اکثر جگہ بات استفہامی انداز میں کہی گئی ہے ان میں اکثر اقبال کا انداز جذباتی اور موضوعی ہے۔ ''بالِ جبریل'' کی ان نظموں میں بھی جو کہ اقبال کے فکر کے بعض پہلوؤں کی وضاحت اور ترجمانی کرتی ہیں۔۲

۱۔ اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ۔ گیان چندجین، ص:۶۸، مشمولہ اقبال کا فن، مرتبہ: گوپی چند نارنگ، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی ۱۹۸۹ء

۲۔ اقبال شاعر و فلسفی۔ سید وقار عظیم، ص:۱۵۲، علی گڑھ بک ڈپو، شمشاد مارکیٹ، علی گڑھ ۱۹۷۵ء

اس کے علاوہ ''بالِ جبریل'' کی غزل ''پھر چراغِ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن'' بھی اسی بحر میں ہے۔

مضارع مثمن اخرب مکتوف (مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن یا فاعلات) اس بحر کو بھی اقبال نے

اپنی نظموں میں کافی استعمال کیا ہے۔ ''بانگِ درا'' میں 'شمع و پروانہ'، 'آفتاب'، 'شبنم اور ستارے'، 'ایک مکالمہ، شبلی و حالی' وغیرہ نظمیں شامل ہیں۔ اور ''بالِ جبریل'' میں 'ہسپانیہ'، 'لینن'، 'فرمانِ خدا'، 'روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'، 'ابلیس کی عرض داشت'، 'باغی مرید'، 'آزادیٔ افکار'، 'شیر اور خچر' وغیرہ نظمیں اسی بحر میں شامل ہیں۔ مثال کے طور پر ان کی مختلف نظموں سے اشعار پیش کیے جا رہے ہیں:

اے آفتاب! روحِ روانِ جہاں ہے تو
شیرازہ بند دفتر کون و مکاں ہے تو
------------''آفتاب''

اک رات یہ کہنے لگے شبنم سے ستارے
ہر صبح نئے تجھ کو میسّر ہیں نظارے
--------''شبنم اور ستارے''

ہسپانیہ تو خونِ مسلماں کا امیں ہے
مانندِ حرم پاک ہے تو میری نظر میں
......''ہسپانیہ''

کہتا تھا عزازیل خداوندِ جہاں سے
پرکالۂ آتش ہوئی آدم کو کفِ خاک
''ابلیس کی عرض داشت''

مضارع مثمن اخرب (مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن) کی بحر میں اقبال کی کئی مشہور نظمیں ہیں۔ جو کہ ''بانگِ درا'' میں شامل ہیں۔ اس بحر میں ''بالِ جبریل'' کی کوئی بھی نظم نہیں ہے۔ اس بحر کے بارے میں گیان چند جین کا کہنا ہے کہ:

> اس وزن میں اقبال کی دو قسم کی نظمیں ہیں۔ (۱) قومی، (۲) مناظر فطرت کی، قومی نظموں میں 'نیا شوالہ'، 'ترانۂ ہندی'، 'ترانۂ ملّی' اور 'ہندوستانی قومی بچوں کا گیت ع 'چشتی نے جس زمیں میں پیغامِ حق سنایا۔ مشہور ترین ہیں۔ اگر 'سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا' کو اقبال کی سب سے زیادہ معروف نظم قرار دیا جائے تو یہ وزن بھی اس قدر اہم ہوگا۔ [۱]

۱؎ اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ، ص: ۱۰۴، مشمولہ اقبال کا فن، مرتبہ: گوپی چند نارنگ، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی ۱۹۸۹ء

منسرح مطوی موقوف (مفتعلن فاعلات مفتعلن فاعلات) اس بحر کو اقبال نے اپنی معروف نظم ''مسجدِ قرطبہ'' میں استعمال کیا ہے۔ بہت کم شاعروں نے اپنے کلام میں اس بحر کا استعمال کیا ہے۔ دراصل انھوں نے جان بوجھ کر اس بحر کا استعمال کیا۔ اس لیے کہ اس بحر میں روانی سے زیادہ نشیب وفراز کی کیفیت پائی جاتی ہے۔ اس نظم کا موضوع اسی بات کا متقاضی تھا۔ گیان چند جین نے اس وزن کو اقبال کی آواز سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے:

> اقبال کے علاوہ اردو کے دوسرے شعرا نے اسے بہت ہی کم استعمال کیا ہے۔ اقبال کی بدولت ہی اردو اس سے روشناس ہوئی۔۔۔۔۔۔۔ نظموں میں مَیں ''مسجدِ قرطبہ'' کو سب سے زیادہ عظیم سمجھتا ہوں اور یہ نظم اور اس کے ساتھ کی نظم ''دعا'' اس دشوار گزار وزن میں ہے۔ نظم میں فکر کی جو رفعت وعظمت ہے، یہ وزن بہ خوبی اس کا حریف ہو سکا ہے۔[۱]

۱۔ اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ، ص: ۱۰۵، مشمولہ اقبال کا فن، مرتبہ: گوپی چند نارنگ، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی ۱۹۸۹ء

''مسجدِ قرطبہ'' کے بند غزل کی صورت میں ملتے ہیں اور عربی شاعری کے انداز میں ردیف کے بجائے قافیوں پر زیادہ زور ملتا ہے۔ یہ نظم شاعری کی ذہنی کیفیت اور آہستہ خرامی کی غماز ہے۔ مثال کے طور پر چند اشعار ملاحظہ ہو:

سلسلۂ روز و شب، نقش گر حادثات
سلسلۂ روز و شب، اصل حیات و ممات
سلسلۂ روز و شب، تارِ حریر دو رنگ
جس سے بناتی ہے ذات اپنی قبائے صفات
سلسلۂ روز و شب ساز ازل کی فغاں
جس سے دکھائی ہے ذات زیرو بم ممکنات
تجھ کو پرکھتا ہے یہ، مجھ کو پرکھتا ہے یہ
سلسلۂ روز و شب، صیرفیٔ کائنات
تیرے شب و روز کی اور حقیقت ہے کیا
اک زمانے کی روجس میں نہ دن ہے نہ رات

نظم ''ساقی نامہ'' موضوع کے اعتبار سے ''مسجدِ قرطبہ'' سے بالکل الگ ہے۔ اس لیے اقبال نے اس

کے لیے بحر بھی ہلکی پھلکی استعمال کی ہے۔ متقارب مثمن مقصور یا محذوف (فعولن فعولن فعولن فعول یا فعل) اس نظم میں اقبال نے شاعرانہ وسائل سے بہت کام لیا ہے۔ نظم میں شروع سے لے کر آخر تک اسلوب بیان کی سادگی قائم رہتی ہے۔ یہ نظم مثنوی کی ہیئت میں لکھی گئی ہے جو کہ مثنوی کا مشہور وزن ہے۔ فردوسی کا 'شاہنامہ' اور میر حسنؔ کی مثنوی ''سحر البیان'' بھی اسی وزن میں لکھی گئی ہیں۔ بانگِ درا کی ایک نظم ''ماں کا خواب'' بھی اسی وزن میں ہے۔ مثال کے طور پر نظم ''ساقی نامہ'' کے چند اشعار ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں:

ہوا خیمہ زن کا روانِ بہار
ارم بن گیا دامنِ کوہسار
گل و نرگس و سوسن و نسترن
شہیدِ ازل لالہ خونیں کفن
جہاں چھپ گیا پردۂ رنگ میں
لہو کی ہے گردش رگِ سنگ میں

مذکورہ بالا نظموں کے مطالعہ سے یہ بات محسوس ہوتی ہے کہ اقبال کے شاعرانہ احساسات کے تنوع نے ان کی نظموں میں دلچسپ اور متنوع آہنگ بھر دیا ہے۔ اور اس بات کا سارا انحصار اقبال کی ان بحروں پر ہے جو انھوں نے اپنے کلام میں استعمال کی ہیں۔

''ضربِ کلیم'' اور ''ارمغانِ حجاز'' میں بھی ہیئت کے انحرافی رویّے برابر ملتے ہیں۔ ان دونوں مجموعوں میں نظموں کا آہنگ بہت تیز ہے۔ اس طرح کی مثالیں اردو شاعری میں برائے نام ہی ملتی ہیں۔ اقبال کی نظموں کا یہ خاصہ ہے کہ وہ قاری کو اپنی طرف خود بہ خود متوجہ کرتی ہیں۔ ''ضربِ کلیم'' کی نظم ''محرابِ گل افغان کے افکار'' میں اقبال نے ایک ہندی بحر 'سرسی چھند' کے استعمال سے آہنگ کا بالکل نیا ذائقہ دینے کی کوشش کی ہے۔ یہ تجربہ اس نظم کے علاوہ کسی اور نظم میں نہیں کیا گیا۔ اس بحر سے متعلق 'عنوان چشتی' کا یہ بیان ہے کہ:

> اقبال نے ہندی کی محض ایک بحر ''سرسی چھند'' سے کام لیا ہے۔ 'سرسی چھند' میں مطلع جیسے دو مصرعے ہوتے ہیں۔ ہر مصرع دو حصوں میں منقسم ہوتا ہے۔ پہلے حصہ میں ۱۶/ اور دوسرے حصہ میں ۱۱/ ماترائیں ہوتی ہیں دونوں کے درمیان وقفہ ہوتا ہے۔[۱]

۱۔ اقبال اور اس کا عہد: فنّی جہات۔ ڈاکٹر عنوان چشتی، ص: ۱۵۵-۱۵۶، مشمولہ اقبال کا شعور و فن عصری تناظر میں، مرتبہ: ڈاکٹر قمر رئیس، شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی ۱۹۷۹ء

رومی بدلے شامی بدلے بدلا ہندوستان
تو بھی اے فرزندِ کہستاں اپنی خودی پہچان
اپنی خودی پہچان
او غافل افغان
موسم اچھا، پانی وافر، مٹی بھی زرخیز
جس نے اپنا کھیت نہ سینچا وہ کیسا دہقان
اپنی خودی پہچان
او غافل افغان

اس نظم میں پانچ بند ہیں اور تین تین ارکان والے مصرعے ترجیع کے ہیں۔ یعنی بار بار ان مصرعوں کی تکرار ملتی ہے۔ نظم کے ہر بند کو چار حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ پہلے دو مصرعے سات سات ارکان کے ہیں اور آخر کے مصرعے تین تین ارکان کے ہیں۔ اس نظم پر اظہار خیال کرتے ہوئے شمس الرحمن فاروقی نے لکھا ہے:

انھوں نے سرسی چھند میں جو نظم کہی ہے (او غافل افغان) اس میں اردو والوں کی عام روش کے خلاف انھوں نے آخری حرف مزید کا ہر مصرعے میں التزام کیا ہے تا کہ ۲۷ ماترائیں پوری ہوں۔[۱]

۱۔ اقبال کا عروضی نظام۔ شمس الرحمن فاروقی، ص: ۳۳، مشمولہ اقبالیات، شمارہ: ۳، ایڈیٹر: پروفیسر آل احمد سرور، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر، اشاعتِ دوم، فروری ۲۰۰۶ء

ارمغانِ حجاز کی ایک اور نظم ''ملا زادہ ضیغم لولابی کشمیر کا بیاض'' بھی قابلِ توجہ نظم ہے۔ اس نظم میں وادیٔ لولاب کی تکرار ملتی ہے۔ نظم میں پانچ بند ہیں اور ہر بند تین مصرعوں پر مشتمل ہے۔ پہلے دو مصرعے چار رکنی اور تیسرا مصرعہ دو رکنی ہے۔

پانی ترے چشموں کا تڑپتا ہوا سیماب
مرغانِ سحر تری فضاؤں میں ہیں بے تاب
اے وادیٔ لولاب
ملّا کی نظر نورِ فراست سے ہے خالی
بے سوز ہے میخانہ صوفی کی مے ناب
اے وادیٔ لولاب

اس طرح کے نادر مستزاد کی مثال ''بانگِ درا'' کی نظم 'انسان' میں بھی ملتی ہے۔ انھوں نے نظم کے آغاز میں ایک مصرعہ لکھا ہے:

قدرت کا عجیب یہ ستم ہے

اس کے بعد بند شروع ہوتا ہے:

انسان کو راز جو بنایا
راز اس کی نگاہ سے چھپایا
بیتاب ہے ذوق آگہی کا
کھلتا نہیں بھید زندگی کا
حیرت آغاز و انتہا ہے
آئینے کے گھر میں اور کیا ہے؟

اس طرح ایک بند میں سات مصرعے ہیں۔ یہ ایک انوکھا تجربہ ہے جس کی مثال اردو شاعری بالعموم نہیں ملتی۔

اس کے علاوہ کہیں کہیں علامہ اقبال نے اپنی نظموں میں کئی بحروں کو ایک ساتھ ملا کر پیش کیا ہے۔ فارسی میں 'پیامِ مشرق' کی نظم 'تسخیر فطرت' اس کی بہترین مثال ہے۔ اس نظم میں پانچ بند ہیں جس میں سے تین بندوں کی بحریں الگ الگ استعمال کی گئی ہیں۔

اسی طرح کا ہیئتی تجربہ اقبال نے 'ارمغانِ حجاز' کی نظم 'عالمِ برزخ' میں بھی کیا ہے۔ اس نظم میں چار مختلف آوازوں کے لیے تین مختلف بحریں استعمال کی گئی ہیں۔ اس ضمن میں مسعود حسین خاں نے اپنے مضمون 'ہیئتی تجربے' میں تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے:

> اس مکالمے کے لیے جس میں مذکورہ بالا چار کردار ہیں، تین مختلف بحریں استعمال کی گئی ہیں۔ ان کا تنوع اس طرح ہے:
>
> (۱) بحر ہزج مثمن مکفوف مخدوف الآخر (مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن) اس بحر میں دو آوازیں ہیں یعنی مردہ اور قبر کا مکالمہ پہلے چھ اشعار میں دونوں کردار ایک بحر میں سوال و جواب کرتے ہیں۔
>
> (۲) بحر رمل مثمن مخدوف (فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن) اس بحر میں صدائے غیب ہے، پھر مردے کا تخاطب اپنی قبر سے اور اس کے بعد پھر صدائے غیب، اس مکالمے میں نو اشعار ہیں۔
>
> (۳) بحر رجز مثمن مطوی (مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن) یہ 'زمین' کی آواز ہے جو تین اشعار اور خاتمے

پر ایک مصرع ع ’کیوں نہیں ہوتی سحر حضرت انسان کی رات‘ پر مشتمل ہے۔ا؎

اقبال کے یہاں نظموں کے علاوہ غزلوں میں بھی غیر روایتی انداز میں ہیئت کے نادر تجربات ملتے ہیں۔ جن سے ان کی جدت طرازی کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اقبال کے زمانے تک غزلوں کی ظاہری شکل، روایتی اور غیر لچک دار ہیئت سے عبارت تھی، مگر اقبال کی بیش تر اردو اور فارسی غزلیں ایسی ہیں جس میں انھوں نے بعض قطعہ نما اشعار کو بھی غزلیات کے زیر عنوان رکھا ہے:

۱۔ اقبال کی نظری و عملی شعریات۔ مسعود حسین خاں، ص: ۹۳۔۹۴، اقبال انسٹی ٹیوٹ، کشمیر یونیورسٹی، سری نگر ۱۹۸۳ء

عجب واعظ کی دین داری ہے یا رب
عداوت ہے اسے سارے جہاں سے
کوئی اب تک نہ یہ سمجھا کہ انساں
کہاں جاتا ہے، آتا ہے کہاں سے؟

الٰہی عقلِ خجستہ پے کو ذرا سی دیوانگی سکھا دے
اسے ہے سودائے بخیہ کاری، مجھے سرِ پیرہن نہیں ہے
ملا محبت کا سوز مجھ کو، تو بولے صبحِ ازل فرشتے
مثالِ شمعِ مزار ہے تو، تری کوئی انجمن نہیں ہے

اندازِ بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کے اتر جائے ترے دل میں مری بات
یا وسعتِ افلاک میں تکبیر مسلسل
یا خاک کے آغوش میں تسبیح و مناجات

قطعات کے یہ اشعار غزلوں کی طرح ہیں۔ اس طرح کی جدت طرازی کلامِ غالب میں بھی ملتی ہے۔ اقبال نے اپنی غزلوں میں، رمز و ایما اور علامات و تلمیحات کے استعمال سے تغزل پیدا کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی غزل کے اشعار میں تسلسل پیدا کر کے کہیں کہیں نظموں کا رنگ بھی دے دیا گیا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کی متعدد غزلوں کو بہت سے نقاد غزل کی صنف ماننے سے تامل کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایسی غزلیں نظم نما ہیں، اس لیے کہ ایک سے زیادہ شعروں میں بعض مضامین کا تسلسل ملتا ہے۔

علامہ اقبال غزل کی صنف میں بھی کسی مخصوص موڈ کی مناسبت سے بحر کا انتخاب کرتے ہیں۔ اس

بات کا ان کی نظموں میں پایا جانا زیادہ حیرت انگیز نہیں۔ مگر بحر کے اس انتخابی طریقے کو یقینا غزل کی پوری روایت میں ان کی انفرادیت کا نام دیا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر 'بالِ جبریل' کی اس غزل کو ملاحظہ کیا جاسکتا ہے:

جو تھا نہیں ہے، جو ہے نہ ہوگا، یہی ہے اک حرفِ محرمانہ
قریب تر ہے نمود جس کی، اسی کا مشتاق ہے زمانہ

معنوی تسلسل کے سبب خود اقبال نے اس غزل کا ایک عنوان (زمانہ) بھی مقرر کر دیا ہے۔ چنانچہ اس غزل کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے صوفی غلام مصطفی تبسم کا یہ بیان قابلِ توجہ معلوم ہوتا ہے:

''اس غزل کی بحر لمبی ہے جس میں بحر متقارب مثمن مقبوض اثلم کے آٹھ ارکان کو سولہ کر کے لکھا ہے۔ (فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن) دو مصرعوں کو ایک مصرعہ بنا دیا ہے۔ اس بحر کے استعمال سے شاعر نے وقت کے پھیلاؤ، اس کے تواتر اور تسلسل اور اس طوالت کی کیفیت کا اظہار کیا ہے جو اس بحر موسیقیت سے خود بہ خود آشکار ہو جاتی ہے۔''[۱]

اقبال کی ایک مشہور غزل جس کے ابتدائی دو شعر یہ ہیں:

اثر کرے نہ کرے، سن تو لے مری فریاد
نہیں ہے داد کا طالب یہ بندۂ آزاد
یہ مشت خاک، یہ صرصر، یہ وسعتِ افلاک
کرم ہے یا کہ ستم، تیری لذّتِ ایجاد

غزل کے منفرد اشعار کی روایت سے یہ مکمل انحراف کی مثال ہے۔ اس لیے کہ غزل کی ہیئت کا اہتمام کرنے کے باوجود اس غزل میں خیال کا تسلسل بھی ملتا ہے اور ارتقا بھی۔ شاید یہی وجہ ہے کہ غزل کے صنفی امتیازات پر اصرار کرنے والے لوگ بھی اس نوع کی غزل کی تعریف کر چکے ہیں۔ ان کی نظر میں اس غزل کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ ایک نظمیہ آہنگ رکھتی ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ غزل بھی نظم کی طرح کسی مربوط تجربے کی حامل ہو سکتی ہے۔ اقبال کی غزل گوئی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کلیم الدین احمد جیسے غزل کے نکتہ چیں بھی اس غزل کے حوالے سے نئے مضامین، جدت خیالات اور فکری تسلسل کو قابلِ تعریف قرار دیتے ہیں:

''اقبال کی غزلوں میں مضامین بالکل نئے ہیں، حالی کی طرح وہ بھی غزل کے عام مضامین سے علاحدگی اختیار کرتے ہیں۔ اور نئی نئی باتیں کہتے ہیں۔ اقبال نے خیالات کی دنیا بدل دی، یہ ایک بہت بڑا کارنامہ

ہے۔''۲؎

۱؎ اقبال کے کلام میں موضوع اور ہیئت کی ہم آہنگی۔صوفی غلام مصطفی تبسم، ص:۱۱۱، مشمولہ اقبال بہ حیثیت شاعر، مرتب: رفیع الدین ہاشمی، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ ۱۹۸۲ء

۲؎ اقبال ایک مطالعہ۔کلیم الدین احمد، ص: ۲۶۷، کریسنٹ کوآپریٹو پبلشنگ سوسائٹی لمٹیڈ، جگ جیون روڈ، گیا ۱۹۷۹ء

ایک دوسری غزل دیکھئے جس کی بحر متقارب زحافی (فعلن فعولن فعلن فعولن) ہے:

ہر شے مسافر، ہر چیز راہی
کیا چاند تارے کیا مرغ و ماہی
تو مردِ میداں، تو میرِ لشکر
نوری حضوری تیرے سپاہی
کچھ قدر اپنی تو نے نہ جانی
یہ بے سوادی یہ کم نگاہی

اس غزل کو پڑھتے ہی ایک بالکل نیا پہلو ذہن میں یہ آتا ہے کہ اقبال نے اپنے مختصر مشاہدات کو بیان کرنے کے لیے بحر بھی چھوٹی استعمال کی ہے۔ جیسا کے عرض کیا جاچکا ہے کہ انھوں نے ہر جگہ اپنی غزلوں میں اس بات کا لحاظ رکھا ہے کہ موضوع کی مناسبت سے بحر کا استعمال کیا جائے۔ مذکورہ بالا شواہد کی روشنی میں یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اقبال عروض پر غیر معمولی قدرت رکھتے تھے اور جہاں جس نوع کی عروضی تبدیلی یا انحراف میں جدت کی ضرورت محسوس کرتے تھے، بہ آسانی اس کا عملی ثبوت دینے کی کوشش کرتے تھے۔ اس ضمن میں پروفیسر جابر علی سید نے اقبال کے نظامِ عروض کے سلسلے میں بہت معنی خیز نتائج نکالے ہیں:

''اقبال نے کم وبیش تمام بحریں چابک دستی اور پوری مہارت کے ساتھ فارسی اور اردو میں برتی ہیں۔ اور ان کی تعداد بھی میرؔ اور غالبؔ کی طرح بیس پچیس تک پہنچ جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اقبال کو اپنے نظامِ فکر کے اظہار کے سلسلے میں ہمیشہ نئے لفظی اور شعری سانچوں کی ضرورت محسوس ہوتی تھی۔ اقبال کی کم از کم چار کتابوں کے ناموں میں موسیقیت کام کرتی نظر آتی ہے۔ ''بانگِ درا'' میں گھنٹی کی مترنم آواز ''زبورِ عجم'' میں غزل الغزلات کا آہنگ ''بالِ جبریل'' میں جبریل کے پروں کی پھڑ پھڑاہٹ اور بلند آہنگی، ''ضربِ کلیم'' میں عصائے کلیمی کے زور سے گرنے کی آواز اور اس کا معجزانہ اثر۔''۱؎

جابر علی سید کی اس نکتہ آفرینی کو قبول کرنے میں بعض اہلِ نظر کو تامّل ہوسکتا ہے، مگر اپنی کتابوں کے

نام سے لے کر عروضی جدتوں تک میں علامہ کی انفرادیت اور پوری طرح آہنگ پسند مزاج سے کوئی انکار بھی تو نہیں کر سکتا۔

۱۔ اقبال کا فنّی ارتقا۔ پروفیسر جابر علی سید، ص:۱۲۷، بزمِ اقبال، لاہور ۱۹۷۸ء

اقبال کے کلام میں اوزان و بحور کا بہ غور مطالعہ کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اقبال کو اس فن میں مہارت حاصل تھی۔ حالاں کہ وہ فنّی اعتبار سے بڑی حد تک روایت پسند شاعر واقع ہوئے تھے۔ مگر ان کے یہاں فکر کی ندرت و جدت اظہار کے نئے نئے سانچے تراشتی نظر آتی ہے۔ گو کہ وہ ہیئتی اعتبار سے شعری آزادی اور تصرفات کے زیادہ قائل نہ تھے اور وزن و قافیہ کو شاعری کا لازمی جزو قرار دیتے تھے۔ تاہم کہا جا سکتا ہے کہ ان کی شاعری میں روایت کے احترام کے ساتھ ساتھ صحت مند تجربہ پسندی کے نمونے بھی کثرت سے ملتے ہیں۔ اقبال کے فکر و عمل میں بہ ظاہر یہ جزوی اختلاف دراصل ایک بلند پایہ شاعر کے نئے سے نئے موضوعات اور نادر سے نادر آہنگ کا تقاضہ نہیں تو اور کیا ہے۔ یہی تقاضے ہیں جو ان کو روایت پسند ہونے کے باوجود بھی بعض نئی روایتوں کا موجد بنا دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں خواجہ محمد زکریا رقم طراز ہیں:

''اقبال ہیئت پر سوار ہیں۔ اقبال اپنے افکار کے اظہار کے لیے ہیئت کو ظروف ساز کی مٹی کی طرح جدھر چاہتے ہیں موڑ دیتے ہیں۔ جب کہ رومانی شعرا نئی نئی شکلیں بنا کر انھیں پوجنے لگتے ہیں۔ اقبال جیسے بت شکن کا ہیئت پرستی سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ اقبال کے ہاں ہیئت کے جس تجربے کو بھی دیکھیں اس کا موضوع سے کوئی نہ کوئی تعلق ضرور ہوگا۔''۱؎

مذکورہ موقف سے پتہ چلتا ہے کہ اقبال کی شاعری میں ہیئتوں کی بعض تبدیلیاں ضرور ہیں مگر روایت سے ان کا گہرا تعلق بھی قائم رہتا ہے۔ علاوہ ازیں ان کے کلام کے فنّی محاسن اور دل کشی کا بڑا راز عروض یا شعری آہنگ میں مضمر ہے، چنانچہ اس سلسلےک آگے بڑھاتے ہوئے پروفیسر جابر علی سید، یہ رائے دیتے ہیں کہ:

''اقبال کا شعری آہنگ کامل، متنوع اور بوقلموں ہے۔ اس نے دانستہ طور پر دقیق بحور میں شاعری کرنے سے گریز کیا ہے۔ وہ انحطاطی نہیں انقلابی ہے جو انتہائی شعوری سطح پر موسیقی پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرتا بلکہ اپنے شعری آہنگ اور اپنے انقلابی یا تجریدی افکار میں زیادہ سے زیادہ مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔''۲؎

۱۔ اقبال کا ادبی مقام۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا، ص:۸۶، مکتبہ عالیہ، لاہور ۱۹۷۷ء
۲۔ اقبال کا فنّی ارتقا۔ پروفیسر جابر علی سید، ص:۱۴۱، بزمِ اقبال، لاہور ۱۹۷۸ء

محولہ بالا معروضات کی روشنی میں اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ علامہ اقبال کی شاعری میں ہیئت، خواہ

روح اقبال میں متنی ترامیم اور اضافے

ڈاکٹر یاسمین

03004378842

تعارف:

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال ایک عظیم مفکر اور باکمال شاعر تھے۔ان کا مطالعہ بہت وسیع اور عمیق تھا۔تخیل کی بلندی کے ساتھ ساتھ فلسفہ اور الہیات کے قدیم اور جدید اصولوں سے پوری طرح واقف تھے یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری آج تک فہم کے نئے در وا کرتی ہے۔ان کی شاعری کی تفہیم اور ان کے تفکر کی شناخت کے لئے اقبال شناسی کی تحریک میں بہت سی کتابیں لکھی گئیں اور آئندہ بھی لکھی جائیں گی۔ڈاکٹر یوسف حسین خان کی تصنیف ''روح اقبال'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے لیکن یہ اتنی مربوط اور مکمل ہے کہ اقبال کے فکر اور شاعری کے تقریباً تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔

جب بھی کوئی ادیب یا شاعر کوئی تخلیق پیش کرتا ہے تو داد وتحسین کے ساتھ ساتھ اس کی اس کاوش پر تنقید بھی کی جاتی ہے۔اس تخلیق میں اچھائیوں کے ذکر کے ساتھ ساتھ اس میں کمیوں کوتاہیوں کی نشاندہی بھی معاصر ادیبوں کے لیے کسی فرض منصبی سے کم نہیں ہوتا۔اسی تناظر میں کچھ ناقدین نے تو ''روح اقبال'' کے مقام و مرتبہ کی دل کھول کر داد دی جیسے کہ رضی الدین صدیقی ''روح اقبال'' کے طبع اول کے مقدمہ میں اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''یہ کتاب اقبال کے تمام اساسی خیالات پر حاوی ہے اور اس طرح حقیقی معنوں میں اس کے کلام کا نچوڑ ہے۔''[۱]

اسی طرح صباح الدین عبدالرحمن نے اقرار کیا کہ ''غالب کو سمجھانے میں اولیت کا جو درجہ حالی کی یادگار غالب کو ہے وہی اقبال کو سمجھانے میں ''روح اقبال'' کا ہے۔''[۲]

شورش کاشمیری نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ ''اس سے بہتر کتاب تو پاکستان میں بھی نہیں لکھی گئی۔'' [۳]
بقول آل احمد سرور اس کتاب میں اقبال کے تمام بڑے موضوعات فکر کی توضیح نہایت سلجھے ہوئے انداز میں ملتی ہے۔ [۴]

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم نے سب سے جامع انداز میں اسے علامہ اقبال کے کلام کی درست تفہیم کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ہے:

''ڈاکٹر یوسف حسین کی ''روح اقبال''اور مولانا عبدالسلام ندوی کی ''اقبال کامل'' ان دونوں کتابوں کو ملا کر پڑھیں تو اقبال کے کلام اور اس کی تعلیم کا کوئی پہلو ایسا دکھائی نہیں دیتا جو محتاج تشریح اور تشنہ تنقید رہ گیا ہو۔'' [۵]

ایک پی ایچ ڈی سکالر عالیہ خاں نے اپنے مقالہ ''ڈاکٹر یوسف حسین خاں: ادیب و نقاد، ایک جائزہ'' میں داکٹر صاحب کے انداز بیان کو تاثراتی تنقید قرار دیتے ہوئے کہا کہ یوسف حسین خاں کی تنقید کو ہم تاثراتی یا تجزیاتی تنقید کہہ سکتے ہیں اور انہیں یہ امتیاز حاصل ہے۔'' [۶]

لیکن کچھ ایسے ناقدین بھی ہیں جو نہایت باریک بینی سے اقبال کے کلام کے حوالے سے اس کام کو تنقید کی کڑی کسوٹی پر بھی پرکھتے ہیں اور جس طرح حالی کی یادگار غالب کو مدلل مداحی قرار دیا گیا اسی طرح ''روح اقبال'' کو بھی یک طرفہ تبصرہ قرار دیا گیا تاہم اس کے باوجود ناقدین تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے۔

اس سلسلے میں پروفیسر احتشام حسین اپنے اعتراضات کے باوجود اس کتاب کی عظمت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

''یہ محدود یک طرفہ تبصرہ ہونے کے باوجود اب تک اقبال پر سب سے اچھی کتاب ہے۔'' [۷]

مندرجہ بالا ناقدین کی آراء کی روشنی میں ہم دیکھتے ہیں کہ ''روح اقبال'' علامہ اقبال کے کلام کی تفہیم کے حوالے سے سب سے پہلے منظر عام پر آنے والی کتاب ہے۔ جو اقبال کے فکر و خیال کی بہترین تفسیر ثابت ہوئی اور ہر کسی نے اس کا اعتراف کیا۔ یوسف حسین خاں کو علامہ اقبال کی قربت کا شرف بھی حاصل رہا لیکن ضروری نہیں کہ جو کسی کے قریب جو وہ محض مداح ہی ہو بلکہ وہ بہترین مفسر بھی ہو سکتا ہے۔ ''روح اقبال'' کے مولف ڈاکٹر یوسف حسین خاں چوں کہ اقبال سے قریب رہے اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ ''روح اقبال''، تفہیم اقبال کے لئے بہترین کتاب ہے اور اس کو بہتر سے بہترین بنانے کے لیے ڈاکٹر صاحب نے ہر آنے والے ایڈیشن میں سوچ اور فکر کے دھاروں کو زیادہ وسعت سے سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ بحیثیت مجموعی ''روح اقبال'' ڈاکٹر یوسف حسین خاں کی بہترین کتاب ہے جو اقبال فہمی میں بنیادی معاون ثابت ہوگی۔ ہر دور میں اس کی اہمیت مسلمہ ہے کیونکہ اس میں بہت سے

خوبیاں ہیں جن کو آل احمد سرور نے ان الفاظ میں سراہا ہے:

''بحیثیت مجموعی اس کتاب میں نہایت سنجیدگی اور قابلیت سے تنقید کی گئی ہے۔ انداز بیاں واضح اور دلکش ہے ،جا بجا ضمنی مباحث پر بڑے مفید نوٹ اور حاشیے ہیں مثلاً ادب برائے ادب ،اشاریت یا رمزیت کے متعلق اس کتاب کے مطالعے سے یہ خیال اور بھی پختہ ہوتا ہے کہ اقبال اپنے زمانے کی سطح سے کتنے بلند تھے۔''[۸]

ڈاکٹر یوسف حسین خاں نے حق تالیف نہایت احسن طریقے سے نبھایا ہے انہوں نے کلام اقبال کی بہترین توضیح کے لیے ہر آنے والے ایڈیشن میں نہایت جاں فشانی اور دیدہ ریزی سے فکر اقبال کی روح کو دریافت کیا اور اسے اضافوں اور ترامیم کی صورت میں زیادہ خوب صورتی اور نکھار سے پیش کیا۔ تحقیق کے میدان میں ڈاکٹر یوسف حسین خاں کی اس کاوش کو ہمیشہ خراج تحسین پیش کیا گیا ہے لیکن وقتاً فوقتاً کیے گئے اضافے اور ترامیم بھی فکر اقبال کی تفہیم میں انمول موتیوں کی طرح ہیں۔ اس تحقیقی مضمون میں ڈاکٹر صاحب کے بہتر سے بہترین کے اس سفر پر روشنی ڈالی جائے گی۔

''روح اقبال'' کا پہلا ایڈیشن ۱۹۴۲ء میں حیدرآباد دکن سے شائع ہوا۔ اب تک اس کے سات ایڈیشن سامنے آ چکے ہیں۔ جن کی تفصیل آئندہ صفحات میں دی جائے گی۔ ذیل میں اس کے مندرجات کی فہرست دی جا رہی ہے جن سے اس کے موضوعات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

فہرست مضامین

موت

یہ فہرست مضامین ساتویں ایڈیشن (صدی ایڈیشن کے مطابق) ہے۔کیونکہ صدی ایڈیشن اس کتاب کے تمام ایڈشنوں کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ پہلے ایڈیشن سے لے کر ساتویں ایڈیشن تک داکٹر یوسف حسین خان نے''روح اقبال''میں کہیں کم اور کہیں زیادہ اِضافے کیے ہیں اور یہ تو ایک ادیب کی سرشت میں ہوتا ہی ہے کہ جب بھی وہ اپنے کلام یا کام پر نظر ثانی کرتا ہے تو اس کی مزید تراش خراش کرتے ہوئے اس میں حسب منشاء ترامیم و اضافے بھی کرتا رہتا ہے۔

روحِ اقبال کے ایڈیشن:

''روح اقبال'' ڈاکٹر یوسف حسین خاں کی تصنیف ہے جس میں علامہ اقبال کی شاعری کے حوالے سے روشنی ڈالی گئی ہے اس کتاب کے اب تک سات ایڈیشن شائع ہوئے جن کی مختصر تفصیل ڈاکٹر یوسف حسین خاں کے الفاظ میں یوں ہے:

''روح اقبال کا پہلا ایڈیشن ۱۹۴۲ء میں اور دوسرا ایڈیشن ۱۹۴۴ء میں حیدرآباد میں شائع ہوا تھا۔تیسرا ایڈیشن ۱۹۵۲ء میں چوتھا ایڈیشن ۱۹۵۶ء میں، پانچواں ایڈیشن ۱۹۶۲ء میں اور چھٹا ایڈیشن ۱۹۶۶ء میں مکتبہ جامع دہلی نے شائع کیا۔اب ساتواں ایڈیشن غالب اکیڈمی، نظام الدین، دہلی کی طرف سے شائع ہو رہا ہے۔''[۹]

مذکورہ بالا اقتباس جو ڈاکٹر یوسف حسین خان کے صدی ایڈیشن (ساتواں ایڈیشن) کے دیباچے سے لیا گیا ہے۔ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے پہلے دو ایڈیشن حیدرآباد سے شائع ہوئے، تیسرا، چوتھا، پانچواں اور چھٹا ایڈیشن مکتبہ جامع دہلی سے چھپا اور ساتواں ایڈیشن ۲۵ مارچ ۱۹۷۶ء میں غالب اکیڈمی دہلی سے شائع ہوا۔اتنی لمبی تمہید کا مقصد یہ تھا کہ''روح اقبال''کے تمام اصل مسودے انڈیا میں زیورطباعت سے آراستہ ہوئے۔ پاکستان سے جو ایڈیشن چھپے وہ ہو بہو ان کی نقل ہیں۔اب یہ بات بھی قابل غور ہے کہ کیا تمام ایڈیشن پاکستان سے بھی شائع ہوئے یا کسی ایک کو بنیاد بنا کر اسے مختلف اوقات میں شائع کیا گیا۔

ساتویں ایڈیشن کے مطالعہ سے ہمیں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ یوسف حسین خاں نے اپنی تصنیف''روح اقبال''کے پہلے ایڈیشن میں فارسی اشعار زیادہ درج کیے ہیں۔دوسرے ایڈیشن میں کتاب کو اردو اشعار سے مزین کیا گیا ہے البتہ کہیں کہیں فارسی اشعار بھی درج ہیں۔تیسرے ایڈیشن میں نئے نئے خیالات کا اضافہ کیا گیا ہے۔چوتھے ایڈیشن میں لفظی تبدیلیاں کی گئی ہیں اور کہیں کہیں عبارت میں اضافہ کیا گیا ہے۔پانچویں ایڈیشن میں لفظی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ جو کچھ غلطیاں رہ گئی تھیں ان کی اصلاح بھی کی گئی

ہے۔چھٹے ایڈیشن میں نظر ثانی کرتے ہوئے بعض جگہ معمولی لفظی تبدیلیاں کی گئی اور ساتویں ایڈیشن میں جو اقبال کی صد سالہ تقریب کے حوالے سے شائع کیا گیا اس میں کوشش کی گئی کہ کتاب کو زیادہ سے زیادہ بہتر سے بہترین انداز میں پیش کیا جائے چناں چہ اس حوالے سے زیادہ اضافے کیے گئے، کچھ کلام حذف کیا گیا اور کچھ عبارتوں میں ترامیم بھی کی گئی۔اس تحقیقی مضمون میں ''روح اقبال'' کے دستیاب ایڈیشنوں کا موازنہ کر کے ترامیم اور اضافوں کے ساتھ ساتھ لفظی تبدیلیوں اور حذف عبارتوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

''روح اقبال'' میں ترامیم اور اضافوں کے حوالے سے میں نے جو ایڈیشن سامنے رکھے ہیں ان کی تعداد بظاہر پانچ ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

(۱)　۱۹۴۴ء میں شائع ہونے والا ''روح اقبال'' کا دوسرا ایڈیشن

(۲)　۱۹۶۲ء میں دہلی سے شائع ہونے والا ''روح اقبال'' کا پانچواں ایڈیشن

(۳)　۱۹۶۹ء میں پاکستان سے شائع ہونے والا ''روح اقبال'' کا پانچواں ایڈیشن

(۴)　۱۹۷۶ء میں دہلی سے شائع ہونے والا ''روح اقبال'' کا ساتواں ایڈیشن (صدی ایڈیشن)

(۵)　۱۹۹۶ء میں پاکستان شائع ہونے والا ''روح اقبال'' چھٹا ایڈیشن

چوں کہ پاکستان میں شائع ہونے والے پانچویں ایڈیشن کی کوئی کاپی دستیاب نہیں ہوئی اس لیے یہاں چار ایڈیشنز کا جائزہ لیا جائے گا جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔　۱۹۴۴ء کا ''روح اقبال'' کا دوسرا ایڈیشن، ڈاکٹر یوسف حسین خاں، طبع دوم، ادارہ اشاعت اردو، دکن۔

۲۔　۱۹۶۲ء کا ''روح اقبال'' کا پانچواں ایڈیشن، ڈاکٹر یوسف حسین خاں، مطبوعہ مکتبہ جامع دہلی۔

۳۔　۱۹۷۶ کا ''روح اقبال'' کا ساتواں ایڈیشن (ترامیم و اضافے کے بعد) صدی ایڈیشن از ڈاکٹر یوسف حسین خاں، غالب اکیڈمی، نئی دہلی۔

۴۔　۱۹۹۶ء کا ''روح اقبال'' کا پاکستان سے شائع ہونے والا پانچواں ایڈیشن، ڈاکٹر یوسف حسین خاں القمر انٹر پرائز زغزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

اس طرح میں اس تحقیقی مضمون میں جن ایڈیشنز کو بنیاد بنا رہی ہوں وہ چار ہیں۔اس حوالے سے ۱۹۹۶ء میں پاکستان سے شائع ہونے والے چھٹے ایڈیشن کو بنیاد بنا کر اس کا موازنہ ''روح اقبال'' کے ہندوستان سے شائع ہونے والے طبع دوم ۱۹۴۴ئ طبع پنجم ۱۹۶۲ء اور طبع ہفتم (صدی ایڈیشن) کے ساتھ کیا جائے گا۔

روح اقبال ایڈیشن دوم ۱۹۴۴ء اور پاکستان میں ۱۹۹۶ء میں شائع ہونے والے ایڈیشن کا موازنہ

ان دونوں کے درمیان 1976ء کا ایڈیشن بھی آتا ہے لیکن اس میں ان دونوں کی ترقی یافتہ صورت ہے اس لیے پہلے ان دونوں کا موازنہ و تقابلی جائزہ لیا جائے گا۔ اس میں ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن کو بنیاد بنا کر اضافے، تراقیم اور حذف کلام کی نشاندہی کی جائے گی۔

* ۱۹۴۴ء میں شائع ہونے والے ایڈیشن میں ڈاکٹر رضی الدین کا مقدمہ بھی شامل ہے جو پہلے ایڈیشن کے حوالے سے لکھا گیا تھا اور پھر اسے ڈاکٹر یوسف حسین خاں نے طبع دوم کے ساتھ بھی شائع کر دیا۔ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں یہ مقدمہ نہیں ہے بلکہ دیباچہ میں طبع اول تا ششم تبصرہ ہے جو ڈاکٹر یوسف حسین نے کیا ہے۔
* فہرست میں دیکھیں تو اقبال اور آرٹ کے ذیلی عنوانات میں عقل اور عشق بھی شامل ہے جو ۱۹۴۴ء کے ایڈیشن میں شامل نہیں ہوا۔

*اضافے:

وہ اضافے جو ۱۹۴۴ء کے ایڈیشن میں شامل نہیں تھے لیکن ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں شامل ہیں حسب ذیل ہیں۔

* ''ایک اور جگہ اپنے آپ کو نسیم سحر سے اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دل میں مخفی ہوتے ہیں۔'' تا

عروس لالہ ! مناسب نہیں ہے مجھ سے حجاب
کہ میں نسیم سحر کے سوا کچھ اور نہیں

(ص ۲۹)

* ''غالب نے اسی کو دل گداختہ سے تعبیر کیا ہے اس کا شعر ہے۔'' تا

حسن فروغ ِ شمع سخن دور ہے اسد
پہلے دل ِ گداختہ پیدا کرے کوئی

(اضافہ حواشی ص ۳۱)

* ''شاعر فطرت کے مقابلے میں خودی کو ۔۔۔۔۔۔۔۔ فطرت پر طاری کر دے۔''

(ص ۴۴-۴۵)

* ''حافظ کی شاعری میں بھی اگر تلاش کیا جائے تو حرکی (ڈائی نیمک) عنصر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔''

)۴۷(اضافہ حواشی ص

* ''دوسری جگہ اسی خیال کو اسطرح ادا کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خدا کا شریک ہے۔'' تا

جہاں اوآفرید، ایں خوب تر ساخت
مگر باایزد انباز است آدم

)۵۰(اضافہ ص

* ''عشق کی تاثیر کا ان اشعار میں ظاہر کیا ہے۔'' تا

عشق سے پیدانوائے زندگی میں زیروبم
عشق سے مٹی کی تصویروں میں سوزد مبدم
آدمی کے ریشے ریشے میں سما جاتا ہے عشق
شاخ گل میں جس طرح بادسحر گاہی کا نم

تا

نہ محتاج سلطان نہ مرغوب سلطان
محبت ہے آزادی وبے نیازی

)۵۷(اضافہ ص

* ''اقبال کو اپنے ہم مشربوں سے شکایت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔'' تا اشعار۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشد اولین ہے عشق
عشق نہ ہو تو شرع و دین بت کدہ تصورات

)۶۱(اضافہ ص

* ''مولانا روم فرماتے ہیں۔'' تا

لا اُبالی عشق باشدے خرد
عقل اک جوید کزاں سودے بُرد

)۶۲(اضافہ حواشی ص

* ''اس کے ساتھ ساتھ وہ خبر دار کرتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔ پوری طرح بھروسا کیا جاسکتا ہے۔'' تا اشعار

نشان راہ زعقل یزارحیلہ پرس

بیا کہ عشق کمالے ز یک فنی دارد

(اضافہ متن ص ۶۵)

* ''دوسری جگہ اسی مضمون کو اس طرح بیان کیا ہے۔۔۔۔۔نظر آتی ہے۔'' تا ۱۳ اشعار

خیز و نقش عالم دیگر بنہ
عشق را با زیر کی آمیزدہ

(اضافہ متن ص ۶۷)

* ''مغربی رمز نگاروں کے یہاں جذبے اور احساس ذات۔۔۔۔۔۔۔۔۔'' تا ۵ فارسی اشعار۔

(اضافہ متن ص ۷۲، ۷۳)

* ''اسی فنی اصول کے ماننے والے۔۔۔۔۔۔۔کا بھی خاص خیال رکھا جاتا ہے۔''

(اضافہ متن ص ۷۶)

* ''رومانیت کے ادبی مسلک کا ماننے والا۔۔۔۔۔۔۔اس میں لفظی بازی گری کے سوا کچھ باقی نہیں رہا۔''

(اضافہ ص ۷۷، ۷۸)

* ''رومانیت پسند آرٹسٹ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے۔۔۔۔۔۔بے اعتدالی سے بچنا ممکن نہیں۔''

(اضافہ متن ص ۸۲، ۸۴)

* ''جب انقلاب آئین دہر ہے تو ممکن ہے کہ ہماری قسمت جاگے۔۔۔۔۔۔'' تا آخری اشعار۔

مرے قافلے لُٹا دے اسے
لٹادے ! ٹھکانے لگادے اسے

(اضافہ متن ص ۱۰۹-۱۱۰)

* ''اقبال نے جس زمانے میں مثنوی اسرار خودی لکھی۔۔۔۔۔تاثیر بے پناہ ہے۔'' تا خاتمہ (فارسی اشعار) پر۔

(اضافہ متن ص ۱۱۶-۱۱۷)

* ''فارسی اور اردو شاعروں۔۔۔۔۔۔۔دونوں پر چسپاں ہوتا ہے۔'' تا

خیال او چہ پری خانہ بنا کردہ است
شباب غش کند از لذت لب باش

(اضافہ متن ص ۱۲۰)

* ''ایمائی طور پر شاعر اپنے۔۔۔۔۔۔۔اس شعر میں اظہار کیا ہے۔'' تا

میری مینائے غزل تھی ذراسی باقی
شیخ کہتا ہے کہ وہ بھی ہے حرام اے ساقی

(اضافہ متن ص ۱۲۲)

* ''اس توسط سے وہ زندگی کی نہایت سادگی ۔۔۔۔۔شعر تخلیقی محرک۔''

(اضافہ متن ص ۱۳۵)

* ''اسی لئے وہ اسے فقر و بے نیازی سے وابستہ رکھتا ہے۔''

(اضافہ متن ص ۱۳۵)

* ''ایک جگہ "چیونٹی اور عقاب" کے عنوان سے دو شعر لکھے۔۔۔۔۔اپنی نظم شاہین میں اس مضمون کو اس طرح ادا کیا ہے۔اشعار''

تا

پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

(اضافہ متن ص ۱۳۶-۱۳۷)

* ''ترکیبوں کی جدت میں ترکیب سرخی کا اضافہ

(اضافہ متن ص ۱۳۹)

* ''انسانی خودی مثل ایک سمندر کے ہے جس کا اور چھور نہیں ہے۔اس کی وسعتیں اتنی ہی ہیں جتنی خود انسان کی ہمت۔اس خیال کو اس شعر میں پیش کیا ہے۔'' تا

خودی وہ بحر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں
تو آب جو اسے سمجھا اگر تو چارہ نہیں

(اضافہ متن ص ۱۴۳)

* ''ذات یا خودی، انفرادیت سے علیحدہ ہے۔''

(اضافہ متن ص ۱۴۴)

* ''انفردیت نباتاتی اور حیوانی عالم میں ملتی ہے۔۔۔۔۔پوری شخصیت پر حاوی ہوتا ہے۔''

(اضافہ ص ۱۴۵-۱۴۷)

* ''افلاطون، ارسطو اور رواقی مفکروں۔۔۔۔۔۔۔۔بے عملی کا خود شکار ہوگئی۔''

(اضافہ متن ص ۱۵۸-۱۶۰)

* ''انسانی زندگی کو سمجھنے کے لیے ضروری۔۔۔۔۔۔'' تا شعر

اگر نہ سہل ہوں تجھ پر زمیں کے ہنگامے
بری ہے مستی اندیشہ ہائے افلاکی

(اضافہ متن ص ۱۶۱-۱۶۲)

* ''تصوف کے خیالات جو شاعری ۔۔۔۔۔۔دوسری قوم کے لئے جگہ خالی کر دینی پڑی۔''

(اضافہ متن ۱۶۴-۱۶۷)

* ''ہر وہ انسان جو اپنی خودی ۔۔۔۔۔۔نئی راہیں نکالتی ہے۔''

(اضافہ متن ص ۱۷۴-۱۷۶)

* '' کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔جس سے تاریخ عبادت ہے۔''

(اضافہ متن ص ۱۸۱)

* ''اقبال نے جاوید نامہ " میں اس سے ۔۔۔۔۔۔۔کہ یزداں دادل از تاثیر او پر خوں شود زورے۔''

(اضافہ متن ص ۱۸۵-۱۸۶)

* ''اقبال کے نزدیک ۔۔۔۔۔۔۔۔کائنات سے بلند ہے۔'' تا

برتر از گردوں مقام آدمی است
اصل تہذیب احترام آدمی است

(اضافہ متن ص ۱۸۷)

* ''فطرت کے حوادث وتفرات ۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسلامی روح کے منافی ہے۔''

(اضافہ متن ص ۱۹۸-۲۰۰)

* ''اپنی نظم قلندر کی پہچان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شمع ہدایت بنے گا۔''

(اضافہ متن ص ۲۰۷-۲۰۹)

* ''حقیقت میں فرد اور جماعت ۔۔۔۔۔۔۔اور حامل بن جاتی ہے۔''

(اضافہ متن ص ۲۲۰-۲۲۴)

* ''قوموں کے زوال ۔۔۔۔۔۔نہ کیسی دوسرے پر۔''

(اضافہ متن ص ۲۳۳-۲۳۵)

* ''جدید تمدن کا یہ ایک ۔۔۔۔۔۔جس سے نکلنا ممکن نہیں۔''

(اضافہ متن ص ۲۶۷-۲۶۹)

*''اقبال نے ہندوستان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس سے فطرت محروم ہے۔''

(اضافہ و تبدیلی ص ۳۰۱-۳۰۴)

* ''پھر یہ بات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے موافق ہے۔''

(اضافہ متن ص ۳۰۵)

* ''کوئی انسانی ادارہ۔۔۔۔۔۔۔۔قومی رجحان موجود ہے۔''

(اضافہ متن ص ۳۰۶-۳۰۸)

* ''اشتراکیت کی ایک قسم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احوال کے مطابق طے کرسکتا ہے۔''

(اضافہ متن ص ۳۲۸-۳۳۲)

* ''خارجی عالم کے خواص فی نفسہ۔۔۔۔۔۔مولانا روم فرماتے ہیں۔'' تا

قالب از ماسیت شد نے ما ازو
بادہ ازماست شد نے ما ازو

(اضافہ متن ص ۳۵۶)

* ''اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ ذات۔۔۔۔۔۔خودی کا جوہر ہے۔''

(اضافہ متن ص ۳۷۱-۳۷۳)

*''انسان اگر اپنے نفس......تا......کہ خاک زندہ ام در انقلابم

(اضافہ ص ۴۰۵-۴۰۶)

*''معراج کے سلسلے میں اقبال۔۔۔۔۔۔۔۔۔وسعت اور گہرائی ہے۔''

(اضافہ ص ۴۵۴-۴۵۵)

*''کلاسیکی اور نو افلاطونی عقیدے۔۔۔۔۔۔۔۔۔تردید ہوتی ہے۔''

(اضافہ ص ۴۷۲-۴۷۳)

جو متن دوسرے ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۴۴ئ میں موجود ہے اور اسے ۱۹۹۶ئ والے ایڈیشن میں شامل نہیں کیا گیا حسب ذیل ہے:

۱۔ زمانہ ہیچ نداند حقیقت او را، جنوں قیامت کہ موبہ قامت خرد است
خرد جب ذوق جنوں/شیش سے آشنا ہو جائے............سے پہلے یہ کلام حذف کر دیا گیا۔(ص ۶۷)

۲۔ Symbalism e Romamticism C

(رومانیت اور رمزیت کی حواشی حذف کر دی گئی ہے۔)(ص ۷۰)

۳۔

حرف با اہل زمین رندانہ گفت
حور و جنت و ابت و بت کانہ گفت

شعلہ ہا در موج دوش دیدہ ام
کبریا اندر سجودش دیدہ ام

(دوسرا شعر حذف ص ۲۷)

۴۔ اور اس کا زندگی سے دور کا بھی تعلق نہیں ہوتا۔''ہمارا ادب میں غزل کا مروجہ طریق اسی نوعیت کا ہے۔'' (یہ لائن حذف ہے ص ۸۷)

۵۔ ''چنانچہ'' کو یہی وجہ ہے کہ بلبل اور قمری کی ۔۔۔۔۔۔ سے پہلے حذف کر دیا گیا۔ (ص ۳۶)

۶۔ ''اکثریت کا فیصلہ۔۔۔۔۔۔۔ اس کے موافق ہے۔'' کے درمیان یہ الفاظ حذف ہیں۔
''انسانیت کے تمام اہم فیصلوں کو جو زندگی کی رخ کو بدلنے والے ہوں۔محض تعداد کے تابع کر دینا انسانیت کے لئے باعث ننگ ہے" (ص ۳۰۵)

۷۔ ''نفس بہ نسبت جسم کے وطن۔۔۔۔۔۔۔۔ سے پہلے لفظ 'روح' حذف ہے۔'' (ص ۴۶۴)

لفظی تبدیلیاں:

ایڈیشن ''روح اقبال'' ۱۹۴۴ء

ایڈیشن ''روح اقبال'' ۱۹۹۶ء

۲۔ بعض صناعوں میں یہ موضوعی اور بعض فنکاروں میں یہ اندرونی معروضی دونوں طریقے پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں۔ خارجی دونوں محرک پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں۔ (ص ۸۷)

۳۔ پردہ تقدیر، تقدیر کے پردے۔ (ص ۱۰۸)

۴۔ تشبہات، تشبیہیں (ص ۱۱۵)

۵۔ مظہر قوت، جوش حیات (ص ۱۳۵)

۶۔ ذریعہ، ذریعے (ص ۱۵۲)

۷۔ بعضوں، بعض (ص ۱۵۳)

۸۔ تاریخ استقرائی، تاریخی استقرائی (ص ۱۹۳)

۹۔ تصورات، تصور (ص ۲۰۵)

۱۰۔ جلوہ، جلوے (ص ۲۰۹)

۱۱۔ خطرہ، خطرے (ص ۳۰۵)

۱۲۔ ماد، مادے (ص ۳۵۷)

۱۳۔ مشخصہ، مشخص (ص ۳۸۶)

۱۴۔عقیدہ توحید،توحید کےعقیدے(ص ۳۹۸)

۱۵۔ نقطہ-عقیدہ توحید کی بدولت،نکتہ،توحید کےعقیدے سے(ص ۴۰۰)

۱۶۔زمانہ،زمانے (ص ۴۰۳)

۱۷۔زمان،زماں (ص ۴۳۵)

۱۸۔نغمہ ملا یک، جاوید نامہ (ص ۴۳۵)

روح اقبال کے ۱۹۶۲ء میں شائع ہونیوالے ایڈیشن اور ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن کا موازنہ

''روح اقبال'' کے پاکستان سے ۱۹۹۶ء میں شائع ہونے والے طبع ششم کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ اس میں مصنف یوسف حسین خان نے بہت کم اور معمولی لفظی تبدیلیاں کی ہیں۔اسی وجہ سے عام طور پر سرسری جائزہ میں عنوانات اور دیگر مواد کے جائزہ سے یہ احساس ہوتا ہے کہ شاید طبع پنجم مطبوعہ ہندوستان اور طبع ششم پاکستان دونوں ایڈیشنز میں کوئی فرق نہیں اور یہ بھی گمان کیا جا سکتا ہے کہ پاکستان میں شائع ہونے والا'' روح اقبال'' کا ۱۹۹۶ء کا ایڈیشن شاید اسی ہندوستان میں ۱۹۶۲ء میں شائع ہونے ولے ایڈیشن کی ہی کاپی ہے۔ چناں چہ بغائر مطالعہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ یوسف حسین خان نے طبع ششم میں معمولی لفظی تبدیلیاں ضرور کی ہیں کہیں کہیں کچھ جملے حذف بھی کیے ہیں۔اس حوالے سے یوسف حسین خاں خود طبع ششم کے دیباچہ میں اس امر کا اعتراف کرتے ہیں:

''میں نے اس ایڈیشن پر پھرایک نظر ڈالی ہے اور بعض جگہ معمولی لفظی تبدیلی کی ہے۔''(۱۰)

اسی تناظر میں دونوں ایڈیشنز کا جائزہ لیتے ہوئے طبع ششم ۱۹۹۶ء کی ''روح اقبال'' کو بنیاد بنایا گیا ہے۔سب سے پہلے جو تبدیلی طبع ششم میں کی گئی وہ طبع پنجم میں دیباچہ کے بعد علامہ اقبال کی تصویر ہے جس کے نیچے دائیں جانب پیدائش ۱۸۷۵ء، درمیان میں ڈاکٹر علامہ محمد اقبال اور بائیں جانب وفات ۱۹۳۸ء درج ہے،کو طبع ششم میں شامل نہیں کیا گیا۔لفظی تبدیلیاں جو طبع ششم میں کی گئیں وہ حسب ذیل ہیں:

لفظی تبدیلیاں:

طبع پنجم ۱۹۶۲ء، طبع ششم ۱۹۹۶ء	
آرٹ (ص۱۱)	آرٹ (ص ۱۳)
انھیں (ص ۱۲)	انہی (ص ۱۴)
میخانہ (ص۱۵)	مے خانہ (ص۱۸)
بایست (ص۱۹)	بائیست (ص۲۱)
خارجی حقیقت (ص ۲۲)	خارجی شکل (ص ۲۷)
پتا (ص ۲۴)	پتہ (ص ۳۰)
دیگرے (ص ۲۴)	دیگزے (ص ۳۲)
تشبیہوں سے (ص ۲۸)	تشبیہوں میں (ص ۳۲)
شاعر کیا کہہ گیا (ص ۳۵)	شاعر کہہ کیا گیا (ص ۴۲)
تارنگہ (ص ۳۸)	تارنگاہ (ص ۴۶)
راہے است (ص ۳۸)	راہےست (ص ۴۶)
نگاہے است (ص ۳۸)	نگاہےست (ص ۴۶)
جنھیں (ص ۳۸)	جنہیں (ص ۴۶)
دردل خاک (ص ۳۹)	تا دل خاک (ص ۴۶)
مکالمے (ص ۴۱)	مقالمے (ص ۴۹)
لامتناہی (ص ۵۹)	لامتناعی (ص ۷۱)
سخن نکفتہ (ص ۷۱)	سخن ناگفتہ (ص ۸۵)
ذہنی رجحانات (ص ۷۲)	مذہبی رجحانات (ص ۸۶)
کریکڑ (ص ۷۳)	کریکٹر (ص ۸۷)
جہان آب وگل (ص ۸۶(	جہان رنگ و بو (ص ۱۰۶)
مکالمہ (ص ۱۲۵)	مقالمہ (ص ۱۴۸)
انھیں (ص ۱۲۷)	انہی (ص ۱۵۰
حکماء (ص ۱۳۷)	حکما (ص ۱۶۰)
کارجہاں (ص ۱۳۸)	کارزمیں ص ۱۶۲

تحقیق ذات (ص ۱۴۰)	عرفان ذات (ص ۱۶۴)
ادنی درجے (ص ۱۴۶)	ادنی درجہ (ص ۱۷۱)
بات کہلوائی (ص ۱۴۹)	بات کہی (ص ۱۷۴)
سنگ راہ بنتا ہے (ص ۱۵۱)	سنگ راہ ہو جاتا ہے (ص ۱۷۶)
ہنگامہ زائیوں (ص ۱۵۱)	ہنگامہ زایوں (ص ۱۷۶)
تصرف کر سکتا ہے (ص ۱۵۸)	تصور کر سکتا ہے (ص ۱۸۴)
اگہ کند (ص ۱۶۷)	آگاہ کند (ص ۱۹۴)
حصے دار (ص ۱۷۱)	حصہ دار (ص ۲۰۳)
ناز بر ملک (ص ۱۸۰)	ناز بر فلک (ص ۲۰۵)
رائگاں (ص ۱۸۲)	رائیگاں (ص ۲۰۷)
انھیں (ص ۲۲۵)	انہیں (ص ۲۵۸)
موقع (ص ۲۳۴)	موقعے (ص ۲۶۷)
نگہ (ص ۲۴۶)	نگاہ (ص ۲۸۲)
چھے (ص ۲۶۲)	چھ (ص ۳۰۰۹)
عاید (ص ۲۹۳)	عائد (ص ۳۵۷)
دائمی سیلان و تغیر (ص ۳۱۹)	دائمی میلان و تغیر (ص ۳۶۱)
ظہور فرماتا ہے (ص ۳۲۳)	ظہور فرماتی ہے (ص ۳۶۵)
نہ بینی (ص ۳۳۷)	بہ بینی (ص ۳۸۰)
آغوش دریاست (ص ۳۴۳)	آغوش دریا است (ص ۱۸۶)
عاید (ص ۳۶۰)	عائد ص ۴۰۶
نگہہ (ص ۴۰۰)	نگاہ (ص ۴۵۱)

حذف عبارات:

* یہ عبارات طبع پنجم ۱۹۶۲ء کے ایڈیشن میں موجود ہیں لیکن ۱۹۹۶ء کے چھٹے ایڈیشن میں انہیں حذف کر دیا گیا)
* اس نے گرفتار کرنے کے لیے قفس بنائے۔ (ص ۴۱)

* اور پھر ان اشکال کو موزوں طور پر ظاہر کرتی ہے ۔آرٹ کی تخلیق اسی عمل سے عبارت ہے۔(ص ۵۴)
* کے اعمال سے جو نتائج مرتب ہوتے ہیں ان سے علم و بصیرت کے علاوہ عبرت بھی حاصل ہوتی ہے۔(ص ۱۶۶)
* جو ان کی اجتماعی وحدت کے دوش بدوش نظر آتا ہے ۔تجربوں کی اخلاقی تنظیم میں جو تنوع پیدا ہوتا ہے۔(ص ۱۹۴)
* کتابت احمد علی بھوپالی، جنوری ۱۹۶۲ء۔(آخری صفحہ طبع پنجم)

''روح اقبال'' کے صدی ایڈیشن ۱۹۷۶ء اور ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن کا موازنہ اور تقابلی جائزہ

اس سے پیشتر ہم نے ۱۹۴۴ء اور ۱۹۹۶ء میں شائع ہونے والے ایڈیشنز کا جائزہ لیا۔اب ہم روح اقبال کے ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن اور ۱۹۷۶ء کے ایڈیشن کا جائزہ لیں گے ۔اس میں بھی بنیاد ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن کو بنایا جائے گا۔اورصدی ایڈیشن میں ہونے والے اضافوں اور ترامیم کے ساتھ ساتھ حذف شدہ کلام کی نشاندہی کی جائے گی۔

اضافے:

صدی ایڈیشن میں لفظ آرٹ کی جگہ ''فن'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

دیباچہ میں اضافہ:

* روح اقبال کے صدی ایڈیشن میں صفحہ نمبر ۷ میں دیباچہ میں ان الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے:

''ان کی تہہ میں اقبال کا مخصوص تصور حیات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسے دل و جان سے زیادہ عزیز تھے''

(ص ۷ صدی ایڈیشن)

دیباچہ کے آخر میں ان الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے:

''اقبال کی صد سالہ تقریب آئندہ سال ہندوستان اور پاکستان میں بڑے پیمانے پر منائی جائے گی۔اس کے پیش نظر ساتویں ایڈیشن کا نام صدی ایڈیشن رکھا گیا ہے۔اقبال کی صد سالہ تقریبات کے

موقع پر یہ مصنف ''روح اقبال'' کی جانب سے نذرانہ عقیدت ہے۔'' (ص۸)

* صفحہ نمبر ۱۰ میں بھی لائن نمبر ۸ میں ان الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے:
* ''تا کہ فکر و وجدان کے جو دھارے ــــــــــــــ احساس کی رسائی ہو سکے۔'' (ص۱۰)
* ''اقبال نے اپنے مکتوب بنام سید سلیمان ندوی ــــــــــــــ اپنی پیاس بجھائے۔'' تا

بصدائے دردمندے بنوائے دلپذیرے
خم زندگی کشادہ بجہان تشنہ میرے

)۱۲-۱۳(ص

* ''اقبال نے جس کو وسیع معنی میں ....زندگی کا آئینہ دار ہو۔'' (ص۱۶)
* ''اقبال کا یہ دعوی ہے کہ............لطف و مسرت حاصل کرتا رہے گا۔'' (ص۱۸-۱۲)
* ''دوسری جگہ کہتے ہیں:

میری نوا سے گریبان لالہ چاک ہوا
نسیم صبح چمن کی تلاش میں ہے ابھی''

)۲۵(ص

* ''اس طرح احساس و تاثر کی دنیا............کی شکل میں ظاہر کرتا ہے۔'' (ص۲۶)
* ''شاعر کے لیے اس کا شعر حرف تمنا ہے۔تا

فلسفہ و شعر کی حقیقت ہے کیا
حرف تمنا جسے کہہ نہ سکیں روبرو''

(ص۲۶)

* ''پھر کہتا ہے کہ میری آتش نوائی نے مجھے پھونک ڈالا۔تا

ابر رحمت تھا کہ تھی عشق کی تجلی یا رب
جل گئی مزرع ہستی تو اگا دانہ دل''

)۳۰(ص

* ''داخلی جذبہ کے بغیر............جوش بیان پیدا ہو سکتا ہے'' (ص۳۱)
* ''اقبال کی شاعری میں جذبہ و وجدان ....تمدن کا قیام ممکن ہو۔'' (ص۳۱)
* ''جس کے تصور میں بھی اقبال ....جو خیر و شر پر محیط ہے۔'' (ص۳۲)
* ''فن کار کا حسن کا تجربہ............زیادہ اہمیت دیتا ہے۔'' (ص۳۵-۳۸)

* ''میں نے جب تک اس پر............رکاوٹ تھیں دور ہ گئیں۔'' (ص ۴۸-۴۹)
* ''اس میں مجاز اور حقیقت ....سب شامل ہیں۔'' (ص ۵۲-۵۱)
* ''اقبال عقل اور عشق .... بلند تر صورت ہے۔'' (ص) ۵۶
* ''آرزومندی بھی ذہین............زندگی کے شیون ہیں۔'' (ص ۵۸)
* ''انسانی زندگی کو تجزیہ تکمیل ....پتا نہیں چلے گا۔'' (ص ۵۹)
* ''اقبال کے نزدیک انسانی عمل کی سعادت............فن کی عظمت پوشیدہ ہے۔'' (ص ۶۲)
* ''اس میں ڈرامائی عناصر نے انداز بیاں کے لطف کو دوبالا کر دیا۔'' (ص ۶۳)
* ''اقبال انسان کی آزادی کا علمبردار ہے............تا

یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی
ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا''

(ص ۷۵)

* ''تعقل اور جذبہ مل کر............اس کے کلام میں ملتا ہے۔'' (ص ۷۸-۷۷)
* ''عظیم فنکار..................تا

غزل آں گو کہ فطرت ساز خود راپردہ گرداند
چہ آید زاں غزل خوانے کہ بافطرت ہم آہنگ است

(ص ۷۹)

* ''پیام مشرق میں ایک نظم............تا

شوق اگر زندہ جاوید بنا شد عجب است
کہ حدیث تو دریں یک نفس نتواں گفت''

(ص ۸۰-۸۲)

* ''اس نسے نہ ہماری مسرت میں اضافہ ہوتا ہے نہ ہماری بصیرت میں۔'' (ص ۸۳)
* ''ایسد الگتا ہے کہ زندگی............ترقی نہیں دے سکتا۔'' (ص ۸۹-۹۰)
* ''وہ کائنات کی حقیقت ....وجدان سے پرکھتا ہے۔'' (ص ۱۱۳)
* ''ایک اور مسلسل نظم نما غزل............مریضانہ افسردگی کہیں نہیں۔'' (ص ۱۱۸-۱۲۰)
* ''ترکیبوں میں ''سرنہاں خانہ تقدیر'' اور ''لذت تخلیق'' کا اضافہ۔'' (ص ۱۲۷)
* ''عشق کی فریاد کی تاثیر............تا

ایسا جنوں بھی دیکھا ہے میں نے
جس نے سیے ہیں تقدیر کے چاک''

(ص۱۲۸)

* ''یہ خوداری بھی ہے............اقبال کا خیال ہے۔'' (ص ۱۳۰)
* ''خودی فطرت اور ماورائے فطرت............ایک قسم کی بغاوت ہے۔'' (ص۱۳۱-۱۳۹)
* ''خودشناسی کی راہ............تا

نظر بخویش چناں بستہ ام کہ جلوۂ حقیقت
جہاں گرفت و مرا فرقت تماشا نیست''

(ص۱۴۱)

* ''کیونکہ کسی میں بھی............تیار معلوم نہیں ہوتا۔'' (ص ۱۴۲)
* ''عمرانی کلیت عہد برآہ............نہیں ہوسکتی۔'' (ص ۱۴۵)
* ''مقاصد آفرینی کی ہیڈنگ میں خودی کے عنوان کا آخری حصہ درج ہے۔'' (ص۱۴۹-۱۵۰)
* ''اقبال نے حر کی تصوریت............بہت دشوار تھا۔'' (ص ۱۵۴-۱۵۹)
* ''اگر تصوف کے اسرار و رموز............کوئی مصرف نہیں۔'' (ص۱۶۶)
* ''اقبال کا تصوف مروجہ تصوف سے الگ............سراہا ہے۔ تا مولانہ رومی کے اشعار تک۔'' (ص۱۷۰-۱۷۱)
* ''پلاٹینس'' کے ساتھ اضافہ نو افلاطونی فلسفے کے بانی۔'' (ص ۱۷۲)
* ''وہ خدا کی صفت............زندگی کی رونق ہے۔'' (ص۱۸۸)
* ''دوسری جگہ کہتے ہیں............تا

اے قوم بہ حج رفتہ کجائید کجائید
معشوق ہمیں جاست بیائید بیائید''

(ص۱۸۸-۱۸۹)

* ''ان کی شراب بھی مانگے تانگے............روشنی دے سکتا ہے۔'' (ص ۱۹۳)
* ''خود اپنی ذات سے جو............تا

زخاک خویش طلب آتشے کہ پیدا نیست
تجلی دگر یدرخور تقاضا نیست''

(ص ۱۹۳۔ ۱۹۴)

* ''اجتماعی زندگی کو متحرک رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ............تا

سرگزشت او گر از یادش رود
باز اندر نیستی گم می شود''

(ص ۱۹۹)

* ''اقبال کا خیال تھا کہ............تا

سفر زندگی کے لیے برگ و ساز سفر ہے حقیقت، حضر ہے مجاز''

(ص ۲۰۲۔ ۲۰۳)

* ''آنحضرت کی ذات............اعتماد کرنا چاہیے۔'' (ص ۲۱۵۔ ۲۰۷)
* ''زبور عجم میں ایک جگہ کہا ہے کہ............تا

زمین و آسماں را برمراد خویش می خواہد
غبار راہ با تقدیر یزداں داوری کردہ''

(ص ۲۱۵)

* ''دراصل اقبال کا انسان............رونق ہوگی۔'' (ص ۲۱۸۔ ۲۱۷)
* ''اس شعر میں بھی انسان کامل کی طرف اشارہ ہے:

آیہ ء کائنات کا معنی دریاب تو
نکلے تری تلاش میں قافلہ ہائے رنگ و بو''

(ص ۲۱۸)

* ''اقبال کے نزدیک مغربی تہذیب............تا

عقل اندر حکم دل یزدانی است
چوں ز دل آزاد شد، شیطانی است''

(ص ۲۶۳)

* ''اور خاص حالات میں انسانی فطرت کے مطالبوں کو پورا کرتے ہیں۔'' (ص ۲۷۳)
* ''سیاسی زندگی میں انسانی فطرت ------------------ نگہداشت ممکن نہیں تھی۔'' (ص ۲۷۳)
* ''گذشتہ پچیس سالوں میں ---------------- قبل از وقت ہے۔'' (ص ۲۹۵)
* ''یہ تشبیہ ان دریاؤں سے لی گئی ہے جو ریگستان ہی میں بہہ کر ختم ہو جاتے ہیں۔'' (ص ۲۹۶)

* ''موجودہ جمہوریت میں فرد ------------------------دولت موجود ہے۔'' (ص۲۹۷)
* ''اقبال نے دنیاوی سیکولر جمہوریت کے خلاف سخت تنقید کی ہے-----------------تا (ص؟)
* ''اسلام کی ابتدائی تاریخ میں ---------------------------خلل پیدا ہو گیا۔'' (ص؟
* ''اقبال اشتراکیت کے بعض اصول---------------------یہ واضح نہیں ۔'' (ص۳۲۱)
* ''انسانی تاریخ کی بقا............تا............من ہما------لالہ از-----(ص۳۲۹)
* ''دوسری جگہ کہتے ہیں کہ انسان خدا کا راز ہے اور عالم اس کا ظہور ہے۔'' (ص۳۴۲)
* ''فطرت کا عمل انسانوں سے بے پرواہ ہے-------------------تا فارسی کے دو اشعار'' (ص۳۴۶)
* ''یونان کے ---------------------------راستہ صاف کر دیا۔'' (ص۳۷۶)
* ''اقبال کا خیال ہے کہ قرآن-----------------بابا فغانی شیرازی نے بھی اس مضمون کو بڑے لطیف انداز میں بیان کیا ہے۔'' (ص۳۸۸-۳۸۷)
* ''اقبال کے مرشد مولانا روم-----------------------وہ نقد جان کہتے ہیں ۔تا ہم طلب از--------------------------------'' (ص۴۰۸-۴۰۲)
* ''انسان کامل کا تصور ایک ---------------------------جنت بن جائے گی۔'' (ص۴۱۱)
* ''اقبال نے ایک دوسری جگہ ان مطالب کو اس طرح بیان کیا ہے----------------تا فارسی اشعار۔'' (ص۴۴۴-۴۴۲)

*''دوسری جگہ کہا ہے:

ہے ازل کے نسخہ دیرینہ کی تمہید عشق
عقل انسانی ہے فانی زندہ جاوید ہے عشق''

)۴۵۳(ص

* ''قرآن کریم میں ہے کہ جب نفس مطمئنہ جنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسلامی تصوف و احسان کا مقسود و منتہا ہی ہے۔'' (ص ۴۵۷)

* ''عشق اور موت کے مقامات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تا

کھول کے بیاں کروں مقام مرگ و عشق
عشق ہے مرگ باشر،مرگ حیات بے شرف''

(ص ۴۶۱)

* ''اس لیے کہ اس کی حقیقت مادے اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روح سرمدی ہے۔تا

ہے ازل کے نسخہ دیرینہ کی تمہید عشق
عقل انسانی ہے فانی زندہ جاوید ہے عشق''

(ص ۴۶۲)

لفظی تبدیلیاں

روح اقبال صدی ایڈیشن ۱۹۷۶ء

روح اقبال ایڈیشن ۱۹۹۶ء

روح اقبال صدی ایڈیشن ۱۹۷۶ء		روح اقبال ایڈیشن ۱۹۹۶ء	
۱۔ اعلا ادب	ص ۸	ادب عالیہ	ص ۱۰
۲۔ قایم	ص ۱۴	قائم	ص ۱۳
۳۔ اعلا	ص ۱۶	اعلی	ص ۲۱
۴۔ علاحدہ	ص ۱۶	علیحدہ	ص ۱۴
۵۔ تصنع	ص ۲۱	مصنوعی	ص ۲۵
۶۔ واقع	ص ۳۱	واقعہ	ص ۳۶
۷۔ ادنا	ص ۳۱	ادنی	ص ۳۶
۸۔ ذات الوہیت	ص ۱۲۱	ذات باری	ص ۱۳۱
۹۔ پایمال	ص ۱۲۴	پائمال	ص ۱۳۷
۱۰۔ تقوا	ص ۳۳۱	تقوی	ص ۳۳۷

۱۱۔ توجیہہ	ص ۳۵۳	توجہ	ص ۳۵۸
۱۲۔ زکات	ص ۳۱۷	زکوۃ	ص ۳۲۵

ترمیم عبارت

	روح اقبال ۱۹۷۶ء کا صدی ایڈیشن		روح اقبال کا ۱۹۹۶ کا ایڈیشن
۱	اقبال کا آرٹ دلوں کو لبھانے میں پوشیدہ ہے۔ص ۹	۱	اقبال کا آرٹ دلوں کو لبھانے کے طلسم میں پوشیدہ ہے۔ ص ۱۳
۲	اقبال کی زندگی میں ہمیں مشرق و مغرب کے علم و حکمت کا امتزاج ملتا ہے۔ص ۱۰	۲	اقبال کی زندگی میں مشرق و مغرب کے علم کے دھارے آ کر مل گئے۔ص ۱۴
۳	اس کی عالمگیر محبت غیر محدود حسن کی جستجو میں سرگرداں رہتی ہے۔ص ۱۷	۳	اس کی عالمگیر محبت غیر محدود حسن کی جستجو میں اپنے آپ کو ضم کر دیتی ہے۔ص ۲۲
۴	تخیل کی ہر تخلیق کے عناصر احساس و ادراک سے مستعار لیے جاتے ہیں۔ص ۲۳	۴	تخیل کی جس قدر تخلیق ہوتی ہے ان کے عناصر احساس ادراک سے مستعار لیے جاتے ہیں۔ص ۲۷
۵	یہ سب کچھ تخیل کا کرشمہ ہے جو بھولی بسری یادوں کو ہمارے ذہن میں نئے صورت عطا کرتا ہے	۵	یہ سب کچھ تخیل کا کرشمہ ہے جو بھولی بسری یادوں کو ہمارے ذہن میں نئی اہمیت عطا کرتا ہے۔ص ۲۷
۶	اس میں امتزاج وترکیب کی ذہنی صلاحیت بدرجہ اتم ہوتی ہے۔ص ۲۵	۶	اس میں امتزاج و تراکیب کی ذہنی صلاحیت بدرگہ اتم ہونی چاہیے۔ص ۳۵
۷	شاعر اپنے شعر کے ذریعے جذبے کے اظہار کا آرزو مند ہوتا ہے جو شاعر جذبہ و احساس سے محروم ہے اس کی تخلیق لازمی طور پر مصنوعی، بےجان اور غیر حقیقی ہوگی۔ص ۳۱	۷	آرٹسٹ اپنے آرٹ کے ذریعے زندگی کے اظہار کا آرزومند ہوتا ہے جو آرٹسٹ زندگی سے دور ہو اس کی تخلیق لازمی طور پر مصنوعی، بے جان اور غیر حقیقی ہوگی۔ ص ۳۵
۸	اب اگر اسلامی ملک اور دوسری ایشیائی قومیں اپنے علم و عمل کو زندگی کی ترقی کے لیے وقف کر دیں ۔ ص ۲۴۶	۸	اب اگر مسلمان اپنے آپ کا اسلام کا سچا جانشین ثابت کریں۔ص ۲۲۹

۹ اس تخلیقی امتزاج کے باعث انسانی خودی ذات باری سے قرب و اتصال حاصل کرتی ہے۔ص ۵۴ ۹ اس تخلیقی امتزاج کی بدولت انسان اپنی خودی کے ڈانڈے ذات بارتعالی سے ملا دیتا ہے۔ص ۳۶۰ ۳

حذف کلام

۱۔وہ کلام جو''روح اقبال'' کے ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں موجود ہے لیکن ۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن میں حذف کر دیا گیا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱ اس کی زندگی اور اس کے ذہن میں بلا کی وسعت تھی	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۵ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۱۳ پر موجود ہے۔
۲ آرٹ والا حصہ رسالہ اردو۔۔۔۔۔۔رسالہ سیاست میں شائع ہوئے ہیں۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۷ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں دیباچہ میں موجود ہے۔
۳ یہ کام اس وقت ہو سکے گا۔۔۔۔۔۔عرصے تک اپنے آپ کو مصروف رکھیں گے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۰ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۱۴ میں موجود ہے۔
۴ جسے وہ مرد مومن کہتا ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے لائن ۱۴ صفحہ ۱۰ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں لائن ۱۴ صفحہ ۱۴ میں موجود ہے۔
۵ نقل نہیں ہوتی اور نہ ہو سکتی ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۲۳ سے لائن نمبر ۱۱ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۲۷ میں لائن پر موجود ہے۔
۶ مدرکہ (حقیقت مدرکہ سے)	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۴۱ میں لائن ۱۹ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۴۲ میں لائن ۱۶ میں موجود ہے۔
۷ چہ می پرسی میان سینہ دل چست خرد چوں سوز پیدا کرد دل شد دل از ذوق تپش دل بود لیکن چو یک دم از تپش افتاد گل شد	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۶۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۶۷ لائن نمبر ۸ میں موجود ہے۔

۸	جب انقلاب آئین دہر ہے تو ممکن ہے کہ ہماری بھی قسمت جاگے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۰۱ پر لائن ۱۷ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۱۰۹ میں موجود ہے۔
۹	اقبال تشبیہوں کا بادشاہ ہے اور تشبیہ حسن کلام کا زیور ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۰۶ پر پیراگراف دوم کے شروع سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں ۱۱۵ میں موجود ہے۔
۱۰	زور کلا اور اثر آفرینی کا اعلی ترین نمون دیکھنا ہو تو ـــــــــــــــــــــــ بڑا کمال محاکات کا ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۰۸ پیراگراف اول کے شروع سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں ۱۱۷-۱۱۸ میں موجود ہے۔
۱۱	واذ قال ربک للملائکۃ ـــــــ منالکفرین	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۸۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۱۷۸ میں موجود ہے۔
۱۲	بھلا اس طور وہ کیسے عروج و ترقی کا خواب دیکھ سکتے ہیں۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۱۹۳ پر لائن نمبر ۸ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۱۹۲ لائن نمبر ۲ میں موجود ہے۔
۱۳	حافظ کے اس شعر میں بھی ـــــــــ بے پناہ تخلیقی استعداد ہے: گدائے میکدہ ام لیک وقت مستی بیں کہ ناز بر فلک و حکم بر ستارہ کنم	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۲۱۹ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۲۰۸ میں موجود ہے۔
۱۴	ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۲۷۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۲۷۳ میں موجود ہے۔
۱۵	قرآن پاک کی متعدد آیات میں اسلامی نظریہ مملکت ـــــــــــ ان آیات شریفہ سے بخوبی واضح ہو گیا۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۲۷۲ پر لائن ۱۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۲۷۳-۲۷۵ میں موجود ہے۔
۱۶	چناچہ وہ اس کی آمد کی توقع میں چلا اٹھتا ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۴۱۱ پر لائن ۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۴۲۰ میں موجود ہے۔

۱۷	جاوید نامہ میں اقبال نے فلک مشتری پر حلاج کی زبانی یہ کہلوایا۔۔۔۔۔۔۔۔اسی لئے وہ صورت گر تقدیر ہے۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۴۱۱ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۴۲۱ میں موجود ہے۔
۱۸	اگر مرے ہوئے بول سکتے ۔۔۔۔۔۔۔۔ صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع ملتے رہتے ہیں۔	۱۹۷۶ء کے صدی ایڈیشن کے صفحہ ۴۴۲ سے حذف کر دیا گیا جب کہ ۱۹۹۶ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۴۵۹ میں موجود ہے۔

اس تمام موازنہ وتقابلی جائزہ سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ڈاکٹر یوسف حسین خاں نے ہمیں اقبال فہمی کا ایک نیا راستہ دکھایا ہے۔انہوں نے کلام اقبال کی تنقیص کی بجائے تفسیر نہایتسادہ اور سلیس انداز میں کی ہے۔موثر اور دل نشین زبان و بیان میں بہتر سے بہترین توضیح کی کوشش کرتے ہوئے انہوں نے ہر ایڈیشن میں نہایت محنت اور باریک بینی سے نظر ثانی کی۔اور صدی ایڈیشن میں اقبال کی شاعری کی ہمہ جہت تعبیر کے لیے کثرت سے اضافے کیے تا کہ پیغام اقبال کی زیادہ سے زیادہ تشہیر ہو سکے۔ بلاشبہ ''روح اقبال'' اقبال شناسی، میں بہترین معاون ثابت ہوسکتی ہے اور یہ موازنہ وتقابلی جائزہ بھی اقبال کی فکر کے پس پردہ نئے زاویوں کی دریافت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

ب.....ب.....۞

حوالہ جات

۱۔ رضی الدین صدیقی، مقدمہ ''روح اقبال'' ادارہ اشاعت اردو، حیدرآباد دکن، ۱۹۴۲ء ص ۱۳
۲۔ صباح الدین عبدالرحمن ''بزم رفتگاں''مشمولہ: یوسف حسین خاں ادیب و نقاد، ایک جائزہ، از عالیہ خان ، انجمن ترقی اردو آندھرا پردیش ۱۹۹۴ئ ص ۳۵
۳۔ شورش کاشمیری، بزم رفتگاں، مشمولہ: یوسف حسین خاں ادیب و نقاد، ایک جائزہ، از عالیہ خان ، انجمن ترقی اردو آندھرا پردیش ۱۹۹۴ئ ص ۲۵۶
۴۔ آل احمد سرور ''نئے پرانے چراغ'' مکتبہ جامع، دہلی، ۱۹۴۶ئ ص ۲۶۲
۵۔ عبدالحکیم، خلیفہ، ڈاکٹر، فکر اقبال، طبع ہشتم، بزم اقبال، لاہور، نومبر ۲۰۰۵ء ص ۲۷
۶۔ عالیہ خاں ''ڈاکٹر یوسف حسین خاں، ادیب و نقاد، ایک جائزہ، انجمن ترقی اردو، حیدرآباد، دکن، ۱۹۹۴ئ ص ۵۱
۷۔ احتشام حسین، پروفیسر ''روح اقبال ایک تبصرہ'' رسالہ جامعہ ۱۹۴۰ئ، دہلی، ص ۲۱
۸۔ آل احمد سرور ''نئے پرانے چراغ'' مکتبہ جامع، دہلی، ۱۹۴۶، ص ۲۶۲
۹۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' صدی ایڈیشن (ساتواں ایڈیشن) غالب اکیڈمی، نئی دیباچہ صدی ایڈیشن ص ۸
۱۰۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر (دیباچہ) ''روح اقبال'' القمر انٹر پرائزز، لاہور ۱۹۹۶ئ ص ۵

استفادہ کتب

۱۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' طبع دوم، ادارہ اشاعت اردو، حیدرآباد، دکن، ۱۹۴۴ء
۲۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' طبع پنجم، مکتبہ جامعہ، دہلی، ۱۹۶۲ء
۳۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' مطبوعہ پاکستان، آئینہ ادب، لاہور ۱۹۶۹ء
۴۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' القمر انٹر پرائزز، لاہور ۱۹۹۶ء
۵۔ یوسف حسین خاں، ڈاکٹر ''روح اقبال'' صدی ایڈیشن (ساتواں ایڈیشن) غالب اکیڈمی، نئی دہلی، ۱۹۷۶ء

فیض - رنگ وصوت کی پیکر آفرینی

ڈاکٹر طاہر حمید تنولی

فیض کی شخصیت دو روایتوں کا ایسا سنگھم ہے جس نے اردو ادب میں ایک نئے اسلوب کو نمو بخشی۔ یہ دو روایتیں رومانی اور موضوعی بھی ہیں اور کلاسیکی اور جدید بھی۔ فیض نے جب کلاسیکی اور نئی شعری روایات کے اشتراک سے اپنی شعری کائنات تخلیق کی تو ان کے پیش نظر کلاسیکی غزل کی نفی نہ تھی بلکہ اس کے نادر یافت شدہ شعریاتی امکانات کی دریافت اور انہیں روبہ کار لانا تھا۔ تاہم ان نادر یافت شدہ شعریاتی امکانات کی دریافت میں فیض کا اپنا تصور انسان، تصور محبت اور تصور محبوب کارفرما ہے۔ فیض نے 'دست تہ سنگ' کے دیباچے میں لکھا:

''اپنی ذات باقی دنیا سے الگ کر کے سوچنا اول تو ممکن ہی نہیں، اس لیے کہ اس میں بہر حال گردوپیش کے سبھی تجربات شامل ہوتے ہیں اور اگر ایسا ممکن ہو بھی تو انتہائی غیر سود مند فعل ہے کہ ایک انسانی فرد کی ذات اپنی سب محبتوں اور کدورتوں یا مسرتوں اور رنجشوں کے باوجود بہت ہی چھوٹی سی بہت ہی محدود اور حقیر شے ہے۔ اس کی وسعت اور پہنائی کا پیمانہ تو باقی عالم موجودات سے اس کے ذہنی اور جذباتی رشتے ہیں، خاص طور پر انسانی برادری کے مشترکہ دکھ درد کے رشتے۔ چنانچہ غم جاناں اور غم دوراں تو ایک ہی تجربے کے دو پہلو ہیں۔ اس نئے احساس کی ابتدا نقش فریادی کے دوسرے حصے کی پہلی نظم سے ہوتی ہے۔ اس نظم کا عنوان ہے 'مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ' اور اگر آپ خاتون ہیں تو 'مرے محبوب نہ مانگ'۔''[۱]

غزل کے بارے میں فیض کا یہی رویہ تھا کہ جب ان سے کہا گیا کہ آپ نے ملک پر مسلط آمریت کے خلاف کیوں کچھ نہیں لکھا تو فیض نے جواب دیا: آپ نے شاید میری غزل نہیں پڑھی۔

فیض نے اپنے شعریاتی اور موضوعاتی مقاصد کی برآری کے لیے جن حوالوں کو بطور میڈیم استعمال کیا ان میں سرفہرست رنگ وصوت ہیں۔ رنگ وصوت کی صورت گری اور پیکر آفرینی کا جتنا تنوع فیض کے ہاں ملتا ہے وہ شاید کسی دوسرے شاعر کے ہاں نہیں ملے گا۔ محبوب کے ہجر کا مداوا جس وصل سے ممکن ہے اس کی

صورت فیض کے ہاں یہ ہے کہ دل عاشق ہر آواز میں محبوب کی آواز کا کیف اور ہر لالہ وگل میں رخ یار کا رنگ دیکھتا ہے:

تمام شب دلِ وحشی تلاش کرتا ہے
ہر اک صدا میں ترے حرفِ لطف کا آہنگ
ہر ایک صبح ملاتی ہے بار بار نظر
ترے دہن سے ہر اک لالہ و گلاب کا رنگ[۲]

فیض کے ہاں رنگ وصوت کی امیجری روایتی تغزل اور موضوعی سماجیاتی بیان دونوں کے اظہار کا وسیلہ ہے۔'لوح وقلم' میں ہر پابندی کے باوجود اظہار فی الضمیر اور دل کے لہو سے رنگ لب ورخسار صنم کی افزائش کا داعیہ[۳]، 'تمہارے حسن کے نام' میں زندگی کی ہر صبح وشام کا رنگ پیرھن کے بکھرنے سے نکھرنا[۴]، 'دو عشق' میں رنگِ حنا کی کرن اور لیلائے وطن کے حسن کی مماثلت کا تذکرہ[۵] اس کی مثالیں ہیں۔

ادب میں رنگ وصوت معنی کے ابلاغ کا موثر ذریعہ ہیں۔ W. B. Yeats کے مطابق:

All sound , all colours, all forms, either because of their preordained energies or because of long association, evoke indefinable and yet precise emotions, or, as I prefer to think, call down among us certain disembodied powers, whose footsteps over our hearts we call emotion; and when sound, and colour, and form are in a musical relation, a beautiful relation to one another, they become, as it were, one sound, one colour, one form, and evoke an emotion that is made out of their distinct evocations and yet is one emotion.[۶]

فیض جب منٹگمری جیل میں تھے۔ زنداں کی قید تنہائی اور بے بسی میں بھی جو بات انہیں شاد رکھتی ہے وہ صوت ورنگ کا امتزاج اور باہمی آہنگ ہی ہے۔ اس تنہائی میں فیض کا مونس اور احباب سے رابطہ وتعلق کا ذریعہ وہ نسیم صبح وطن ہے جس کا آنا یادوں کے خاموش صدا کا لانا اور اس کا جانا اشکوں کی روشنی کے ساتھ جانا ہے:

ہم اہلِ قفس تنہا بھی نہیں، ہر روز نسیمِ صبحِ وطن
یادوں سے معطر آتی ہے، اشکوں سے منور جاتی ہے[۷]

فیض کے ہاں رنگ وصوت کے تجربے کا ظہور اور اس کی سمت داخل سے خارج کی طرف ہے۔ اس کا سبب سماجی ومعاشرتی حقیقتوں اور ان کے تاثر کا شاعر پر غالب ہونا بھی ہوسکتا ہے اور حسن محسوس سے غیر معمولی تعلق ووابستگی بھی۔ جسے خود فیض نے بھی سہل انگاری سے تعبیر کیا:

فریبِ آرزو کی سہل انگاری نہیں جاتی
ہم اپنے دل کی دھڑکن کو تری آوازِ پا سمجھے[۸]

فیض کی شاعری میں جب صورت کو صورت محسوس ملتی ہے تو وہ اپنی پوری کیفیت کو قاری تک منتقل کرتی ہے:

حسن مرہونِ جوشِ بادۂ ناز
عشق منت کشِ فسونِ نیاز
دل کا ہر تار لرزشِ پیہم
جاں کا ہر رشتہ وقفِ سوز و گداز
میری خاموشیوں میں لرزاں ہے
میرے نالوں کی گم شدہ آواز[۹]

یہاں دل جو عشق و مستی اور کیفیت ہجر و وصال کا محل اور مرکز ہے، اس کی ہر حرکت ایک ایسی لرزش میں بدل جاتی ہے جو شدت ہجر یا انتظار وصل کی صورت ہے۔ لہٰذا یہاں خاموشی بھی خاموشی نہیں رہتی بلکہ اس میں وہ نالے پھر زندہ ہو کر حقیقت محسوس کا روپ دھار لیتے ہیں جو اس سے پہلے بلند ہونے کے بعد گم ہو چکے تھے۔ یہاں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ شاعر کے ہاں یہ سفر غیر محسوس سے محسوس کی طرف ہے۔

''سرود شبانہ'' میں بھی صوت و رنگ کی یہ ہم آہنگی، ہمکاری اور محبوب کے حسن کی عکاسی نمایاں ہے۔ نظم کے پہلے بند میں صوت کی صورت خاموش یعنی خاموشی اور رنگ کا بیان ایک دوسرے کی خصوصیات لیے ہوئے ہے۔ جب محبوب کے سامنے خاموشی سجدہ نیاز میں ہے تو یہاں صوت رنگ میں ڈھل جاتی ہے اور حسن یار جب رنگ و بو کے طوفان کا منظر پیش کرتا ہے تو رنگ صوت میں بدل جاتا ہے:

گم ہے اک کیف میں فضائے حیات
خامشی سجدۂ نیاز میں ہے
حسنِ معصوم خوابِ ناز میں ہے
اے کہ تو رنگ و بو کا طوفاں ہے
اے کہ تو جلوہ گر بہار میں ہے
زندگی تیرے اختیار میں ہے[۱۰]

نظم ''مری جاں اب بھی اپنا حسن واپس پھیر دے مجھ کو'' میں حسن محبوب کے مائل بہ زوال سفر کے اثرات اور طلب وصل کے نئے قرینے کا تذکرہ رنگ وصوت کا آہنگ لیے ہوئے ہے۔ محبوب کے بغیر ہر ساعت بے رنگ ہے مگر محبوب کے انتظار کی کیفیت نے اس کے آنے کے راستے کو زر کا رنگ دے دیا ہے۔ مگر ہجر کی شدت صدائے محبوب میں محو خواب و بے صوت شیرینیوں کو دل کی تنہائیوں سے دور کر دیتی

ہے اور وصال سے یاسیت کی کیفیت صورتِ محبوب کا رنگ صفحہ دل سے یوں مٹا رہی ہے جس طرح بارش سے رنگ دھلتے ہیں سو تمام رنگوں کو محو کرنے والا رنگ یعنی ظلمت کا راج ہونے کو ہے اور شاعر یہ سب کچھ واقع ہونے سے پہلے محبوب کے حسن کے دیدار اور وصل کا طالب ہے:

ہر اک بے رنگ ساعت منتظر ہے تیری آمد کی
نگاہیں بجھ رہی ہیں راستہ زر کار ہے اب بھی
تیری آواز میں سوئی ہوئی شیرینیاں آخر
مرے دل کی فسردہ خلوتوں میں جا نہ پائیں گی
مرے دل کی تہوں سے تیری صورت ڈھل کے بہ
جائے
حریم عشق کی شمع درخشاں بجھ کے رہ جائے
مبادا اجنبی دنیا کی ظلمت گھیر لے تجھ کو!
مری جاں اب بھی اپنا حسن واپس پھیر دے مجھ
کو[۱۱]

نظم ''تہ نجوم'' محبوب کے سراپے کو رنگ وصوت کی تفسیر بیان کر رہی ہے۔ جہاں دامن چاندنی کا ہے جس کے پھیلتے ہی ہجر کی بے قراری بڑھ جاتی ہے۔ جس محبوب کا انتظار ہے اس کی آنکھیں احمریں ہی نہیں عنبریں بھی ہیں جو رخِ سفید پر 'پریشان منظر' ہیں۔ جس کی جوانی کا منظر برگ وگل تر کی تر و تازگی کو نہیں شرماتا ہے جو سراپا 'سیل شمیم' ہے اور رنگ پیراہن 'چاندنی' میں بھی اپنے رنگ کے غلبے کو دکھا رہا ہے اور 'آنچل' جو رنگوں کی ہی اک دنیا ہے اسے نسیم نے حرکت دے رکھی ہے:

تہِ نجوم ، کہیں چاندنی کے دامن میں
